ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
الٰہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 04 ذوالحجہ 1447ھ 21 مئی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 316
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

آئی ایم ایف کا پٹرولیم لیوی 18 فیصد اضافے کیساتھ مجموعی ہدف 1730 ارب روپے کرنے کا مطالبہ

صوبوں سے اضافی 430 ارب روپے ریونیو جمع کرنے کی سفارش

بجٹ مذاکرات کے سلسلے میں موجودہ آئی ایم ایف مشن نے پاکستان میں اپنے قیام کو مزید دو روز کے لیے بڑھا دیا، بیشتر نکات پر اتفاق رائے ہوچکا تاہم چند اہم معاملات پر مزید بات چیت جاری ہے

پٹرولیم لیوی 18 فیصد اضافے سے 100 روپے فی لیٹر تک جاسکتی ہے، آئی ایم ایف کا وفاق کو تقریباً 2 ٹریلین روپے سرپلس فراہم کرنے، الیکٹرک گاڑیوں پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) بجٹ مذاکرات کے سلسلے میں موجودہ آئی ایم ایف مشن نے پاکستان میں اپنے قیام کو مزید دو روز کے لیے بڑھا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اگرچہ بیشتر نکات پر اتفاق رائے ہوچکا ہے تاہم چند اہم معاملات پر مزید بات چیت جاری ہے جس کے باعث مذاکرات کو حتمی شکل دینے میں تاخیر ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال کے لیے پٹرولیم لیوی ہدف میں 18 فیصد اضافے کی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم 23 تا 26 مئی چین کا دورہ کریں گے، اسحاق ڈار

وزیراعظم کے دورے کے دوران 75 سال کی تقریبات منعقد ہوں گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ری پیک فیز ٹو کا آغاز ہوچکا ہے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ ی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کرم، شدت پسند گروہوں میں جھڑپ، کمانڈر سمیت 18 ہلاک

جھڑپ کے دوران دونوں جانب سے بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا

کرم (م ڈ) ضلع کرم کے علاقے وسطی کرم میں شدت پسندوں کے دو گروہوں کے درمیان ہونے والی شدید جھڑپ میں کمانڈر سمیت 18 شدت پسند ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ وسطی...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سلمان راجہ کی چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات

عمران خان کے مقدمات عید کے بعد مقرر کرانے کی یقین دہانی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس یحییٰ آفریدی نے عمران خان اور اہلیہ سے متعلق مقدمات عید کے بعد مقرر کرنے کی یقین دہانی کرا دی۔ بدھ کو سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پرنس رحیم آغا خان پاکستان پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

صدر آصف زرداری سے ملاقات، آصفہ بھٹو اور بلاول بھی شریک

اسلام آباد (م ڈ) اسماعیلی برادری کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کے پاکستان پہنچنے پر صدر مملکت نے نور خان ایئربیس پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا۔ مسلح افواج کی جانب سے ایوان صدر میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اس موقع پر خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

صدر آصف زرداری اور آصفہ بھٹو پرنس رحیم آغا خان کا استقبال کر رہے ہیں

پاکستان کے سمندر میں تیل و گیس کی تلاش دو دہائیوں بعد دوبارہ شروع

انڈس اور مکران آف شور بیسنز میں بلاکس الاٹ، آف شور بڈ راؤنڈ 2025 میں 54 ہزار 600 مربع کلومیٹر رقبے پر محیط 23 بلاکس کی منظوری

فیز ون میں 82 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری، فیز ٹو میں ڈرلنگ تک پیش رفت کی صورت میں مجموعی سرمایہ کاری تقریباً ایک ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان میں سمندر میں تیل و گیس کی تلاش کا عمل تقریباً دو دہائیوں بعد دوبارہ شروع ہوگیا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے سمندر میں تیل و گیس کی تلاش کے لیے آف شور بڈ راؤنڈ 2025 کے تحت پروڈکشن شیئرنگ معاہدے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی سینیٹ، ایران کی ناکہ بندی ختم کرنے کی قرارداد منظور

ناکہ بندی ختم کرنے کی قرارداد 47 کے مقابلے میں 50 ووٹوں سے منظور ہوئی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی سینیٹ نے ایران کی ناکہ بندی ختم اور امریکی فوج کو وہاں سے ہٹانے کی قرارداد 47 کے مقابلے میں 50 ووٹوں سے منظور کرلی۔ میڈیا...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی عبداللہ بادینی کا نیپا کوئٹہ کے 46ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سراوان فورسز کا آپریشن، ایف سی ہیڈ کوارٹر حملے کا مرکزی ماسٹر مائنڈ ہلاک

سیکورٹی فورسز کی جانب سے سراوان کے علاقے ارم کلی میں دہشت گرد کمانڈر بصیر کے نیٹ ورک کا سراغ لگانے پر آپریشن کیا گیا

پشین کے علاقے کلی کربلا میں پولیس اور دہشتگردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ٹی ٹی پی کا دہشتگرد ہلاک، اسلحہ برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے سراوان میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر گزشتہ سال خودکش حملے کے مرکزی ماسٹر مائنڈ کو آپریشن کے دوران ہلاک کردیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز نے سراوان کے علاقے ارم کلی میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کیا جہاں آپریشن کے دوران گزشتہ برس 30 ستمبر کو ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش حملے کے مرکزی ماسٹر مائنڈ کو فورسز نے ہلاک کردیا...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی ثالثی فیصلہ کن مرحلے میں داخل، حتمی نکات کا اعلان جلد متوقع، ڈیل نہ ہوئی تو دوبارہ حملہ ہوگا، امریکی صدر، ایرانی عوام آخری سانس تک لڑیں گے، سپریم لیڈر

محسن نقوی کی نئی تجاویز کیساتھ ایرانی قیادت سے ملاقاتیں

امن کی آخری کوشش ہے

ایران کیلئے آخری موقع ہے معاہدہ کرے اور آبنائے ہرمز کھول دے، ٹرمپ

وزیر داخلہ محسن نقوی اہم مشن پر دوبارہ تہران پہنچ گئے، ایک اور اہم شخصیت کی آج ایران روانگی متوقع، حج کے فوراً بعد اسلام آباد میں ایران امریکہ مذاکرات کا نیا اور فیصلہ کن دور ہوگا، عرب میڈیا

ایران کو اچھے معاہدے کی پیشکش کی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ، دفاعی صلاحیت و طاقت کو مزید مضبوط بنالیا، باقر قالیباف، ایران کے خلاف جنگ شروع ہوئی تو خطے سے باہر تک پھیلے گی، پاسداران انقلاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران اور امریکہ کے درمیان برسوں پرانی کشیدگی کے خاتمے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے پاکستان کی سفارتی کاوشیں...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

تہران، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کر رہے ہیں

این اے 256: ضمنی انتخابات کیلئے تیار ہیں، الیکشن کمیشن

پہلے بھی حکومت کی درخواست پر انتخابات معطل کئے، چیف الیکشن کمشنر

عملہ و ووٹرز کو سیکورٹی فراہم نہیں کی جاسکتی، چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں ہوا۔ اجلاس میں ممبران الیکشن کمیشن...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کا عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کا اعلان

تعطیلات 26، 27 اور 28 مئی تک ہوں گی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت نے عیدالاضحیٰ کی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی، پاک چین تعلقات کے حوالے سے قرارداد منظور

چین سے آئے پارلیمانی وفد کا ایوان میں شاندار استقبال، ڈیسک بجا کر خیر مقدم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی اجلاس میں پاکستان اور چین...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب کا صدر ٹرمپ کے ایران کو مزید وقت دینے کے فیصلے کا خیر مقدم

ریاض (م ڈ) سعودی عرب نے ایران کو مزید وقت دینے کے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ خبر...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کی اجازت سے 26 بحری جہازوں نے آبنائے ہرمز عبور کرلیا

تہران (م ڈ) ایران کی پاسداران انقلاب بحریہ نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 26 بحری...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ، متعدد ریل گاڑیاں بند

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلویز پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کو دیوار سے لگانے کے سنگین نتائج ہونگے، سہیل آفریدی

ایک صوبے کے وزیراعلیٰ کو روکنے کے لیے پولیس نے بندوقوں میں کارتوس ڈالے

بانی اور بشریٰ بی بی کے ساتھ ملاقات کی فوری اجازت دی جائے، وزیراعلیٰ کے پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ ایک صوبے کو دیوار سے لگانے کے سنگین نتائج برآمد ہونگے۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے ساتھ ان کے اہل خانہ اور وکلا سمیت پارٹی رہنماؤں کو ملاقات کی اجازت دینے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

خطے میں لڑائی کو فوری طور پر روکنا ناگزیر ہوچکا، چینی صدر

دنیا جنگل کے قانون کی طرف واپس جانے کے خطرے سے دوچار ہے، ولادیمیر پیوٹن

بیجنگ (م ڈ) چینی صدر شی جن پنگ نے کہا کہ دنیا جنگل کے قانون کی طرف واپس جانے کے خطرے سے دوچار ہے، مشرق وسطیٰ میں مزید کشیدگی غیر...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ایم کیو ایم وفاقی حکومت کی اہم اتحادی جماعت ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم وفاقی حکومت کی اہم اتحادی جماعت ہے جس نے حکومت کا عوامی فلاح کے حوالے سے ہر اقدام میں ساتھ دیا اور حکام کو...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، فہرست جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی سے (آج) جمعرات کو ملاقات کا دن ہے، فہرست جیل حکام کے حوالے کی گئی۔ پاکستان تحریک انصاف کے فہرست میں...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان سے جوہری دہشت گردی کا خطرہ ہے، اقوام متحدہ کا انتباہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ نے افغانستان سے جوہری دہشت گردی کے سنگین اور ممکنہ خطرے سے دنیا کو خبردار کردیا۔ اقوام متحدہ کے انسداد دہشت...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کو انصاف دیئے بغیر اسمبلی چلنے نہیں دینگے، محمود اچکزئی

بانی پی ٹی آئی بیمار ہیں، انکی مرضی کے ہسپتال انہیں لے جایا جائے

بائیکاٹ کے باوجود چینی وفد کو خوش آمدید کہنے کے لیے آئے، خطاب

کوئٹہ + اسلام آباد (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے قومی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بانی سے ملاقاتیں شروع ہونگی تو راستے بند نہیں ہونگے، بیرسٹر گوہر

ایس او پیز کے مطابق میں درخواست کرتا ہوں کہ ملاقاتیں ہونے دیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب: ٹریکٹر کھائی میں گرنے سے 2 خواتین، 3 بچے جاں بحق

دو خواتین اور 1 بچے سمیت 4 افراد زخمی، ہسپتال منتقل کردیا گیا، حکام

ژوب (آن لائن) کاکڑ خراسان میں ٹریکٹر الٹنے سے 2 خواتین...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سے اندرون ملک ٹرین سروس بحال کردی گئی

دو روز معطلی کے بعد جعفر ایکسپریس کوئٹہ سے پشاور کیلئے روانہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان سے اندرون ملک کیلئے ٹرین...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر



آصف علی زرداری

صدر
اسلامی جمہوریہ پاکستان

پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے تاریخی موقع پر میں چین کی قیادت اور عوام بالخصوص صدر شی جن پنگ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

گزشتہ 75 برسوں کے دوران پاک چین تعلقات پائیدار دوستی، باہمی اعتماد، اسٹریٹجک تعاون اور ایک دوسرے کے بنیادی مفادات کے لیے غیر متزلزل حمایت کی ایک شاندار مثال کے طور پر ابھرے ہیں۔ بدلتے ہوئے علاقائی اور بین الاقوامی حالات کے باوجود دونوں ممالک نے ہمیشہ یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔

پاک چین اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری مسلسل مستحکم ہو رہی ہے جو خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے ایک سنگ میل ہے۔ پاکستان کے عوام کو اس مثالی دوستی پر بے حد فخر ہے، جس کی آبیاری میں دونوں ممالک کی قیادت اور عوام نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

صدر شی جن پنگ کی بصیرت انگیز قیادت میں چین نے جدید کاری، جدت طرازی، غربت کے خاتمے اور قومی احیاء میں غیر معمولی ترقی حاصل کی ہے۔ پاکستان چین کے دور رس عالمی اقدامات بشمول گلوبل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو، گلوبل سیکیورٹی انیشی ایٹو، گلوبل سولائزیشن انیشی ایٹو اور گلوبل گورننس انیشی ایٹو کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ یہ اقدامات امن کے فروغ، پائیدار ترقی، تہذیبوں کے درمیان باہمی احترام اور ایک منصفانہ اور ہم آہنگ بین الاقوامی نظام کی تشکیل میں چین کے تعمیری کردار کے عکاس ہیں۔ یہ اہم اقدامات علاقائی ہم آہنگی، مشترکہ خوشحالی اور کثیر الجہتی تعاون کے لیے پاکستان کی امنگوں کے عین مطابق ہیں۔

پاکستان باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور مشترکہ مستقبل کی تعمیر کے مشترکہ وژن کو آگے بڑھانے کے لیے صدر شی جن پنگ کی گہری وابستگی کو خاص اہمیت دیتا ہے۔ پاکستان اپنی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے چین کی غیر متزلزل حمایت کی تہہ دل سے قدر کرتا ہے۔ پاکستان ون چائنا اصول پر مضبوطی سے کاربند ہے اور چین کے بنیادی مفادات سے متعلق تمام امور پر اس کی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستان گلوبل ساؤتھ کے لیے چین کی بصیرت اور قیادت بالخصوص مغربی ایشیا میں موجودہ تنازعات کو ختم کرنے میں اس کے مثبت کردار کو سراہتا ہے۔

میں چین کی جانب سے اپنے حالیہ دوروں کے دوران دی جانے والی پرجوش اور پروقار مہمان نوازی کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ چینی قیادت کی جانب سے خلوص، گرمجوشی اور فراخدلی ہمارے "آہنی بھائی چارے" کی منفرد پہچان ہے جس نے وفد کے تمام اراکین پر دیرپا اثرات مرتب کیے ہیں۔ ان دوروں نے سی پیک کے دوسرے مرحلے کے تحت ترقی کے عمل کو تیز کرنے، اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کو وسعت دینے اور ٹیکنالوجی، زراعت، ماحول دوست توانائی (گرین انرجی)، جدت طرازی، سیاحت اور عوامی سطح پر روابط جیسے ابھرتے ہوئے شعبوں میں تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کے ہمارے مشترکہ عزم کو مزید تقویت دی ہے۔

دونوں ممالک کے اس تاریخی سنگ میل کو مناتے ہوئے، ہم پاک چین دوستی کو مزید بلندیوں تک لے جانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، بالخصوص چین پاکستان اقتصادی راہداری کے اگلے مرحلے کے ذریعے۔

مجھے یقین ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی آنے والے برسوں میں مزید پروان چڑھے گی اور نئی بلندیوں کو چھوئے گی۔ میں چین کے دوست عوام کی مسلسل ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لیے بھی دعا گو ہوں۔



محمد شہباز شریف

وزیراعظم
اسلامی جمہوریہ پاکستان

آج ہم پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔
حکومت پاکستان اور اپنی جانب سے میں پاکستان اور چین کے عوام کو اس تاریخی موقع پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اس تاریخی سنگ میل کو شایان شان انداز میں منانا ہمارے عوام بالخصوص نوجوان نسل کے لیے پاکستان اور چین کے تعلقات کی گہرائی، وسعت، مضبوطی اور مستقبل پر مبنی نوعیت کو بہتر انداز میں سمجھانے کی کاوش ہے۔

پاکستان کے عوام، چین کے عوام کے لیے حقیقی طور پر بے حد عزت و احترام اور دلی محبت کا جذبہ رکھتے ہیں۔ 21 مئی 1951 کو سفارتی تعلقات کے شروعات کے بعد سے پاکستان اور چین کی مثالی دوستی مسلسل ترقی کرتے ہوئے ایک مضبوط "ہر موسم کی تزویراتی شراکت داری" میں تبدیل ہو چکی ہے۔ باہمی اعتماد، خود مختار برابری اور امن و ترقی کی مشترکہ خواہشات پر مبنی ہمارے دو طرفہ تعلقات بدلتے ہوئے علاقائی اور عالمی حالات کے باوجود، مسلسل مضبوط، موثر اور تزویراتی اہمیت کے حامل ہوتے گئے ہیں۔

پاکستان، چین کے صدر عزت مآب شی جن پنگ کی مدبرانہ قیادت کو بے حد قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور چین کی معاشی ترقی، تکنیکی جدت، غربت کے خاتمے اور عالمی روابط کے فروغ میں شاندار کامیابیوں کو سراہتا ہے۔ صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت میں چین نے جدیدیت، اختراع، غربت کے خاتمے اور قومی احیاء کے میدان میں غیر معمولی ترقی حاصل کی ہے۔ چین کی ترقی اور تبدیلی ترقی پذیر ممالک کے لیے باعث تحریک اور قابل تقلید ہے اور عالمی امن و خوشحالی میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔

چین کی اعلیٰ قیادت کا پاکستان اور چین کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور "نئے دور میں مشترکہ مستقبل کی پاک-چین برادری" کے وژن کو آگے بڑھانے کا عزم نہایت قابل تحسین ہے۔ پاکستان مختلف شعبہ جات میں چین کے تعاون کو بے حد قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

پاکستان "ایک چین" کے اصول پر اپنے غیر متزلزل سفارتی موقف کا اعادہ کرتا ہے اور چین کے بنیادی قومی مفادات سے متعلق امور پر بھی اپنی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔

پاکستان کی سماجی، معاشی ترقی اور قومی ترجیحات میں چین کی مضبوط معاونت نے غیر معمولی کردار ادا کیا ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری، بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا ایک نمایاں منصوبہ ہے، نے پاکستان میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی، توانائی کے تحفظ، صنعتی تعاون اور علاقائی روابط کے فروغ میں بے پناہ کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان، سی پیک کے اگلے مرحلے میں اعلیٰ معیار کی ترقی کے لیے پرعزم ہے، جس میں صنعت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سائنس و ٹیکنالوجی، ماحول دوست ترقی اور عوامی فلاح پر مبنی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔

یہ امر حوصلہ افزا ہے کہ پاکستان اور چین کے مابین تعاون اب ڈیجیٹل معیشت، جدت، خلائی معاونت، تعلیم اور ثقافتی تبادلوں جیسے نئے شعبوں تک وسعت اختیار کر رہا ہے۔ شاہراہ قراقرم سے لے کر خلائی تعاون تک پاک چین دوستی اس بات کی روشن مثال ہے کہ پائیدار تزویراتی اعتماد کو کس طرح عملی ترقی اور مشترکہ خوشحالی میں بدلا جا سکتا ہے۔

پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ محض ماضی کو یاد کرنے کا موقع نہیں بلکہ مستقبل کی سمت متعین کرنے کا عزم بھی ہے۔ بڑھتی ہوئی عالمی غیر یقینی صورتحال اور تغیر پذیر دنیا میں پاکستان اور چین کثیر الجہتی تعاون، پرامن بقائے باہمی اور جامع ترقی کے اصولوں پر کاربند ہیں۔ ہماری "ہر موسم کی تزویراتی شراکت داری" علاقائی استحکام اور عالمی تعاون کے لیے ایک مثبت قوت کے طور پر کردار ادا کرتی رہے گی۔

اللہ کرے کہ پاکستان اور چین کی لازوال دوستی ہر آنے والی نسل کے ساتھ مزید مضبوط ہوتی چلی جائے!
پاک چین دوستی زندہ باد!



سینیٹر محمد اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ
اسلامی جمہوریہ پاکستان

اسلامی جمہوریہ پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے پرمسرت موقع پر میں پاکستان اور چین کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

75 برس قبل ہماری دونوں اقوام نے باہمی احترام اور مشترکہ امنگوں پر مبنی ایک سفر کا آغاز کیا تھا۔ آج یہ سفر ایک منفرد "ہر موسم کی تزویراتی شراکت داری" میں تبدیل ہو چکا ہے۔

ہمارے تعلقات کا یہ رشتہ بین الاقوامی سفارت کاری میں ایک شاندار مثال ہے، جو وقتی مفادات پر نہیں بلکہ آہنی اعتماد اور برادرانہ رشتے پر قائم ہے۔ اس اہم سنگ میل پر، ہم اس تاریخ کا جشن منا رہے ہیں جس میں پاکستان اور چین نے ہر مشکل گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا اور ایک دوسرے کے بنیادی مفادات کے تحفظ کے لیے غیر متزلزل یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔

میں پاکستان اور چین کی قیادت کی بصیرت افروز رہنمائی کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں، جنہوں نے پاک-چین دوستی کے مضبوط بندھن کو مزید مستحکم کیا۔

دو طرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے اور اسٹریٹجک رابطوں کو فروغ دینے میں قیادت کی انتھک کوششیں بے حد قابل قدر رہی ہیں۔ گزشتہ 75 برسوں میں پاکستان-چین "ہر موسم کی تزویراتی شراکت داری" وقت کی ہر آزمائش کو کامیابی سے عبور کر کے اور مختلف شعبوں میں مزید مضبوط ہوئی ہے۔

پاکستان اور چین کے تعلقات دونوں ممالک کے عوام کے دلوں میں گہرائی سے رچے بسے ہیں۔ ہماری قیادت، تاجر برادری، کاروباری شخصیات، ماہرین تعلیم، پیشہ ور افراد اور طلبہ نے گزشتہ 75 برسوں کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ رشتہ نسلوں اور حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود مسلسل مضبوط رہا ہے۔ اس تاریخی موقع پر میں ان چینی کمپنیوں، انجینئرز، کارکنوں اور ماہرین کی گراں قدر خدمات کا اعتراف کرنا چاہتا ہوں جو پاکستان میں لگن اور محنت سے کام کر رہے ہیں۔ ہم پاکستان کی ترقی، خصوصاً سی پیک کے تحت ان کی انتھک خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

چین-پاکستان اقتصادی راہداری، ہماری اقتصادی شراکت داری کا نمایاں منصوبہ اور بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا ایک اہم ستون ہے۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران اس نے پاکستان کے انفراسٹرکچر اور توانائی کے شعبے میں نمایاں تبدیلیاں پیدا کی ہیں۔ مستقبل کی جانب بڑھتے ہوئے مجھے سی پیک کے دوسرے مرحلے پر ہماری مشترکہ توجہ پر خصوصی اطمینان ہے، جس میں صنعت کاری، زرعی جدید کاری اور سماجی و اقتصادی ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ یہ اقدامات عوام کی زندگیوں میں بہتری اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔

ایک ایسے وقت میں جب دنیا پیچیدہ جغرافیائی سیاسی چیلنجز سے دوچار ہے، پاکستان اور چین کے درمیان اسٹریٹجک ہم آہنگی خطے میں استحکام کا باعث بن رہی ہے۔ کثیر الجہتی فورمز پر ہمارا تعاون انصاف، مساوات، کثیر الجہتی نظام، خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام کے مشترکہ عزم پر مبنی ہے، جو ہمارے دو طرفہ تعلقات کا بنیادی ستون ہے۔ ہم مل کر انسانیت کے مشترکہ مستقبل کے وژن کے فروغ کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پاکستان اور چین کی پائیدار دوستی ماضی کی طرح آئندہ بھی خطے اور دنیا میں امن، استحکام اور خوشحالی کی ضامن رہے گی۔

مستقبل کی جانب دیکھتے ہوئے مجھے مکمل یقین ہے کہ پاکستان-چین کا "آہنی بھائی چارہ" مزید مضبوط ہو گا۔

آیئے ہم مل کر اس برادرانہ دوستی کو آگے بڑھائیں اور ایک پرامن، ترقی یافتہ اور خوشحال دنیا کے لیے پاکستان اور چین کے تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں۔

پاکستان زندہ باد! چین زندہ باد!
پاک-چین دوستی پائندہ باد!

پروفیسر احسن اقبال

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات
اسلامی جمہوریہ پاکستان

پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر میں نہایت مسرت، فخر اور قلبی جذبات کے ساتھ پرتپاک مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ وہ لازوال دوستی ہے جو سفارتی مراسم کی رسمی حدود سے بلند ہو کر ایک ایسی آہنی اخوت میں ڈھل چکی ہے جس کی بنیاد مشترکہ مقاصد اور باہمی اعتماد پر استوار ہے اور جو ہر گزرتی دہائی کے ساتھ مزید مستحکم اور تابندہ ہوتی گئی ہے۔

مجھے اس تاریخی شراکت داری کے سب سے انقلابی اور فیصلہ کن مرحلے میں، بطور منسٹر انچارج برائے چین پاکستان اقتصادی راہداری اور سی پیک 2.0 کی مسلسل پیش رفت کے معمار کے طور پر، مرکزی کردار ادا کرنے کا منفرد اعزاز حاصل رہا ہے۔

جو تصور کبھی خواب سمجھا جاتا تھا وہ آج پاکستان کی سرزمین پر ایک روشن حقیقت کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ لاکھوں گھروں اور صنعتی مراکز کو توانائی کی فراہمی ممکن ہوئی، جدید شاہراہوں اور مواصلاتی نیٹ ورکس نے ان خطوں کو ایک دوسرے سے منسلک کر دیا جنہیں جغرافیائی فاصلے طویل عرصے تک جدا رکھے ہوئے تھے، جبکہ گوادر ایک ایسے اہم بحری و تجارتی مرکز کے طور پر ابھرا ہے جس کی تزویراتی اہمیت اب صرف پاکستان تک محدود نہیں رہی بلکہ عالمی سطح پر تسلیم کی جا رہی ہے۔

یہ کامیابیاں محض نقشوں پر ثبت سنگ میل نہیں بلکہ اس حقیقت کا عملی اظہار ہیں کہ جب دو اقوام کے تعلقات اخلاص، حقیقی باہمی احترام اور ایک دوسرے کی صلاحیتوں پر غیر متزلزل یقین پر استوار ہوں تو وہ تاریخ کا دھارا بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

آج جب ہم مستقبل کی جانب مشترکہ سفر کو مزید وسعت دے رہے ہیں تو سی پیک 2.0 اور پاکستان کے قومی ترقیاتی وژن "اڑان پاکستان" کا امتزاج دونوں ممالک کے درمیان ایک نئی، گہری اور بامقصد ہم آہنگی کی علامت بن چکا ہے۔

اڑان پاکستان" کے پانچ ستون: برآمدات، ای پاکستان، ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی، توانائی و انفراسٹرکچر، اور "مساوات، اخلاقیات و بااختیاریت"، سی پیک 2.0 کی پانچ راہداریوں یعنی ترقی، روزگار، جدت، سبز ترقی اور کشادہ دلی کے ساتھ فطری مطابقت رکھتے ہیں۔ یہ محض دو متوازی فریم ورک نہیں بلکہ ایک ہی وژن کے دو مربوط رخ ہیں؛ ایسا وژن جو اس یقین پر قائم ہے کہ پائیدار خوشحالی ہمیشہ عوام کو مرکزیت دے کر حاصل کی جاتی ہے، اور کوئی بھی قوم اس وقت زیادہ مضبوط اور مستحکم بنتی ہے جب وہ ایک مخلص، قابل اعتماد اور دیرپا شراکت دار کے ساتھ مل کر آگے بڑھے۔

گزشتہ 75 برس پر محیط یہ مشترکہ سفر بلاشبہ تاریخ کی ایک درخشاں داستان ہے، تاہم اس دوستی کی اصل عظمت اس بات میں مضمر ہے کہ ہم مستقبل کی جانب کتنے عزم، اعتماد اور بلند حوصلے کے ساتھ پیش قدمی کا ارادہ رکھتے ہیں۔ بنیادیں مضبوط ہیں، وژن مشترک ہے، جبکہ تجارت، ٹیکنالوجی، علم، سبز ترقی اور عوامی روابط کے میدانوں میں مستقبل کے امکانات ان تمام کامیابیوں سے کہیں زیادہ وسیع اور روشن ہیں جو ہم اب تک باہم حاصل کر چکے ہیں۔

یہ سالگرہ محض ایک یادگار موقع نہیں بلکہ ہمارے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، تعاون کے نئے افق تلاش کرنے اور اسی عزم و یقین کے ساتھ آگے بڑھنے کے عہد نو کی علامت ہے جس نے ہمیں یہاں تک پہنچایا، کیونکہ اس لازوال دوستی کے سب سے روشن اور فیصلہ کن ابواب ابھی تحریر ہونا باقی ہیں۔



阿西夫·阿里·扎尔达里

巴基斯坦伊斯兰共和国总统

值此巴基斯坦与中华人民共和国建交75周年的历史性时刻，我谨代表巴基斯坦政府和人民，向中国领导人和中国人民，特别是向习近平主席，致以最热烈的祝贺。

七十五年来，巴中关系历久弥坚，堪称持久友谊、互信、战略合作以及坚定支持彼此核心利益的杰出典范。在不断演变的地区和国际形势中，我们两国始终团结一致，并肩前行。

巴中全天候战略合作伙伴关系持续发展壮大，已成为维护地区和平、稳定与发展的基石。巴基斯坦人民对这段由我们两国历代领导人和人民共同培育、巩固的典范友谊深感自豪。

在习近平主席的远见卓识领导下，中国在现代化、科技创新、脱贫攻坚和民族复兴等方面取得了非凡成就。巴基斯坦高度赞赏中国提出的全球发展倡议、全球安全倡议、全球文明倡议及全球治理倡议等一系列具有深远影响的全球性倡议。这些倡议体现了中国为促进和平、可持续发展、文明间相互尊重以及构建更加合作、更加和谐的国际环境所作出的建设性、前瞻性贡献。这些重要倡议与巴基斯坦自身对地区和谐、共享繁荣和多边合作的愿望高度契合。

巴基斯坦高度重视习近平主席对加强巴中关系、推动构建新时代更加紧密的巴中命运共同体所展现的深厚个人承诺和远见。巴基斯坦衷心感谢中国对巴基斯坦主权、领土完整及社会经济发展的坚定支持。巴基斯坦始终坚定奉行一个中国原则，并将继续在涉及中国核心利益的问题上支持中国。巴基斯坦高度赞赏中华人民共和国为全球南方所提供的远见与领导，特别是在推动当前西亚冲突政治解决方面所发挥的积极作用。

我谨对近期访华期间，中方给予我和我的代表团热情、友好且隆重的接待表示深切感谢。中国领导人所展现的真诚、热情与慷慨，充分体现了我们两国"铁杆兄弟"关系的独特内涵，给代表团全体成员留下了深刻印象。这些访问进一步强化了我们共同推动中巴经济走廊第二阶段高质量发展、扩大经济与投资合作，以及在科技、农业、绿色能源、创新、旅游和人文交流等新兴领域探索富有前景的合作新路径的坚定决心。

在我们两国共同纪念这一历史性里程碑之际，我们重申将致力于进一步提升巴中友谊，特别是通过中巴经济走廊的下一阶段建设。

我相信，巴中友谊将在未来岁月中继续蓬勃发展，达到新的更高水平。

我同时向友好的中国人民致以最良好的祝愿，祝愿他们不断进步、繁荣幸福。

穆罕默德·夏巴兹·谢里夫

巴基斯坦伊斯兰共和国总理

今天，我们共同庆祝巴 基斯坦与中国建立外交关 系75周年。

值此巴中建交75周年的历史性时刻，我谨代表巴基斯坦政府并以我个人的名义，向巴基斯坦和中国人民致以最诚挚的祝贺。

当我们以恰当的方式纪念这一历史性里程碑时，这将使我们的人民，特别是年轻一代，能够更深刻地理解巴中关系的深度、广度、活力及其面向未来的鲜明特质。

巴基斯坦人民对中国人民怀有最崇高的敬意和最深厚的情谊。自1951年5月21日两国建立外交关系以来，巴中友谊已稳步发展为全天候战略合作伙伴关系。建立在互信、主权平等以及对和平与发展的共同愿望基础之上，我们的双边关系在不断变化的地区和全球形势下，持续增强其力量、内涵与战略意义。

巴基斯坦高度珍视习近平主席富有远见的领导，并赞赏中国在经济发展、科技进步、脱贫攻坚和全球互联互通方面取得的卓越成就。在习近平主席的远见卓识领导下，中国在现代化、创新、脱贫攻坚决战决胜以及民族复兴等方面取得了举世瞩目的进展。中国的进步与转型持续激励着发展中世界，并为全球和平与繁荣作出了重要贡献。

中国领导人致力于加强巴中关系、推动构建更加紧密的新时代巴中命运共同体这一共同愿景，其坚定承诺令人倍感钦佩。

巴基斯坦高度赞赏中国在多个领域与巴基斯坦开展的广泛合作。巴基斯坦始终坚定奉行一个中国原则，并将继续在涉及中国核心利益的问题上支持中国。

中国对巴基斯坦社会经济发展和国家优先事项的有力支持发挥了非凡作用。中巴经济走廊作为"一带一路"倡议的旗舰项目，为巴基斯坦的基础设施建设、能源安全、产业合作和区域互联互通作出了巨大贡献。随着中巴经济走廊进入下一阶段，巴基斯坦依然坚定致力于其高质量发展，更加注重工业化、农业、信息技术、科技、绿色发展以及以人民为中心的深化合作。

令人鼓舞的是，巴中合作正不断拓展至数字经济、创新、航天合作、教育和文化交流等新的前沿领域。从喀喇昆仑公路建设到航天领域合作，巴中友谊持续证明：持久的战略互信如何能够转化为两国人民实实在在的进步与共享的繁荣。

巴中建交75周年，不仅是缅怀过去，更是塑造未来。在全球局势日益不确定和深刻变革的时代，巴基斯坦和中国依然坚定致力于多边主义、和平共处和包容性发展。我们的全天候战略合作伙伴关系持续成为维护地区稳定和促进国际合作的积极力量。

愿巴中之间的持久友谊世代相传，愈发深厚！
巴中友谊万岁！

穆罕默德·伊沙克·达尔

巴基斯坦伊斯兰共和国副总理兼外交部长

值此巴基斯坦伊斯兰共和国与中华人民共和国建交75周年的喜庆时刻，我谨向巴基斯坦和中国人民致以最诚挚的祝贺。

七十五年前，我们两国开启了一段根植于相互尊重与共同愿望的征程。今天，这段征程已发展成为一种独一无二的全天候战略合作伙伴关系。我们的双边关系堪称国际外交史上的独特典范——其特质并非基于功利化的利益算计，而是建立在牢不可破的信任与兄弟情谊之上。

在回顾这一里程碑之际，我们共同庆祝这段历史：巴基斯坦与中国始终在种种挑战中并肩同行，以坚定不移的团结相互捍卫彼此的核心利益。

我同时要对巴基斯坦和中国两国富有远见的领导人在巩固巴中友谊强大纽带方面所作出的努力，表示深切的个人赞赏。

两国领导人在引领双边关系、加强战略沟通方面所作出的不懈努力，弥足珍贵。过去七十五年来，巴中全天候战略合作伙伴关系历经时间考验，在多领域持续发展壮大。

巴中关系深深植根于两国人民的心中。我们的领导人、商界人士、企业家、专业人士以及学生，都在过去七十五年间为巩固两国关系发挥了重要作用，成为连接彼此的桥梁。这种关系跨越世代与政府更迭，始终保持延续性。

在此历史性时刻，我要感谢那些在巴基斯坦辛勤工作的中国企业、工程师、工人及专业人士所作出的宝贵贡献。我们肯定并赞赏他们为巴基斯坦发展，特别是在中巴经济走廊框架下所倾注的奉献与努力。中巴经济走廊始终是我们经济合作的旗舰项目，也是"一带一路"倡议的重要基石。过去十余年间，它已深刻改变了巴基斯坦的基础设施和能源格局。展望未来，尤其令我鼓舞的是，我们共同聚焦于中巴经济走廊第二阶段建设，该阶段以工业化、农业现代化和社会经济发展为重点，这将持续改善我们人民的生活水平，并培育一个共享繁荣的未来。

在当今世界面临复杂地缘政治挑战的背景下，巴基斯坦与中国之间的战略契合提供了亟需的稳定性。我们在多边论坛中的协作，植根于对公正、公平、多边主义以及尊重主权与领土完整的共同承诺，始终是我们双边关系的基石。我们两国继续共同倡导并推动构建人类命运共同体的伟大愿景。巴中之间的持久友谊，始终是并将继续成为维护地区乃至世界和平、稳定与繁荣的压舱石。

展望未来，我坚信巴中"铁杆兄弟情谊"将不断巩固壮大。

让我们继续携手努力，传承并发扬这份兄弟般的友谊，为建设一个和平、进步、繁荣的世界，锻造更加紧密的巴中关系。

巴基斯坦万岁！中国万岁！
巴中友谊万岁！

阿赫桑·伊克巴尔

巴基斯坦伊斯兰共和国联邦规划、发展与特别倡议部长

值此巴基斯坦与中国建交75周年之际，我怀着无比自豪的心情，致以最热烈的祝贺。巴中友谊早已超越国家间交往的礼节形式，升华为一种更为珍贵、更为持久的关系——这就是"铁杆兄弟情谊"。它建立在共同目标之上，并随着每一个十年的发展而日益巩固。我曾有幸作为中巴经济走廊的主管部长，并成为推动其持续发展为"中巴经济走廊2.0"的中坚力量，站在这一伙伴关系最具变革意义的篇章的中心。曾经宏伟的愿景，如今已在我国成为鲜活的现实：

数百万家庭和工业恢复了电力供应，现代化的公路网络将长期被地理隔绝的地区连接起来，瓜达尔正崛起为一个其战略意义早已超越我们海岸线的海事枢纽。这些成就不仅仅是地图上的里程碑。它们生动地诠释了：当两个国家的友谊植根于信任、真正的互利互惠以及对彼此潜力坚定不移的信念时，能够取得怎样的成就。

在我们携手前行的过程中，中巴经济走廊2.0与巴基斯坦国家发展愿景"巴基斯坦崛起"的相互契合，标志着我们两国之间更加深入、更具目标性的协同。 "巴基斯坦崛起"的五大支柱（出口、数字、环境、能源和公平赋权），与中巴经济走廊2.0的五大走廊（增长走廊、民生走廊、创新走廊、绿色走廊和开放走廊）形成天然契合。这并非两套并行不悖的框架。它们是同一信念的两种表达：持久的繁荣必须以人民为中心，任何国家只有在与真正、坚定的伙伴携手并肩时，才能建设得更好。

七十五年，是一起走过的非凡历程。然而，衡量这段友谊的真正标准，不在于我们已经走了多远，而在于我们以多么坚定和雄心壮志的姿态，选择继续向前迈进。我们的基础坚实，愿景共通，未来在贸易、科技、知识、绿色发展以及人文交流等方面的广阔可能性，远远超过我们迄今为止共同尝试过的任何事情。这个周年纪念日并非驻足歇脚的终点。它是一声新的号角，号召我们深化彼此纽带、拓展合作领域，并怀着引领我们走到今天的同样信念，继续建设下去——因为这段友谊最富意义的篇章，仍在等待我们去书写。

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

PAKISTAN RAILWAYS
DIVISIONAL OFFICE, QUETTA
SEALED BID AUCTION OF NEW AND ALREADY CONSTRUCTED SHOPS, CAR PARKING, MARQUEE, AGRICULTURAL LAND, FIBER STALL, NURSARY, WEIGH BRIDGE, CATTLE FARM, GODOWN, MODEL BAZAR OVER QUETTA DIVISION.

Pakistan Railways intends to hold sealed bid auction of subject sites over Quetta Division.

S. No.	Date of auction	Description	Location	Period	Participation fee (non refundable)	Bid Security money (adjustable)	Venue of auction
1.	12.6.2026	Shops	Kuchlak, Bostan, Mach, Sibi, Hurnai, Nokundi, Dalbandin	5+5 Years	Rs.10000/- Rs. 5000/-	Rs.150000/- Rs. 70000/-	DS Office, Quetta AEN Office, Mach, Sibi, Dalbandin
2.	12.06.2026	Model Bazar	Kuchlak	1 year	Rs. 10000/-	Rs. 300000/-	DS Office, Quetta
3.	12.6.2026	Car parking	Quetta, Chaman, Mach, Taftan.	1 Year	-	Rs.100000/-	DS Office, Quetta
4.	13.6.2026	Agricultural Land	Killa Saifullah, Bostan, Gulistan, Mach, Sibi.	05 Years	Rs. 5000/-	Rs. 50000/-	DS Office, Quetta AEN Office, Mach, Sibi
5.	13.6.2026	Marquee	Sibi, Kuchlak.	5+5 Years	Rs. 20000/-	Rs. 300000/-	AEN Office, Sibi
6.	16.6.2026	Godown	Mach, Sibi, Dalbandin, Chaman	5+5 Years	Rs. 20000/-	Rs. 500000/-	AEN Office, Mach, Sibi, Dalbandin
7.	16.6.2026	Fiber Stall	Mach, Hurnai Sharigh, Nakus, Sibi	3+2 Years	Rs. 5000/-	Rs. 50000/-	AEN Office, Mach, Sibi
8.	16.6.2026	Weigh Bridge	Mach, Sibi, Hurnai, Sharigh	5+5 Years	Rs. 10000/-	Rs. 150000/- Rs. 70000/-	AEN Office, Mach, Sibi
9.	17.6.2026	Cattle Farm	Mach, Sibi, Dalbandin, Hurnai	5+5 Years	Rs. 10000/-	Rs. 70000/-	AEN Office, Mach, Sibi, Dalbandin
10.	17.6.2026	Nursery	Quetta, Sibi, Kuchlak, Chaman	3+2 Years	Rs. 5000/-	Rs. 50000	DS Office, Quetta AEN Office, Sibi

1. Bid security money in shape of Cash Deposit Receipt (CDR) from Scheduled Bank in the name of Divisional Accounts Officer, Pakistan Railways, Quetta OR hard cash will be deposited by the bidder/ participant separately for each bid at the time of auction. The bid security money will be returned refunded to un-successful bidders and will be adjusted in payable of successful bidder.
2. First 50% Bid money in shape of Cash Deposit Receipt (CDR) from Scheduled Bank in the name of Divisional Accounts Officer, Pakistan Railways, Quetta OR hard cash will be deposited by the successful bidders at the time of sealed bid auction.
3. Forms can be obtained from Way & Works Branch DS Office, Quetta and concerned AENs Offices.
4. The Railway Authority reserves the right to accept or reject bids without assigning any reasons.
5. Other terms & conditions will be mentioned in auction forms.
6. The sealed bid auction will be held at 11:00 hours on prescribed dates in presence of bidders.

(Mehtab Ahmed)
DEN-I
For Divisional Superintendent, Pakistan Railways, Quetta

PID(Q)454

ریلوے لائن کو صرف کراسنگ سے احتیاط سے پار کریں

پاکستان کی مسلح افواج ریاست کی محافظ ہیں، ڈاکٹر پرویز اقبال

معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کی تقریبات، بڑی تعداد میں شخصیات شریک

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ای یو پاک فرینڈ شپ فیڈریشن پرتگال اور تحریک آزادی کشمیر یورپ کے اشتراک سے 17 مئی 2026ء، کولزبن، پرتگال میں جشن معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کے سلسلے میں ایک عظیم الشان اور تاریخی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ یورپ بھر میں معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کی تقریبات کے سلسلے کی دوسری بڑی تقریب تھی۔ یہ پروگرام یورپ میں مقیم پاکستانیوں کے سب سے بڑے اجتماعات میں شمار ہوا، جس میں مختلف برادریوں اور عمر کے طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں چھ سالہ بچوں سے لے کر ستر سالہ بزرگ شہریوں تک، کشمیری اور سکھ کمیونٹی کے افراد نے بھی بھرپور انداز میں شرکت کی۔ شرکاء سویڈن، اٹلی، فرانس، بلجیم، اسپین اور یورپ کے دیگر ممالک سے خصوصی طور پر تقریب میں شریک ہوئے۔ چیئرمین ای یو پاک فرینڈ شپ فیڈریشن

یورپ ڈاکٹر پرویز اقبال لوسر (تمغہ خدمت) تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ پروگرام کی صدارت پرتگال میں پاکستانی سفارتخانے کے ہیڈ آف چانسری عمیر خان نے کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر پرویز اقبال لوسر نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ریاست کی محافظ ہیں اور ہر قیمت پر ملک کا دفاع کریں گے۔ انہوں نے گزشتہ سال مئی 2025ء میں بھارتی حملوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے بھارتی جارحیت کا بھرپور منہ توڑ جواب دیا اور دشمن کو ایسا سبق سکھایا جو نسلوں تک یاد رکھا جائے گا۔

اسلام آباد میں ٹریفک قوانین پر سخت عملدرآمد کی ہدایت

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت اجلاس میں اہم فیصلے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت اہم اجلاس۔ اجلاس میں ٹریفک قوانین پر سخت عملدرآمد، رش آورز میں اضافی نفری کی تعیناتی اور اہم شاہراہوں پر ٹریفک روانی بہتر بنانے سمیت خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاتفریق کارروائی اور شہری سہولیات یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹریفک پولیس کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی، رش آورز کے دوران درپیش مسائل، ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی ٹی او اسلام آباد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو محفوظ، منظم اور بلاتعطل سفری سہولیات فراہم کرنا اسلام آباد ٹریفک پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت اور بلا امتیاز کارروائیوں کو مزید موثر بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی عملداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

اعجاز الحق کی ٹریفکنگ ڈی ایس پی انویسٹیگیشن تعیناتی

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق پراسیکیوٹنگ انسپکٹر سپرنس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کوئٹہ اعجاز الحق کو ایکٹنگ ڈی ایس پی انویسٹیگیشن (ایس سی آئی ڈبلیو) کوئٹہ تعینات کر دیا گیا ہے۔

ڈی ایس پی یونس رضا کی ہمشیرہ کی فاتحہ خوانی

ڈی ایس پی یونس رضا کی ہمشیرہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی مسجد و امام بارگاہ ہزارہ، علمدار روڈ، نچاری، کوئٹہ میں جاری ہے

ریلوے اراضی کی واگزاری کے اہداف کو تیزی سے مکمل کیا جائے، آئی جی پولیس

بہترین ریکارڈ مرتب کرنے پر سابقہ ریکارڈ محرر تبسم شریف ہیڈ کانسٹیبل کے لیے 10 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان

قومی ادارے کی آمدن میں اضافہ اور خودکفیل بنانے کیلئے مزید اقدامات اٹھانا ہونگے، وصال فخر زمان کی بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل ریلویز پولیس محمد وصال فخر سلطان نے مغلپورہ ورکشاپس ڈویژن کا تفصیلی سرکاری دورہ کیا۔ دورے کے

دوران انہوں نے ایس پی آفس، تھانہ ریلویز پولیس ورکشاپس اور شالا ریلویز پولیس لائنز کا معائنہ کیا اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ مغلپورہ ورکشاپس ڈویژن آمد پر ایس پی ورکشاپس سید ابرار عباس نے آئی جی ریلویز پولیس کا استقبال کیا جبکہ بعد ازاں انہوں نے ورکشاپس ڈویژن کے انتظامی، سکیورٹی اور پیشہ وارانہ امور پر تفصیلی بریفنگ لی۔ بریفنگ کے دوران ڈویژن میں جاری سکیورٹی اقدامات، ریلوے اراضی واگزاری آپریشنز، کالونیوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں اور ریلوے میٹریل چوری کی روک تھام سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا گیا۔ آئی جی ریلویز پولیس نے تمام یونٹس کے انچارجز سے ملاقات کی اور ان کی کارکردگی، انتظامی امور اور درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی استفسار کیا۔ انہوں نے افسران و اہلکاروں کو ہدایت جاری کی کہ فرائض کی انجام دہی میں نظم و ضبط، شفافیت اور پیشہ وارانہ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔ دورے کے دوران آئی جی ریلویز پولیس نے تھانہ ورکشاپس کے ریکارڈ روم، مال خانہ، ایس ایچ او آفس اور دیگر دفاتر کا بھی تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے ریکارڈز اور مال خانہ رجسٹرز کی جانچ پڑتال کرتے ہوئے ریکارڈ کی ترتیب اور دیکھ بھال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بہترین ریکارڈ مرتب کرنے پر سابقہ ریکارڈ محرر تبسم شریف ہیڈ کانسٹیبل کے لیے 10 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا گیا۔ آئی جی ریلویز پولیس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جب وزیر ریلوے ریلویز پولیس کی بہتری اور فلاح کے لیے پرعزم ہیں تو ریلویز پولیس کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ ریلوے اراضی کی واگزاری کے اہداف کو تیزی سے مکمل کرے تاکہ قومی ادارے کی آمدن میں اضافہ ہو، ادارہ خودکفیل بنے اور اسے ایک منافع بخش قومی ادارے کی صورت میں مزید مستحکم کیا جا سکے۔

گلگت بلتستان میں اعلیٰ پولیس افسران کے تقرر و تبادلے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) گلگت بلتستان میں اعلیٰ پولیس افسران کے تقرر و تبادلے کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گلگت میں تعینات پولیس سروس آف پاکستان کے گریڈ 20 کے افسر نوید احمد نثار خواجہ کی خدمات اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو واپس کر دی گئی ہیں۔ جبکہ اسلام آباد میں تعینات پولیس سروس آف پاکستان کے گریڈ 19 کے افسر ملک کمیل ظفر اور گریڈ 18 کے محمد ارسلان شازیب کی خدمات حکومت گلگت بلتستان کو دی گئی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس سلسلے میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیے ہیں

راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے آئی ایس او سرٹیفکیشن حاصل کرنے کی خوشی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ

JOB OPPORTUNITY

Z.M.K. & Co. invites applications for multiple positions to support the UNDP Decentralization, Human Rights and Local Governance (DHL) Project in Quetta, Baluchistan. These positions are purely on a contract basis with fixed salary packages. Females are encouraged to apply.

Sr#	Name of Position	No. of Positions	Prescribed Qualification	Experience
1.	**Strategic Advisor NCHR**	1	• Advanced degree in Law, Human Rights, Public Policy, Gender Studies, Development Studies, International Relations, or related field.	• Minimum 7–10 years of professional experience in human rights, governance, public policy, or strategic advisory roles. • Strong knowledge of human rights frameworks, national and international legislation, and governance systems in Pakistan. • Demonstrated experience in policy analysis, strategic planning, and stakeholder coordination.
2.	**Human Rights Coordinator**	2	• Bachelors Degree in Human Rights, Law, International Relations, Development Studies, Social Sciences, or relevant field related to human rights.	• At least 2 years of professional work experience at the national and/or international level in human rights, law, or governance. • Demonstrated capacity to conduct high-quality legislative and policy research in the area of human rights.
3.	**NCHR Legal Officer**	1	• Bachelors Degree in Law (LLB or JD)	• At least 03 years of professional work experience at the national and/or international level as a lawyer, in legal research, litigation, or legal advocacy • Experience in Business & Human Rights litigation is an advantage.

Terms & Conditions:
- For application and further details, visit at **https:www.brightspyre.com/thezmk**
- Last date for submission of applications is **May 30, 2026.**
- ZMK reserves the right to reject any or all applications without assigning any reason(s)

بھرتی برائے سول ملازمین

اسٹیشن سپلائی ڈپو آرمی سروس کور کوئٹہ کینٹ میں مندرجہ ذیل آسامی کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔ خواہش مند حضرات اپنی درخواستیں بمعہ رابطہ نمبر تصدیق شدہ شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تعلیمی اسناد اور دو عدد تصاویر اس اشتہار کے شائع ہونے کے بعد 15 دن کے اندر بذریعہ ڈاک درج ذیل پتہ پر ارسال کریں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعلیمی قابلیت	تعداد آسامی	ڈومیسائل
ا۔	فائرمین (BPS-02)	مڈل	01	لوکل
۲۔	چوکیدار (BPS-01)	مڈل	01	لوکل

نوٹ:۔
1۔ زیادہ تعلیم اور تجربہ رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائے گی۔
2۔ ٹیسٹ انٹرویو کے لیے آنے والوں کو TA/DA نہیں دیا جائے گا۔
3۔ ریٹائرڈ آرمی ملازم کے لیے عمر کی حد 45 سال ہے۔
4۔ مجاز اتھارٹی بلا اظہار وجہ کسی بھی درخواست کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔
5۔ عمری حد 18 سے 25 سال پلس 5 سال جنرل ریلیکسیشن ہے۔

پتہ: کمانڈر
اسٹیشن سپلائی ڈپو آرمی سروس کور کوئٹہ کینٹ

نیلامی ناکارہ مرغے / مرغیاں

گورنمنٹ پولٹری فارم خضدار میں ناکارہ ایک سو سترہ عدد (117) مرغیاں / (8) آٹھ عدد مرغوں کی نیلامی منعقد کی جا رہی ہے۔ نیلامی کا شیڈول شرائط درج ذیل ہیں۔

نیلامی مورخہ 25 مئی 2026ء بروز سوموار بوقت 11:00 بجے صبح

شرائط و ضوابط:۔ (1) نیلامی میں حصہ لینے کیلئے بولی دہندگان کو قبل از نیلامی شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ مبلغ ایک ہزار روپے -/1000 ناقابل واپسی جمع کروانے ہونگے (2) سرکاری بولی کا تعین تجویز کنندہ کمیٹی موقع پر کرے گی (3) انکم ٹیکس و دیگر مروجہ ٹیکسز سرکاری قوانین کے تحت لاگو ہوں گے۔ (4) کامیاب بولی دہندہ کو موقع پر مکمل قیمت کا پچیس فیصد (25%) جمع کرانا ہوگا (5) کامیاب بولی دہندہ کو دو (2) ایام کے اندر مرغے اور مرغیاں فارم ہذا سے لے جانے کا پابند ہوگا (6) کمیٹی کو یہ اختیار ہوگا کہ درست / مناسب بولی نہ ہونے پر دوبارہ نیلامی کی تاریخ مقرر کرے۔ (7) کمیٹی کو یہ اختیار ہوگا کہ مرغوں یا مرغیوں کی تعداد میں کمی یا بیشی کرے (8) کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پولٹری فارم خضدار

PRQ No 5224/20-05-2026

NLC TENDER NOTICE

1. Tender is invited for **Construction of 2 x Room Set at Taftan Border Terminal District Chaghi**.
2. Tender will be awarded to experienced bidder in construction of Building / Rooms, Lowest bidder, Financial strength of bidder and expertise in terms of construction skills.
3. Tender documents must be deposited at reception room of NLC Taftan Border Terminal, District Chaghi at **1400 hours** on **08 June 2026** which will be opened on the same day at **1500 hours**.
4. NLC reserves the right to cancel / reject any or all offers at any time prior to the acceptance of a bid or proposal as per PPRA rules.

Lt Col Waqas Shahid
Office Incharge
Taftan Border Terminal NLC, District Chaghi
Contact No. 082-5301000

NOTICE INVITING TENDER

The Municipal Committee Awaran invites Bids from Eligible Bidders for supply of following items.

S.No	Description	Tender Fees
1	Purchase of Dust Bins. **TSE-2526051061821**	1000/-
2	Purchase of Mini Dumper **TSE-2526051062681**	1000/-
3	Purchase of Rickshaw Loaders **TSE-2526051062751**	1000/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** All Tenders Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of **2 %** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **5 June, 2026** till **at 11:00AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM**. **Address:** Muncipal Committee Awaran **Phone no:** 0856511110 **Email:** mc.awaran@gmail.com

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
AWARAN

AB No.1335/20-05-2026

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ I کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ

مقدمہ نمبر 93/2025 FIR نمبر 1/2025 سرکار بنام ۔ گل زادی وغیرہ

جرم زیر دفعہ ، 436,353,427,124/A ,153/A. 6(C) 07 ATA ,109,149

147,186,6 (1) (c) 6 (2) 7 (1) d.7 (1) h ATA CPC کوئٹہ

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) صلاح الدین ولد دلبر یز خان قوم منگوئی سکنہ کوئٹہ (2) صحیحہ ولد بشیر احمد قوم زہری سکنہ خضدار (3) عرفان ولد عبدالباری قوم بادینی سکنہ خاران (4) سمیع اللہ ولد عبدالسلام سکنہ سریاب کوئٹہ (5) خلیل احمد ولد نذیر احمد قوم شاہوانی سکنہ بیکی بیگ کوئٹہ (6) بشیر احمد ولد خان محمد قوم ساسولی سکنہ کاسی گوہر آباد کوئٹہ (7) سعید احمد ولد جان محمد قوم محمد شہی سکنہ سریاب مل کوئٹہ (8) نوشین زوجہ سیف اللہ قوم قمبرانی سکنہ کوئٹہ (9) ریاض ولد مولا بخش قوم گشکوری سکنہ کوئٹہ (10) محمد اسحاق ولد شادی خان قوم منگوئی سکنہ کوئٹہ جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بلا تعمیل اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کے رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ بتاریخ 21-05-2026 عدالت ہذا بمقام ATC 1 نالش مذکور کی قلمبندی کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ I کوئٹہ

PRQ No 5227/20-05-2026

TENDER NOTICE

The GBHS NUSHKI JADEED invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051051381 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not Required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Stationary (Total Item(s) Count: 30)	43,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 2,165,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive BIDDER NUST PAY BPPRA CHALAN The Bidder / Firm Agreement With All Term and Condition Turn Over Certificate Must Be Attach Turn Over Certificate Must Be Attach The Bidder Must Be Register In BRA **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 43,500 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 05 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 05 June, 2026till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:30 AM Address: GBHS Noshki Jadeed Phone no: 0345898005 Email: gbhsnoshkijadeed@gmail.com

Head Master
GBHS NUSHKI JADEED
USTA MUHAMMAD

PRQ No.5218/20-05-2026

TENDER NOTICE

The GGHS BHATTI MOHALLAH invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051054451 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not Required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Stationary (Total Item(s) Count: 34)	47,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 268,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in eligible and non-responsive Bidders should provide Income Tax Returns Bidders must provide Delievery Time Bidders should provide BPRA's Paid Challan Bidder must agree with Terms and Conditions **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 47,500 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 06 June, 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 06 June, 2026 till 09:30 AM . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under signed at 10:30 AM Address: Govt Girls High School Bhatti Muhalla Dera Allah Yar Email: gghsbhattimuhalla@gmail.com

HEAD MISTRESS
GGHS BHATTI MOHALLAH
DISTRICT JAFFARABAD

PRQ No.5215/20-05-2026



اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 21 مئی 2026ء

ہر قسم کے چیلنجز سے نمٹنے، تنظیم نو اور تیز رفتار تعمیر و ترقی کے عزم کا اعادہ !!

کوئٹہ میں نیشنل ایکشن پلان کی ایپکس کمیٹی کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے صوبے کی تیز رفتار ترقی، دیرینہ مسائل کے حل اور عوام کی خوشحالی کو یقینی بنانے کے لئے دوٹوک اقدامات کا عزم دہرایا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان قدرتی وسائل بالخصوص معدنیات سے مالا مال ہے، بلوچستان میں محفوظ ماحول فراہم کرنا معدنیات سے منسلک منصوبوں پر کام کرنے والی مقامی اور بین الاقوامی کمپنیوں کا ملک میں اعتماد برقرار رکھنے کے لئے ناگزیر ہے نوجوانوں کو قومی دھارے میں موثر انداز میں شامل کرنے، انہیں بااختیار بنانے اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لئے مختلف اقدامات کا سلسلہ جاری ہے ان اقدامات میں تعلیمی مواقع میں اضافہ، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، روزگار کے مواقع کی فراہمی، اسپورٹس اور یوتھ پروگرامز کا فروغ، اسکالرشپس، ڈیجیٹل اسکلز ٹریننگ، اور نوجوانوں کی فیصلہ سازی کے عمل میں شمولیت شامل ہیں علاوہ ازیں انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت اور مواصلات کے شعبوں میں ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ نوجوانوں کو بہتر سہولیات اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کئے جاسکیں۔ اجلاس میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزراء اور دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے وزیراعظم اور آرمی چیف کے دورہ کوئٹہ کے حوالے سے ہم نے گزشتہ روز مشرق کے انہی صفحات اور انہیں سطور میں اس رائے کا اظہار کیا تھا کہ ملک اور صوبے کی تعمیر و ترقی اور دیگر اہداف کے حصول کے لئے قومی قیادت پرعزم اور سنجیدہ ہے بلوچستان کی ترقی، سلامتی اور نوجوانوں کے مستقبل کو تابناک و محفوظ بنانا ایک مشترکہ قومی ذمہ داری ہے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لئے کوشاں ہے اور مزید احسن اور خوش آئند بات یہ ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت بھی دیرینہ عوامی مسائل کے حل اور مختلف شعبوں میں اصلاح احوال، جدت اور ترقی کے لئے سرگرم عمل ہے۔ امید کی جانی چاہئے کہ یہ مشترکہ کاوشیں ثمر آور ثابت ہوں گی اور بلوچستان کے عوام کو وہ ثمرات میسر آئیں گے جن کے وہ طویل عرصے سے منتظر ہیں۔ بلوچستان میں معدنی وسائل کی فراوانی ہے بس منصوبہ بندی ہونی چاہئے معدنی وسائل کی دولت، جغرافیائی اہمیت اور قدرتی وسائل کی فراوانی اس صوبے کو ملک کی معاشی ترقی کا ستون بنا سکتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں اس حقیقت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل بالخصوص معدنیات سے مالا مال ہے اور بلوچستان اس حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ تاہم اس حقیقت کے ساتھ ایک بنیادی شرط بھی جڑی ہوئی ہے اور وہ ہے امن و امان کا قیام۔ اگر سرمایہ کار خود کو محفوظ محسوس نہ کریں تو نہ مقامی سرمایہ کاری فروغ پا سکتی ہے اور نہ ہی بین الاقوامی کمپنیاں طویل المدتی منصوبوں میں دلچسپی لے سکتی ہیں۔ اسی تناظر میں بلوچستان میں معدنیات سے منسلک منصوبوں کے تحفظ کے لئے سکیورٹی راہداری کے قیام کا اعلان کیا گیا ہے اس سکیورٹی راہداری میں فرنٹیئر کور کے اضافی ونگز، شاہراہوں پر سکیورٹی چیک پوسٹس، سرویلنس گرڈ اور سرحدی پوسٹس کا قیام شامل ہے۔ یہ اقدامات نہ صرف سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے بلکہ صوبے میں عمومی امن و استحکام کے قیام میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ بلوچستان میں جاری دہشت گردی اور بدامنی نے ترقی کی رفتار کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ ایسے میں سکیورٹی کے جامع اقدامات ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کے لئے ناگزیر ہیں۔ بلوچستان کے مسائل کا ایک اہم پہلو نوجوانوں سے جڑا ہوا ہے۔ یہ صوبہ نوجوان آبادی کے اعتبار سے بھرپور صلاحیت رکھتا ہے لیکن ماضی میں نوجوانوں کو مناسب مواقع نہ ملنے کے باعث احساس محرومی بڑھتا رہا۔ وزیراعظم نے اس خلا کو پر کرنے کے لئے جو اقدامات بیان کئے وہ نہایت اہم ہیں۔ تعلیمی مواقع میں اضافہ، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، روزگار کی فراہمی، اسپورٹس اور یوتھ پروگرامز، اسکالرشپس، ڈیجیٹل اسکلز ٹریننگ اور فیصلہ سازی کے عمل میں نوجوانوں کی شمولیت ایسے اقدامات ہیں جو بلوچستان کے مستقبل کو بدل سکتے ہیں۔ درحقیقت نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ اگر انہیں تعلیم، روزگار اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع دستیاب ہونے چاہئیں اسی طرح وزیراعظم نے بلوچستان میں انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت اور مواصلات کے شعبوں میں ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دینے کا اعلان بھی کیا۔ یہ وہ شعبے ہیں جو کسی بھی علاقے کی ترقی کی بنیاد ہوتے ہیں۔ سڑکیں، ہسپتال، تعلیمی ادارے اور مواصلاتی نظام کسی بھی معاشرے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں جہاں آبادی دور دراز علاقوں میں بکھری ہوئی ہے مواصلات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی نہایت ضروری ہے۔ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کرتے رہے ہیں۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں پسماندگی، روزگار کے محدود مواقع اور بنیادی ڈھانچے کی کمی نے عوامی مسائل کو بڑھایا ہے۔ ایسے میں وفاق اور صوبائی حکومت کی مشترکہ کوششیں اگر تسلسل کے ساتھ جاری رہیں تو یقیناً یہ صورتحال تبدیل ہو سکتی ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور ان کی ٹیم کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو وزیراعظم کی جانب سے سراہا جانا اس امر کا ثبوت ہے کہ وفاق اور صوبہ ایک صفحے پر ہیں۔ بلوچستان کی ترقی صرف ایک صوبے کی ترقی نہیں بلکہ پاکستان کی مجموعی ترقی سے جڑی ہوئی ہے۔ اگر بلوچستان کے معدنی وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لایا جائے تو یہ ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ عالمی سطح پر معدنی وسائل کی بڑھتی ہوئی مانگ پاکستان کے لئے ایک سنہری موقع فراہم کرتی ہے۔ تاہم اس موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے ضروری ہے کہ امن و امان، شفافیت اور مقامی آبادی کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے علاوہ ازیں یہ بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کے مسائل کے حل اور یہاں تعمیر و ترقی کے سفر کو تیز تر بنانے کے لئے سبھی جماعتیں حکومت کا ساتھ دیں بلوچستان کی ترقی کے لئے سیاسی ہم آہنگی اور قومی اتفاق رائے کی اشد ضرورت ہے موجودہ حکومت بلوچستان کے مسائل کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور جامع حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے صوبے کے طول و عرض میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے مختلف شعبوں میں جدت بہتری اور اصلاح احوال کی کوششیں بھی دوام پذیر ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ جاری ترقیاتی عمل میں مزید تیزی لائی جائے یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنے کا سفر تیز تر کیا جائے امید ہے کہ یہ اقدامات ثمر بار ہوں گے اور بلوچستان ملک کا سب سے زیادہ ترقیافتہ خوشحال اور مستحکم صوبہ بن کر ابھرے گا۔

میری ملامت کو تلے بیٹھے "روشن خیال اور ترقی پسند" گروہ

برملا — نصرت جاوید

منشیات اور معاشرتی "گیپ"

اڈیرے کے پرچے — آمنہ مفتی

رقابت کے درمیان مفاہمت کی تلاش

سوچ و فکر — محمد محسن اقبال

بلوچ نوجوان، روزگار کے مواقع اور منفی پراپیگنڈا

افکار زاہدی — نسیم الحق زاہدی

naseemulhaq.nuhz@gmail.com

خودکشی کی کوشش بھی جرم قانون کو کالعدم کیوں قرار دیا گیا؟

روزن — شہزاد ملک

اسے دانش کہیں یا حماقت؟

خیال حمید — حمید اللہ بھٹی

جنوبی ایشیا کا آبادی، جغرافیے، معدنیات اور علم و ادب کے حوالے سے دنیا میں منفرد مقام ہے لیکن ماہ مئی کے حوالے سے دیکھیں تو بھارت ایک فلمیں بناتا ہے جس میں آخرکار پاکستانی فوج کو شکست ہوتی ہے جبکہ پاکستانی فوج میدان جنگ میں بھارتی فوج کی ذرکت بنا کر اپنی طاقت کا لوہا منواتی ہے اب ماہ مئی آیا ہے تو بھارتی فوج کو اپنی ہزیمت یاد آنے پر پھر بلبلانے لگی ہے بھارت کے عسکری سربراہ کے بیان سے بھارتی درد صاف معلوم ہوتا ہے ایسے درد کی تشخیص سے لیکر موثر دوا پاکستانی فوج کے پاس وافر ہے جس کی ایک ڈوز کا اثر پورا سال رہا بظاہر لگتا ہے کہ بھارت دوا کی ایک اور ڈوز چاہتا ہے۔ فلم اور حقائق میں فرق ہوتا ہے بھارتی فوج کی طرح بھارتی صحافی اور عوام بھی فلموں سے متاثر ہیں 2025 میں جب بھارتی ذرائع ابلاغ نے ایسی خبریں نشر کرنا شروع کیں کہ ان کی فوج نہ صرف اسلام آباد میں داخل ہوگئی ہے بلکہ لاہوری بندرگاہ پر بھی قبضہ کر لیا ہے تو لاہوریے جو سدا کے خوش مزاج ہیں اور ہر بات میں مزاح کا پہلو تلاش کر لیتے ہیں ایسی خبریں سن کر کچھ دشمن کا شکار لگے کہ بھارتی کشتیاں لاہور سے ہیں لیکن حکومت نے بھی معلوم ہی نہیں ہونے دیا کہ یہاں کوئی سمندر ہے جس پر بندرگاہ بھی ہے قصہ مختصر لاہوریوں نے اپنے شہر کو کنگھالنے اور بندرگاہ تلاش کرنے کی پوری کوشش کی لیکن ناکام رہے مگر بھارتی فوج، عوام اور صحافیوں

پچاس کروڑ پر مشتمل مڈل کلاس کی مارکیٹ دنیا کے لئے پرکشش تھی مجھے لڑاکا طیارے اور براہموس میزائل سے دفاعی صنعت بھی اہم ہوگئی تھی مزید یہ کہ امریکہ سے جوہری اور دفاعی تعاون کے سمجھوتوں سے عیاں ہوگیا کہ وہ اب خطے کی بالادست طاقت ہے میزائل کلب کی رکنیت الگ ایسا انعام تھا جس کا مطلب امریکہ کا وہی خطے میں معتمد خاص ہے اور کوئی نہیں۔ مگر عقل و فہم نہ ہو تو کامیابیاں بھی حماقتیں ہونے لگتی ہیں یہی کچھ بھارت کے ساتھ ہوا جس نے چین کا مقابل ہونے اور دیگر ہمسایہ ممالک کو زیر نگیں رکھنے کی بڑھکیں لگائیں تو پاکستان نے اپنی آزادی و خود مختاری پر سمجھوتہ کرنے اور خطے میں کسی ملک کی بالادستی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور احترام اور برابری کی بنیاد پر تعلقات قائم کرنے کی بات کی جو بھارت کو ناگوار گزری اسی لئے پاکستان کو سبق سکھانے کا فیصلہ کیا لیکن ایسا کوئی جواز نہیں تھا کہ

محترمہ کی ادا جو اچھی لگی

اظہار خیال — ایاز امیر

ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی تشویشناک ہے، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد

فیلڈ ٹیمیں اپنی ذمہ داریوں کو پوری سنجیدگی اور محنت سے ادا کریں، تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے

ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانا نہایت ضروری ہے تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے، رمضان پلال

استہ محمد / گنداخہ (خ ن) گنداخہ ڈپٹی کمشنر استہ محمد، محمد رمضان پلال کی زیر صدارت رورل ہیلتھ سینٹر RHC گنداخہ میں انسداد پولیو مہم SNID مئی 2026 کے حوالے سے ایوننگ ریویو اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر محمد ناصر کاکڑ سمیت محکمہ صحت کے متعلقہ افسران یو سی ایم اوز اور مانیٹرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران تحصیل گنداخہ کی تمام یونین کونسلز میں جاری مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہر یونین کونسل کی پیش رفت، درپیش مسائل اور کوریج کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی اس موقع پر واضح ہدایات جاری کی گئیں کہ پانچ سال تک کی عمر کے کم از کم 95 فیصد بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کا ہدف ہر صورت حاصل کیا جائے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع استہ محمد کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی ایک تشویشناک امر ہے، جس کے پیش نظر ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانا نہایت ضروری ہے تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے انہوں نے زور دیا کہ فیلڈ ٹیمیں اپنی ذمہ داریوں کو پوری سنجیدگی اور محنت سے ادا کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے انہوں نے مزید ہدایت کی کہ مہم کے دوران درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، مائیکرو پلاننگ کو مؤثر بنایا جائے اور تمام دستیاب وسائل ...

خاران، پولیو اور بجلی کے خلاف ... کی جانب سے ... احتجاجی دھرنا جاری ہے

خضدار، بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

خاران میں حالات انتہائی ناگفتہ بہ ہو گئے ہیں، مولانا عبدالقدوس

اب نہ کوئی گھر محفوظ ہے نہ دکان، خواتین کے زیورات بھی نوچے جا رہے ہیں

خاران (نمائندہ خصوصی) تحریک لبیک اسلام بلوچستان کے صوبائی ناظم اعلیٰ مولانا عبدالقدوس تبسمی نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا کہ خاران گزشتہ کچھ سالوں سے امن وامان کے حوالے سے کافی متاثر ضلع رہا ہے لیکن اب حالات انتہائی ناگفتہ بہ ہیں اب نہ گھر میں کوئی محفوظ ہے نہ دکان میں یہاں تک با پردہ خواتین کے زیورات بھی کانوں سے نوچے جا رہے ہیں لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ ضلعی انتظامیہ بالکل خواب خرگوش میں ہے اور ایم پی اے خاران میر شعیب نوشیروانی دو اہم وزارتوں میں فائز ہونے کے باوجود علاقے میں امن قائم نہیں کر پا رہے ہیں لہٰذا اہم وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وزیر داخلہ سمیت تمام ذمہ داران سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ خاران کو جلد امن کا گہوارہ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں

ترقیاتی منصوبوں کی معیار میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، رمضان پلال

مقررہ وقت سے پہلے ترقیاتی عمل کو مکمل کر کے زمینداروں کو ریلیف فرم کیا جائے

استہ محمد (نامہ نگار) استہ محمد ترقیاتی منصوبوں کی معیار میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا مقررہ وقت سے پہلے ترقیاتی عمل کو مکمل کر کے زمینداروں کو ریلیف فرم کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال منصوبوں کی تکمیل سے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہو گا ایکسین محمد یار مگسی کا اجلاس خطاب تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی صدارت میں فیض اباد کے مقام پر مقامی زمینداروں کے ساتھ اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا اجلاس میں مقامی زمینداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ایکسین کھیرتھر کینال محمد یار مگسی نے فیض اباد ریگولیٹر کرش لیول کے بارے میں بریفنگ دی ایکسین محمد یار مگسی نے کہا کہ کرش لیول محکمہ اریگیشن کی ریکارڈ کے مطابق ہے کہ صوبائی وزیر اریگیشن میر صادق عمرانی سیکرٹری اریگیشن بلوچستان سہیل الرحمن بلوچ اور چیف انجینئر ناصر مجید کی ہدایات کی روشنی میں تعمیراتی عمل جاری ہے اڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے خطاب کیا

صحبت پور، ڈی سی فریدہ ترین پولیو کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

صحبت پور، شدید گرمی میں شہری پانی کے بوند بوند کو ترس گئے

ایک مہینے سے کنرانی محلے کے مکین قلت آب سے سخت کرب میں مبتلا ہیں

تپتی دھوپ میں چھوٹے بچے خواتین، پانی کی تلاش میں سرگرداں نظر آتے ہیں

صحبت پور (نامہ نگار) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی لاپرواہی شہر کے اکثر محلے اس شدید گرمی میں پانی کے بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ تقریباً ایک مہینے سے کنرانی محلے کے مکین قلت آب سے سخت کرب میں مبتلا ہیں۔ سخت گرمی تپتی دھوپ میں پانی نہ ملنے پر چھوٹے بچے خواتین مریض اور بوڑھے لوگ بلبلہ کی طرح تڑپ اٹھتے ہیں۔ مساجد میں نمازیوں کو وضو کرنے کیلئے بھی پانی دستیاب نہیں ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک ماہ سے صحبت پور شہر کے مختلف محلوں میں واٹر سپلائی کی پانی ناپید ہو گئی ہے۔ پانی نہ ملنے پر کنرانی محلہ، گولہ محلہ، ستانی محلہ بروہی محلہ سمیت تمام شہر میں پینے کا پانی دستیاب نہیں ہے سخت گرمی اور تپتی دھوپ میں پانی کی عدم دستیابی سے مریض خواتین بچے بوڑھے بلبلہ کی طرح تڑپ اٹھتے اور ہیٹ اسٹروک کا شکار ہو جاتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ پی ایچ ای صحبت پور کے افسران و عملے کیخلاف قانونی کارروائی کرکے ہمیں پانی فراہم کی جائے۔ جو کہ ہمارا بنیادی حق ہے۔

پولیو کا خاتمہ ہم سب کا مشترکہ قومی فریضہ ہے، ڈپٹی کمشنر برشور

... پولیو ورکرز سے نہ چھپائیں، اور حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں، انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے میں علماء کرام، قبائلی عمائدین، سیاستدانوں اور میڈیا نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

عوام کو علاج کی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی ترجیح ہے، سراج بلوچ

اوتھل (نامہ نگار) ایڈیشنل کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال، اسٹاف کی حاضری، سہولیات کی فراہمی، اور طبی نظام میں بہتری کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر قمر رو نجو سمیت محکمہ صحت لسبیلہ کے آفیسرز شریک ہوئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو علاج معالجے کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ فیلڈ میں موجودگی یقینی بنا کر عوام کی صحت کے مسائل بروقت حل کریں۔ اجلاس کے دوران عملے کی حاضری، اور سہولیات کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے ہر سطح پر کوشاں ہے۔ غفلت یا لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی۔

گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل ہیلتھ کیئر سینٹر کی افتتاحی تقریب

... سراج احمد بلوچ تھے، جنہوں نے فیتہ کاٹ کر ہیلتھ کیئر سینٹر کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس پروقار تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) حاجی نوید احمد ہاشمی، ڈی ڈی او اوتھل محمد اطہر قریشی، جی ٹی اے کے چیئرمین واحد سومرو، اور ڈی پی ایم قادر بخش سمیت دیگر معزز شخصیات نے خصوصی شرکت کی۔ یہ ہیلتھ کیئر سینٹر ڈپٹی کمشنر (DC) محترمہ حمیرہ بلوچ کے بہترین وژن کا عکاس ہے۔ انہوں نے چار ماہ قبل منعقدہ ڈی ای جی (DEG) اجلاس میں اس نوعیت کی طبی سہولت قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا، جو آج عملی شکل اختیار کر کے طالبات کے لیے ایک عظیم تحفے کی صورت میں سامنے آیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اور سینٹر کا معائنہ کرتے ہوئے مہمانوں نے اسٹرکٹرز اور طالبات کی محنت اور کاوشوں کو دل کھول کر سراہا۔ انہوں نے ہیلتھ کیئر سینٹر کے تعلیمی ماحول، بہترین انتظامات اور طالبات کی عملی سرگرمیوں کی بھرپور تعریف کی۔ یہ پروقار تقریب معزز مہمانوں کے تعریفی کلمات، طالبات کے لیے نیک تمناؤں اور کامیابی کی دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

تعلیمی فرائض میں غفلت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، ارشد جمالی

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ضلع میں تعلیمی نظام کی بہتری اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول ہرنائی اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کا اچانک اور تفصیلی دورہ کیا۔ اس سرپرائز وزٹ کا مقصد تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کا جائزہ لینا اور وہاں موجود سہولیات کی مانیٹرنگ کرنا تھا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے دونوں اسکولوں کے تمام کلاس رومز کا معائنہ کیا اور بچوں کو دی جانے والی تعلیم کے معیار کو پرکھا۔ انہوں نے اسکول کے حاضری رجسٹروں کی خود پڑتال کی اور اساتذہ سمیت دیگر تمام اسٹاف کی موجودگی کا ریکارڈ چیک کیا۔ انہوں نے غیر حاضر یا تاخیر سے آنے والے عملے کو سختی سے تنبیہ کی کہ تعلیمی فرائض میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی یا غفلت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسکول انتظامیہ اور اساتذہ کرام کے ساتھ ایک خصوصی نشست بھی کی، جس میں انہوں نے اساتذہ کو درپیش مختلف انتظامی و تدریسی مسائل اور اسکولوں میں بنیادی سہولیات (جیسے پینے کا صاف پانی، بجلی اور فرنیچر) کی کمی کا تفصیلی احوال سنا۔ استاد معاشرے کا معمار ہوتا ہے۔

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان کو کھلی کچہری میں ایک شخص مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، سردار عبداللہ خان

ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی اور سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

قائمقام ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں میں صفائی، ادویات فراہمی اور حاضری یقینی بنانے کی ہدایت دی

میرزئی اڈہ (نامہ نگار) قائمقام ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ سردار عبداللہ خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات، سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کوسو، ڈی ایم پی پی ایچ آئی ضیاء الرحمن، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ شفیق خان، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، محمد مسعود اچکزئی سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈی ایچ کیو ہسپتال قلعہ عبداللہ سمیت ضلع بھر کے تمام سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی صحت مراکز کی مجموعی کارکردگی، دستیاب طبی سہولیات، ڈاکٹروں اور عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی کی صورتحال اور ادویات کی بروقت فراہمی پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔ قائمقام ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ سردار عبداللہ خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بروقت، معیاری اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام سرکاری ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور طبی عملے کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈاکٹروں اور طبی عملے کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی، جبکہ ادویات کی فراہمی یا علاج معالجے میں کسی قسم کی غفلت اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ قائمقام ڈپٹی کمشنر سردار عبداللہ خان نے مزید کہا کہ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

جنگل پیر علیزئی، اے سی قلعہ عبداللہ سردار عبداللہ خان ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار، معروف بازاروں میں ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر کے مصروف بازاروں میں ٹریفک کی روانی کو بری طرح متاثر کرنے والے بھوسے کے ٹرکوں کے خلاف سٹی پولیس نے بڑا کریک ڈاؤن کیا ایس ایس پی خضدار دوستین دشتی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او سٹی منیر عالم جتک نے اپنی ٹیم کے ہمراہ فوری کارروائی کرتے ہوئے شہر کے اندر گھسنے والے 2 درجن سے زائد بھوسے سے لدے ٹرکوں کو تحویل میں لے لیا گیا پولیس کے مطابق یہ بھاری گاڑیاں دن کے اوقات میں بازار کے اندر بلا روک ٹوک داخل ہو کر نہ صرف ٹریفک جام کا باعث بن رہی تھیں بلکہ خریداروں، راہگیروں اور دکانداروں کے لیے شدید مشکلات پیدا کر رہی تھیں گھنٹوں طویل جام معمول بن چکا تھا جس پر شہریوں کی جانب سے مسلسل شکایات موصول ہو رہی تھیں پولیس نے موقع پر پہنچ کر تمام ٹرک ڈرائیورز کو تحویل میں لینے کے بعد انہیں آئندہ کے لیے سخت وارننگ دیتے ہوئے چھوڑ دیا گیا

معدنیات سے متعلق پالیسیوں میں مقامی آبادی کو ترجیح دی جائے، شہریار

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران اور واشک کے قبائلی شخصیت نوابزادہ امیر شہریار خان نوشیروانی نے رخشان ڈویژن میں معدنیات کے تحفظ کے نام پر فرنٹیئر کور کی اضافی تعیناتی اور سیکیورٹی راہداری کے قیام سے متعلق وزیراعظم پاکستان کی زیر صدارت ہونے والے صوبائی اپیکس کمیٹی اجلاس کے بعد ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان خصوصاً رخشان ڈویژن کے قدرتی وسائل پر فیصلے مسلسل مقامی آبادی کو اعتماد میں لیے بغیر کیے جا رہے ہیں، جو شدید تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ رخشان ڈویژن کے بیشتر معدنیاتی علاقے پہلے ہی غیر مقامی کمپنیوں کو الاٹ کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ دنیا آج بارڈر ٹریڈ کو معیشت کی مضبوط بنیاد بنا رہی ہے، مگر بلوچستان کے غریب عوام کو محدود پیمانے پر قبول تجارت پر بھی مقدمات اور پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آخر میں انہوں نے مطالبہ کیا گیا کہ بلوچستان خصوصاً رخشان ڈویژن میں معدنیات سے متعلق تمام پالیسیوں میں مقامی آبادی کو ترجیح دی جائے۔

خاران بڑھتی ہوئی بدامنی پر ڈسٹرکٹ بار کا اظہار تشویش، کورٹ کا بائیکاٹ

تاجروں، عام عوام میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں نے عوامی اعتماد کو ٹھیس پہنچایا

جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن خاران نے ضلع میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، بڑھتی ہوئی بدامنی، دن دیہاڑے ڈکیتیوں، چوری کی وارداتوں اور عوام کے جان و مال کے عدم تحفظ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ... بروز بدھ مکمل کورٹ بائیکاٹ کا اعلان کیا۔ وکلاء برادری مطالبہ کرتی ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے فوری، مؤثر اور عملی اقدامات کرتے ہوئے جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن خاران واضح کرتی ہے کہ جب تک امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات نہیں کیے جاتے، احتجاج اور آئندہ کے لائحہ عمل کا حق محفوظ رکھا جائے گا۔

خضدار، ترقیاتی منصوبوں کے مخالف نہیں ہیں، مولانا قمر الدین

مساجد، مدارس اور دینی شعائر کے تقدس و تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

خضدار (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام ضلع خضدار کا مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر حضرت مولانا قمر الدین منعقد ہوا اجلاس کی کارروائی ناظم عمومی حضرت مولانا عنایت اللہ رودینی سرانجام دے رہے تھے اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ محمد یحییٰ الحسنی و مولانا محمد ابراہیم مینگل نے حاصل کیا شرکاء اجلاس سے امیر مرکزی سرپرست حضرت مولانا قمر الدین مخاطب ہو کر فرمایا ہم ترقیاتی منصوبوں کے مخالف نہیں لیکن یہ بھی ضروری ہے کہ مساجد، مدارس اور دینی شعائر کے تقدس و تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گر روڈ تو سیعی منصوبوں میں عبادت گاہیں متاثر ہو رہی ہیں تو متعلقہ اداروں علماء عوام اور مقامی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر ایسا مثبت راستہ اختیار کریں ملک بھر میں 22 مئی کو ہونے والے مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کو کامیاب بنانے کیلئے اپنے تحصیلوں کے سطح پر انتظامی رپورٹ کا جائزہ لیا گیا ہنگامی صورتحال میں تحصیل خضدار کے امیر و ناظم عمومی کو اجلاس میں طلب کیا گیا اور تحصیل خضدار کے تمام یونٹوں و تمام مدارس کے ذمہ داران کو 20 مئی بروز منگل بوقت قبل از نماز عصر 5 بجے بمقام دفتر جمعیت علمائے اسلام ضلع خضدار المرکز الاسلامی ٹاؤن شپ خضدار میں طلب فرمایا گیا اور تحصیلوں کو پابند کیا کہ بروقت جمع 7 المبارک کے روز صبح 9 بجے مرکزی جامع مسجد پہنچ جائے

اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت تعلیمی معیار میں بہتری کیلئے ناگزیر ہے، عظیم جان

کوہلو (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے معیاری تعلیم کے وژن کے تحت پائٹ بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) کے کیونٹی اساتذہ کیلئے منعقدہ 8 روزہ پیڈاگوجی اور فاؤنڈیشنل لٹریسی اینڈ نیومریسی (FLN) تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر گورنمنٹ انٹر گرلز کالج کوہلو میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ کوہلو ... تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ تھے جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر پائٹ عبدالحمید جعفر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، پائٹ ٹرینرز، تقریب میں شریک اساتذہ نے آٹھ روزہ تربیت کے دوران حاصل کردہ تجربات اور مہارتوں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس تربیت سے ان کی تدریسی صلاحیتوں، کلاس روم مینجمنٹ اور جدید تدریسی طریقہ کار میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ اوورائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی کاغذات
میرے موٹر سائیکل ہنڈا 125 ماڈل 2020 رجسٹریشن نمبر MZA0332 بنام عبدالباقی ولد فیض محمد کے اصل کاغذات لورالائی میں گم ہوگئے ہیں جس کو ملے 03158814466 پر اطلاع کریں
نمائندہ لورالائی

اطلاع عام
مکان نمبر B-260 رقبہ 420 گز واقع چلتن ہاؤسنگ اسکیم اس وقت کریم اللہ ولد حاجی محمد یوسف کے نام پر ہے ٹرانسفر نصیرہ بیگم زوجہ جہان زیب کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
المشتہر مورجہ اسٹیٹ کاکا آغا صفی اللہ 03138842637
R 63173

اطلاع عام
رہائشی پلاٹ نمبر D-306 رقبہ 120 گز واقع زرغون ہاؤسنگ اسکیم ... کے نام پر ہے ... کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 63165

اطلاع عام
رہائشی پلاٹ نمبر D-325 زرغون ہاؤسنگ اسکیم ... کے نام پر ہے ... کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں۔
R 63165

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 55301-2904801 ... کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03376763944 پر اطلاع کریں۔
Staff

تلاش گمشدہ
میری آٹھویں جماعت کی ڈی ایم سی رول نمبر 1204581 سال 2023 بنام شایان حیدر ولد مقداد علی کہیں گم ہوگئی ہے ملنے پر 03268776844 پر مطلع کریں۔
Staff

اطلاع عام
رہائشی پلاٹ B-8 رقبہ 1800 مربع فٹ واقع شین غرہ ہاؤسنگ اسکیم مشرقی بائی پاس کوئٹہ جو کہ اس وقت محمد صدیق ولد محمد حسن کے نام پر الاٹ ہے اب اس پلاٹ کو منور احمد ولد رحیم خان کے نام پر ٹرانسفر کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر اندر اسٹیٹ سیل بی ڈی اے سے رجوع کریں۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
المشتہر منور احمد ولد رحیم خان
R 63163

بعدالت جناب کریم بخش اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار مجسٹریٹ لورالائی
اشتہار برائے عوام الناس
ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی ملک رحمان ولد گلک قوم رستم زئی حمزہ زئی ساکن نیو دیالہ بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مزکورہ کا جائز وارثان ملک جعفر خان، سلیم خان، پائندہ خان، آزاد خان، عظیم خان۔ پسران ملک رحمان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں ہے متوفی مزکورہ کی جائیداد موضع نیو دیالہ میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 20/5/2026 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا
نمائندہ لورالائی

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج-I، کوئٹہ
نمبر 66 آئندہ تاریخ پیشی 05-06-26
سید منظور احمد شاہ وغیرہ بنام بی بی سلیمہ وغیرہ
اپیل (I) U/O 43
اشتہار بنام رقیہ جعفر زوجہ عطاء محمد خان جعفر سکنہ کوئٹہ۔ ہرگاہ یہ کہ سائلان نے ایک اپیل (I) 43 عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ 05-06-26 مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا رقیہ جعفر کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر اپیل (I) 43 کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہو کر اپیل (I) 43 کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
آج بمورخہ 20-05-26 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
63166

بعدالت جناب احمد شاہ سول جج III بااختیارات ڈسٹرکٹ جج صاحب کوئٹہ
بمقدمہ طور گل ولد خدائے داد ساکن خلجی کالونی سریاب روڈ کوئٹہ بنام DG1 دارالبلوچستان ساکن زرغون روڈ کوئٹہ 2 حمید اللہ ولد نامعلوم CNIC NO 54400-3592872-3 ساکن خلجی کالونی سریاب روڈ کوئٹہ
95/2026 دعویٰ دیوانی آئندہ تاریخ پیشی 02/06/2026
اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 2 حمید اللہ ولد نامعلوم ساکن خلجی کالونی سریاب روڈ کوئٹہ
ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی/سماعت 02-06-26 کے لئے مقرر ہو چکی ہے۔ درج بالا مقدمہ میں مدعا علیہ 2 حمید اللہ ولد نامعلوم CNIC NO 54400-3592872-3 عدالت ہذا کے سمن نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز اں ہے اور روپوش ہے لہٰذا بذریعہ اخباری اشتہار ہذا مدعا علیہ 2 حمید اللہ ولد نامعلوم ساکن خلجی کالونی سریاب روڈ کوئٹہ شناختی کارڈ نمبر 54400-3592872-3 کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی / سماعت کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمے کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی قانونی عمل میں لائی جائے گی۔ آج بتاریخ 20-05-26 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
63164

بعدالت جناب اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل سوراب
اشتہار بنام عوام الناس برائے انتقال وراثت
موضع گاجی خانزئی تحصیل گدر ہرگاہ تحریر ہے کہ مسمی شہباز خان ولد سردار رستم خان قوم براہوئی محمد حسنی ساکن مذکورہ حاضر آکر ایک تحریری درخواست بنام تحصیلدار سوراب پیش کر کے استدعا کی ہے کہ میرے والد سردار رستم خان ولد سردار محمد عارف جان قوم براہوئی محمد حسنی ساکن مذکورہ عرصہ دراز سے وفات پا چکا ہے۔ جنکی انتقال وراثت کیلئے ایک شرعی فتویٰ دارالافتاء والقضاء جامعہ خاتم النبیین نزد پرانا ہسپتال بازار سوراب سے لاکر پیش کیا کہ شرعی فتویٰ کے مطابق 1 نیلو بیوہ سردار رستم خان 2 شہباز خان 3 رامین پسران عائشہ اسد اللہ دختر سردار رستم خان اقوام براہوئی محمد حسنی ساکنان مذکورہ جائز ورثاء ہیں اس کے علاوہ اور کوئی جائز ورثاء نہیں ہیں جائیداد ہذا موضع گاجی خانزئی گدر کھیوٹ نمبر 1 من کھتونی نمبر 1 تا 25 من قطعات (75) کل تعداد رقبہ 30-1087 مزروعہ نصف حصہ میں سے صرف حصہ انتقال وراثت کرنا چاہتے ہیں اگر انتقال وراثت کے بارے میں کسی شخص یا کسی اشخاص کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو سات ایام کے اندر اندر اپنے اعتراضات زیر دستخطی کو پیش کرے۔ بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 19/5/2026 میرے دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔
63172

بعدالت جناب کریم بخش اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم نائب تحصیلدار مجسٹریٹ لورالائی
اشتہار برائے عوام الناس
ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی آزاد خان ولد ملک رحمان قوم رستم زئی حمزہ زئی ساکن نیو دیالہ بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ مزکورہ کا جائز وارثان۔ ولی خان۔ عقیل خان۔ باچا خان۔ بلال خان۔ یاسر خان۔ محمد اجمل۔ مشرف خان۔ شیر افغان۔ ارباز خان۔ پسران آزاد خان ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں ہے متوفی مزکورہ کی جائیداد موضع نیو دیالہ میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 10 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 20/5/2026 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا۔
نمائندہ لورالائی

بعدالت جناب اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل سوراب
اشتہار بنام عوام الناس برائے انتقال وراثت
موضع گاجی خانزئی تحصیل گدر ہرگاہ تحریر ہے کہ مسمی حیدر علی ولد سردار محمد عارف جان قوم محمد حسنی ساکن مذکورہ حاضر آکر ایک تحریری درخواست بنام تحصیلدار سوراب پیش کر کے استدعا کی ہے کہ میرے والد سردار محمد عارف جان ولد بلوچ خان قوم براہوئی محمد حسنی ساکن مذکورہ عرصہ دراز سے وفات پا چکا ہے۔ جنکی انتقال وراثت کیلئے ایک شرعی فتویٰ دارالافتاء والقضاء جامعہ خاتم النبیین نزد پرانا ہسپتال بازار سوراب سے لاکر پیش کیا کہ شرعی فتویٰ کے مطابق 1 حیدر علی 2 سردار رستم خان محمد حسنی پسران 3 بی بی صدیقہ 4 ستارہ جبین محمد حسنی 5 بی بی روبینہ 6 عمبرین دختران سردار محمد عارف جان اقوام براہوئی محمد حسنی ساکنان مذکورہ جائز ورثاء ہیں اس کے علاوہ اور کوئی جائز ورثاء نہیں ہیں جائیداد ہذا موضع گاجی خانزئی گدر کھیوٹ نمبر 1 من کھتونی نمبر 1 تا 25 من قطعات (75) کل تعداد رقبہ 30-1087 مزروعہ نصف حصے کا انتقال وراثت کرنا چاہتے ہیں اگر انتقال وراثت کے بارے میں کسی شخص یا کسی اشخاص کو کسی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو سات ایام کے اندر اندر اپنے اعتراضات زیر دستخطی کو پیش کرے۔ بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 19/5/2028 میرے دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔
63172

از دفتر ڈپٹی کمشنر لورالائی
نوٹس برائے عوام الناس
ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر ہذا کو میسرز ملک پیرزادہ ماربل مائنز کلی داوڑ پی۔او تحصیل اینڈ ضلع لورالائی کی برائے 3231.91 ایکڑ مرزاگٹ (زیارت اسپرنگ) ضلع لورالائی کی سپلائی موصول ہوئی ہے جس پر مزید کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے اگر کسی فرد، افراد یا ادارہ کو اعتراض ہو تو اس اشتہار کے جاری ہونے کے 7 (سات) یوم کے اندر زیر دستخطی کو داخل کرائیں بصورت دیگر عدم اعتراض سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی سفارش کی جائیگی اور کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا نوٹس ہذا آج 12 مئی 2026 کو میرے قلم و مہر سے جاری ہوا۔
نمائندہ لورالائی

TENDER NOTICE
The INSPECTOR GENERAL PRISONS HEAD QUARTERS invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051063761 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB Tender Fee 1,000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 14)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Active BRA Certificate Minimum 1 year warranty for complete solution and devices. Final award of contract is strictly dependant on the relaxation of the ban on purchase of durables by the S&GAD Austerity Committee. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 June, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM **Address:** Inspectorate general of prisons Samungli raod
Phone no: 0819202469Fax no: 9201567
Email: Aigprisons@gmail.com

AIG (ADMN: & FINANCE) INSPECTOR GENERAL OF PRISONS BALOCHISTAN QUETTA
PRQ No.5213/20-05-2026 www.dpr.gob.pk /dpr_gob /dgpr.balochistan

TENDER NOTICE
he INSPECTOR GENERAL PRISONS HEAD QUARTERS invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051064041 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1,000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 8)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Active BRA Certificate Minimum 1 year warranty for complete solution and devices. The final award of this contract is strictly dependent on release of funds by Finance Department GoB. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 June, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM. **Address:** Inspectorate general of prisons Samungli raod
Phone no: 0819202469Fax no: 9201567
Email: Aigprisons@gmail.com

AIG (ADMN: & FINANCE) INSPECTOR GENERAL OF PRISONS BALOCHISTAN QUETTA
PRQ No.5212/20-05-2026 www.dpr.gob.pk /dpr_gob /dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER
The Directorate of Education (Schools) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051050881-P2 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1,000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 2)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 03 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03 June, 2026till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:30 AM **Address:** Directorate of Education Balochistan Brewary Road Quetta Phone no: 0819202102
Email: programdirectoremis@gmail.com

Director Directorate of Education (Schools)
PRQ No.5209/20-05-2026 www.dpr.gob.pk /dpr_gob /dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL
Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) , and are not black listed in any procuring agency or authority for preparation of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Detail as under: Bid Security 2%

S.No.	Description	E/Cost
1	CONSULTANCY SERVICES FOR DETAILED DESIGN OF A 140 FT BRIDGE WITH APPROACH ROADS AND STRUCTURAL WORKS AT KILLI SOFANZAI, DISTRICT PISHIN **TSE-2526051050054**	3,789,695

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 1 Assignments of Similar Nature and Complexity Turnover of at least 3,400,000 PKR Amount in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration PEC Project Profile Codes 1205, 1210, 1215, 1219, 1226, 1235 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The **FINANCIAL PROPOSALS** shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **01 June, 2026 till 01:00 PM.** Tender **opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **02:00 PM Address:** Office of the Chief Engineer Office, Quetta Zone, Communication Department, C&W Complex at Jaffar Khan Jamali Road Quetta Phone no: 0332804675
Email: pishinxen@gmail.com

Executive Engineer (Roads) CWPP&H Department District Pishin
PRQ No.5207/20-05-2026 www.dpr.gob.pk /dpr_gob /dgpr.balochistan

ڈپٹی کمشنر بارکھان کا گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بارکھان کا دورہ

تعلیمی و انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں اور بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا

طلباء کی حاضری، تدریسی معیار اور کالج کے مجموعی ماحول پر اطمینان کا اظہار

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سید الرحمن کاکڑ نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بارکھان کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج میں تعلیمی و انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں اور بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور طلباء کی حاضری، تدریسی معیار اور کالج کے مجموعی ماحول پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کالج کے پرنسپل اور انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کو ادارے میں درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کالج کو تدریسی و غیر تدریسی عملے کی کمی کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیوں کو موثر انداز میں چلانے میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ اس کے علاوہ سائنس لیبارٹریز، بلڈنگ اور دیگر بنیادی سہولیات کی کمی بھی مسائل میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کیا جائے گا تاکہ موجودہ درپیش عمارتوں کی مرمت اور بہتری کے لیے بھی ممکنہ اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلباء کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دیں تاکہ ضلع میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

کمشنر ژوب آصف علی فرخ نے ماڈل ہائر سیکنڈری سکول ژوب کا دورہ

ژوب (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے ماڈل ہائی سکول ژوب کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے سکول کی تعلیمی، انتظامی اور تکنیکی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلبہ سے براہ راست سوالات کر کے ان کی تعلیمی استعداد اور تدریسی معیار کا بھی جائزہ لیا۔ کمشنر نے طلبہ کی تعلیمی دلچسپی اور سکول کے مجموعی ماحول کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم ہی معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی مہارتوں کے حصول پر بھی توجہ دیں تاکہ مستقبل کے چیلنجز کا بہتر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے۔ اس موقع پر کمشنر نے سکول میں قائم ٹیکنیکل سنٹر کا بھی تفصیلی معائنہ کیا، جہاں زیر تربیت طلبہ کی عملی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے ہنر مندانہ تعلیم کے فروغ کے لیے ادارے کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ فنی تعلیم نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے پرنسپل اور اساتذہ کی محنت کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ سکول کو درپیش مسائل اور طلبہ کی سہولیات سے متعلق امور ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ بعد ازاں پرنسپل تازہ خان ناصر نے کمشنر کے دورے کو ادارے کے لیے حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی خصوصی دلچسپی اور تعاون سے سکول کی ترقی اور تعلیمی معیار میں مزید بہتری آئے گی۔

امام بارگاہ ناصر العزاء کے اطراف سیکورٹی انتظامات بہتر بنانے کا مطالبہ

میکانگی روڈ پر صفائی نہ ہونے سے نمازیوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، کابینہ

خراب سٹریٹ لائٹس کے باعث علاقے میں شہریوں اور نمازیوں کو دشواریاں پیش آرہی ہیں

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ، امام بارگاہ ناصر العزاء میکانگی روڈ کی کابینہ نے مشترکہ بیان میں آئی جی ایف سی، ڈی ایس پی اور گوالمنڈی تھانہ کے ایس ایچ او سے مطالبہ کیا ہے کہ امام بارگاہ ناصر العزاء کے اطراف میں سیکورٹی کے انتظامات بہتر بنائے جائیں اور پولیس کی گشت میں بھی اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے دریں اثناء کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے اعلیٰ حکام سے بھی مطالبہ کیا کہ امام بارگاہ کے اطراف اور میکانگی روڈ پر صفائی کا انتظام درست کیا جائے علاقے میں صفائی نہ ہونے کے باعث نمازیوں کو مشکلات کا سامنا ہے اور سٹریٹ لائٹس خراب ہونے کی وجہ سے بھی لوگوں کو مشکلات درپیش ہیں، سٹریٹ لائٹس لگائی جائیں اور میکانگی روڈ پر نالوں کی صفائی کرائی جائے۔

تحفظ دینی مدارس و حقوق بلوچستان کانفرنس تاریخی اجتماع ثابت ہوگی، سید محمد رفیق

جمعیت نے ہمیشہ علاقائی امن، مدارس کے تحفظ اور حقوق بلوچستان کیلئے جدوجہد جاری رکھنے کا اعادہ کیا

سرانان (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع سرانان کے امیر مولانا سید محمد رفیق آغا، جنرل سیکرٹری مولوی نجیب اللہ، نائب امیر مولانا محمد صادق، سیکرٹری اطلاعات قاری عطاءاللہ اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ 4 جون کو کوئٹہ میں جمعیت علماء اسلام پاکستان کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی تحفظ دینی مدارس و حقوق بلوچستان کانفرنس ایک تاریخی اجتماع ثابت ہوگی، جس میں بلوچستان بھر سے ہزاروں کی تعداد میں علماء کرام، کارکنان اور عوام شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کانفرنس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کا خطاب کریں گے اور ملک کی موجودہ صورتحال، دینی مدارس کے تحفظ اور بلوچستان کے حقوق پر جامع لائحہ عمل پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں، بیان میں کہا گیا کہ جمعیت علماء اسلام ہر فورم پر دینی مدارس کے تحفظ، بلوچستان کے حقوق کے حصول اور قیام امن کے لیے آواز بلند کرتی رہے گی۔ برآمد ہوں گے، انہوں نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات، دینی مدارس کو درپیش چیلنجز، بلوچستان کے حقوق کی مسلسل پامالی اور امن و امان کی مخدوش صورتحال کے پیش نظر اس کانفرنس کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔

یاسمین زہری کے زیر نگرانی تربیتی مرکز میں کورسز کامیابی سے جاری

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار گودی یاسمین اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر اور تربیتی مرکز میں خواتین کے لیے مختلف فنی و پیشہ ورانہ کورسز کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ خواتین کو صرف ہنرمند بنایا جا رہا ہے بلکہ انہیں خود روزگار کے قابل بنانے کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ خواتین کی کثیر تعداد ان کورسز سے مستفید ہو رہی ہیں اور اپنے روشن مستقبل کے لیے پر امید ہیں۔ یاسمین زہری کی جانب سے ان اقدامات پر یقین رکھتی ہیں انہوں نے ہر دور میں غریب نادار اور ضرورت مند خواتین کی مدد اور ان کی حوصلہ افزائی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی جانب سے کئی مال خضدار میں قائم کیا گیا وومین اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر آج سینکڑوں خواتین اور بچیوں کے لیے امید خود انحصاری اور ترقی کی نئی راہیں کھول رہا ہے اس جدید تربیتی ادارے میں کمپیوٹر کورسز، سلائی کڑھائی، بیوٹیشن، فیشن ڈیزائننگ اور دیگر جدید فنی تعلیم دی جا رہی ہے تاکہ خواتین اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں اور مستقبل میں باعزت روزگار حاصل کر کے اپنے خاندان کی کفالت میں اہم کردار ادا کر سکیں سماجی کارکنوں اور مختلف طبقات نے گودی یاسمین زہری اور ناصر زہری کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے فلاحی منصوبے معاشرے میں مثبت انقلاب لا سکتے ہیں

قلعہ عبداللہ میں تعلیمی نظام مزید مؤثر، منظم اور معیاری بنانے پر زور

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی اجلاس میں تعلیمی معیار بہتر بنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے

اسسٹنٹ کمشنر نے تمام اسکولوں میں صفائی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت دی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ ضلع میں تعلیمی نظام کو مزید موثر، منظم اور معیاری بنانے کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کا اجلاس اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ سردار عبداللہ خان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جس میں ضلع بھر کے تعلیمی امور، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کی تعلیمی کارکردگی، اسکولوں میں بنیادی سہولیات اور مجموعی تعلیمی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر یوسف زرکون، ڈی ای او سید محمد امین آغا، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر عبدالستار اچکزئی، آر ٹی ایس ایم ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر حبیب اللہ خان، ڈی ڈی او حفیظ اللہ پیر علیزئی، ڈی ڈی او ماسٹر عبدالمتین اچکزئی، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر یوسف زرکون نے اسسٹنٹ کمشنر سردار عبداللہ خان کو ضلع میں جاری تعلیمی سرگرمیوں اور مجموعی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر سردار عبداللہ خان نے اس موقع پر تعلیمی نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات اٹھانے پر زور دیا۔ اجلاس میں اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے، طلبہ کی تعلیمی کارکردگی بہتر بنانے، اسکولوں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور تعلیمی ماحول کو مزید سازگار بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ اسکولوں میں صفائی ستھرائی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

میزئی اڈہ، اے سی قلعہ عبداللہ سردار عبداللہ خان ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حتمی نوٹس

اس ضمن میں تحریر ہے کہ آپ مسمی عصمت اللہ ولد خلیل اللہ ڈرگ انسپکٹر B-17 ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس اورالائی اور مسمی کلیم اللہ ولد عبدالجبار، ڈرگ انسپکٹر B-17 پراونشل ہیلتھ ڈائریکٹوریٹ کوئٹہ کو محکمہ کی طرف سے مسلسل غیر حاضری کی بناء پر شوکاز نوٹس کیا جا چکا ہے مگر تا حال آپ کی طرف سے اپنے دفاع میں کوئی بھی جواب نہیں کی گئی جو کہ سراسر گورنمنٹ قوانین کی خلاف ورزی اور گورنمنٹ ڈیوٹی میں عدم دلچسپی ظاہر کرتی ہے لہذا آپ دونوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت کے (07) دن کے اندر اندر اپنے ڈیوٹی پر حاضر ہوں اور اپنے شوکاز کا جواب متعلقہ سیکشن پنجم محکمہ صحت کمرہ نمبر 14 بلاک نمبر 6 سول سیکرٹریٹ میں جمع کریں بصورت دیگر آپ کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی جس کے تحت تادیبی کارروائی کرتے ہوئے آپ کو نوکری سے برخاست کیا جا سکتا ہے اور اس کی تمام تر ذمہ داری آپ دونوں پر عائد ہوگی۔ **نوٹ:۔**

یہ نوٹس آخری انتباہ کے طور پر تصور کیا جائے۔

سیکشن آفیسر (پنجم) محکمہ صحت حکومت بلوچستان

PRQ No 5225/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح

بحوالہ اشتہار AB No.1312/16-05-2026 جو کہ مختلف اخبارات میں مورخہ 17 مئی 2026 کو شائع ہوا تھا میں تصحیح کی جاتی ہے کہ سیریل نمبر 6 ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشن (B-12) کی گریڈ (B-11) تصور کیا جائے۔

باقی قواعد و شرائط من و عن رہیں گے۔

ریلیف کمشنر / ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان

AB No1331/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

ONLY ELECTRONIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRAGOB. The Executive Engineer-Buildings CWPP&H Department District Gwadar invites bids from Eligible bidders for supply of following works

Bid Security 2% and Time limit 02 Months for each

S.No	Name of Works	T/Fee
	BALOCHISTAN SPECIAL DEVELOPMENT INITIATIVE	
1	ICT Equipment (Network, Surveillance devices, storage devices, office Equipment) (Total Items Count:27) **TSE- 2526051060951**	1,500 PKR
2	ICT Equipment (Network, surveillance devices, storage devices, office Equipment) (Total Items Count:17 **TSE-2526051061121**	1,500 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules–2014. **Eligibility of Bidders: Eligibility Criteria** for bidders may be seen in the Bidding Documents 3 Assignment of similar nature and complexity 3 in previous 3 years Turn over of (S.No.1) at least 45,000,000 PKR & for (S.No.2) 30,000,000 PKR in 3 subsequent previous years Presence in Active Tax payer list Sales tax certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security in case bid security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in eligible and non-responsive Submission of the required bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & bidding document can be obtained from the office of the under-signed. **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob .pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **04th June, 2026 till 11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM** on **EPPS System Address:** Office of executive Engineer Building Fish Harbour Road Near Civil Hospital Gwadar **Phoneno:0864210534Faxno:0864210534** Email:xen2provincialgwadar@gmail.com

Executive Engineer (Building), CW, PP&H Department District, Gwadar

PRQ No.5206/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051060573 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings Kuchlak CWPP&H Department Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 1000 PKR Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ESTABLISHMENT OF INTEGRATED FARMING SYSTEM IN KUCHLAK DISTRICT QUETTA.	38,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over at least 26,950,000 PKR Amount in5 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 75 percent of the estimated cost during the last 5 years Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract the bidder must have on-going one assignment of similar nature of work (70% of this work) with satisfactory performance certificates CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 08 June, 2026 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Office of the Executive Engineer Buildings Kuchlak Whyte Road near to Benazir Flyover Phone No: 3337806715 Emg: umer2000@gmail.com

Executive Engineer Buildings Kuchlak CWPP&H Department Quetta

PRQ No 5219/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, CW,PP&H Building Department District Jhal Magsi , invites sealed tender forms (as per schedule B) based on composite schedule of rates 2023 Government of Balochistan from interested contractors/firms under the PSDP -2025-26 works listed below:-

Tender fee 1000/-, BID SECURITY 2% (in Shape of CDR) and Time limit 31-12-2026

S.#	NAME OF WORK/s	E/COST	BID SECURITY
1	Construction of Labor Room inside Building (Labor Room along with attached Bath, Electricity, Backup of Solar System) PSDP NO 2166 (Z2025.1656) **RHC Chandrama District Jhal Magsi TSE-2526051064963**	4.6564 M	93,500/-

Procurement shall be made under BPP Rules 2014 Eligibility of Bidders:- The contractor/firm must have registration with Tax authorities i.e. BRA, NTN & Sales tax department, valid registration with Pakistan Engineering Council **(PEC)**) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) for the year, 2025-26. If the contractor's/ firm's representative will participate in the tender then the representative must have the original authority issued by the contractor/firm in his name. **Eligibility Criteria :-** Minimum three (03) assignments of Similar Nature of work and Turnover of value not less than (70%) of estimated cost. **Method of Procurement:-** Single stage, Single envelope. **Bid Security:-** The bids must accompany Bid Security in the form of **Call Deposit** of amount specified above in the name of undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents :-** The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned upon payment of bidding document fee (non refundable) (amount mentioned above) **through Green Challan C-02716 (Revenue Receipt)** Also Paid B-PPRA Challan against each schemes deposited in National Bank of Pakistan. (The NIT & Bidding Documents can also be downloaded from www.bppra.org.pk **Issuance of Tender Documents:-** Tender forms/documents will be issued to the contractor/firm on publication of Notice on authority Website on presentation of requisite documents. **Last date for submission :-** The tenders should be submitted on **08.06.2026** till 11:00 P.M at the office of the undersigned. **Tender Opening :-** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 12:00 P.M (In case of public holiday announced by the Government (due to any reason), the tender will be opened the next working day at the same time and venue). Tender committee reserves the right to change the quantities or cancel/reject any or all offers without assigning any reason. **Address: at Office of The Sub Divisional Officer , CW,PP&H Building Department Tehsil Jhal Magsi** Email: zafarabro816@gmail.com Phone Number 0837-430184

PRQ No.5221/20-05-2026

Executive Engineer CW,PP&H Building Department Jhal Magsi

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے بھرتی خالی آسامیاں

دفتر میونسپل کمیٹی قلات میں درجہ ذیل درجہ چہارم کے مستقل خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لئے ضلع قلات کے خواہشمند موزوں امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

خالی آسامیوں کی تعداد ذیل ہے۔

سیریل نمبر	نام خالی آسامی	گریڈ	تعلیمی قابلیت	تعداد آسامی	ٹیسٹ انٹرویو تاریخ
1	لیڈنگ فائرمین	B- 09	میٹرک پاس	03	05 جون 2026
2	سینٹری سپروائزر	B- 06	میٹرک پاس	01	05 جون 2026
3	ڈرائیور	B- 06	مڈل پاس HTV لائسنس یافتہ ہونا لازمی ہے۔	03	05 جون 2026
4	فائرمین	B- 04	مڈل پاس	08	05 جون 2026
5	ڈرائیور	B- 04	مڈل پاس LTV لائسنس یافتہ ہونا لازمی ہے۔	03	05 جون 2026
6	نائب قاصد	B- 01	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	02	05 جون 2026
7	کک	B- 01	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	01	05 جون 2026
8	چوکیدار	B- 01	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	03	05 جون 2026
9	سینٹری ورکر	B- 01	لکھنا پڑھنا جانتا ہو	06	05 جون 2026

شرائط:۔ (1) درخواستیں دفتری اوقات کار میں 4 جون 2026 تک میونسپل کمیٹی قلات کے آفس میں وصول کیے جائیں گے (2) درخواست فارم کے ہمراہ تعلیمی دستاویزات شناختی کارڈ کی کاپی اور لوکل / ڈومیسائل کی نقل دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر تصدیق شدہ دستاویزات منسلک کریں (3) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائے گا (4) عمر کی حد 18 سال سے 28 سال تک ہونی چاہیے تاہم عمر میں بالائی حد کی رعایت حکومت بلوچستان کی پالیسی کے تحت ہوگی (5) ٹیسٹ انٹرویو میں آنے والے امیدوار کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا (6) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے اور سلیکشن کمیٹی کو اختیار ہے کہ وہ بغیر وجہ بتائے ٹیسٹ یا انٹرویو منسوخ / ملتوی کر سکتا ہے (7) انٹرویو کے دن اصل دستاویزات لازمی لانا ہوگا (8) حکومت بلوچستان کے پالیسی کے مطابق 5% معذور، 5% اقلیت اور 5% خواتین کیلئے ہے۔

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی قلات

AB No1338/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بلوچستان کوئٹہ، ڈویژنز اور مختلف اضلاع کے دفاتر میں درج ذیل آسامیوں کو پُر کرنے کیلئے بلوچستان کے لوکل / ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں بھرتی حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ریکروٹمنٹ پالیسی 1991 کے تحت ڈویژنل و ضلعی کوٹہ کی بنیاد پر کیے جائیں گے جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعلیمی قابلیت	عمر کی بالائی حد	تعداد	زونل کوٹہ
1	اسسٹنٹ ڈائریکٹر (B-17)	ماسٹرز ان ڈیزاسٹر مینجمنٹ / ماسٹر ڈگری سیکنڈ ڈویژن یا بیچلر ڈگری بی ایس سی آنرز سیکنڈ ڈویژن از مستند یونیورسٹی یا مساوی ڈگری بمعہ چار سال از مستند ادارے سے مینجمنٹ اور ایڈمنسٹریشن سے متعلق تجربہ	18 تا 43	16	میرٹ 03، قلات زون 03، ژوب زون 02، نصیر آباد زون 02، مکران زون 02، کوئٹہ زون 02، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
2	پروونشل ایمرجنسی آپریشن سینٹر آفیسر (B-17)	ماسٹر سیکنڈ ڈویژن از مستند یونیورسٹی بمعہ متعلقہ شعبہ میں دو سال تجربہ	18 تا 43	01	میرٹ 01
3	ویب ڈویلپر (B-17)	بی ایس ڈگری کمپیوٹر سائنس یا کمپیوٹر انجینئرنگ بمعہ ایک سالہ تجربہ	18 تا 43	01	میرٹ 01
4	میڈیکل آفیسر (B-17)	ایم بی بی ایس ایک سالہ میڈیکل تجربہ	18 تا 43	02	میرٹ 01، قلات زون 01
5	ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس آفیسر (B-17)	ماسٹر ڈگری سیکنڈ ڈویژن از مستند یونیورسٹی یا مساوی ڈگری بمعہ چار سالہ از مستند ادارے سے ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تجربہ	18 تا 43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
6	اسٹیشن کوآرڈینیٹر (B-16)	گریجویشن سیکنڈ ڈویژن کسی مستند ادارے سے	18 تا 43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
7	ریسکیو سیفٹی آفیسر (B-16)	بیچلر ڈگری از مستند یونیورسٹی بمعہ 2 سالہ تجربہ متعلقہ فیلڈ	18 تا 43	15	میرٹ 03، قلات زون 02، ژوب زون 02، نصیر آباد زون 02، مکران زون 02، کوئٹہ زون 02، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
8	اسسٹنٹ ریلیف آفیسر (B-16)	بیچلر ڈگری سیکنڈ ڈویژن بمعہ ایک سالہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تجربہ	18 تا 43	16	میرٹ 03، قلات زون 03، ژوب زون 02، نصیر آباد زون 02، مکران زون 02، کوئٹہ زون 02، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01
9	اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر (B-16)	بی کام / ایم کام / بی بی اے / ایم بی اے / آئی سی ایم اے / اے سی سی اے سیکنڈ ڈویژن کسی مستند تعلیمی ادارے سے اور بینکنگ اکاؤنٹنگ میں تجربہ قابل ترجیح	18 تا 43	10	میرٹ 02، قلات زون 02، ژوب زون 01، نصیر آباد زون 01، مکران زون 01، کوئٹہ زون 01، سبی زون 01، کوئٹہ سٹی 01

شرائط و ضوابط:۔ (1)۔ عمر کی حد 18 سے 28 سال ہوگی تاہم عمر کی بالائی حد میں حکومت بلوچستان کی خصوصی رعایت بھی دی جائے گی جو کہ 43 سال ہے۔ (2) ملازم پیشہ افراد محکمہ کی وساطت سے درخواستیں دے سکتے ہیں جو کہ NOC درخواست جمع کرانے کے وقت لازمی ہے۔ (3)۔ حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور افراد، غیر مسلم اور خواتین کیلئے کوٹہ مختص ہے۔ (4)۔ درخواست فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل اور تصدیق شدہ تمام اسناد بمعہ 2 عدد تازہ تصاویر دینا لازمی ہے۔ (5)۔ امیدوار ایک سے زیادہ آسامی کیلئے علیحدہ علیحدہ درخواست جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ (6)۔ تعلیمی اسناد اور کوائف غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں امیدوار کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ (7) مشتہر شدہ آسامیوں میں مجاز اتھارٹی کمی یا بیشی کر سکتی ہے۔ (8) ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے تاریخوں کا اعلان بعد میں بذریعہ اشتہار کیا جائے گا۔ (9)۔ درخواست اشتہار شائع ہونے کے 25 یوم کے اندر اندر بنام پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی گرین بیلٹ نزد شیخ ماندہ ایئر پورٹ روڈ کوئٹہ میں جمع کروا سکتے ہیں۔ (10)۔ نامکمل اور تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائیگا۔ **درخواست جمع کرانے کے طریقے:۔** (1)۔ ہر امیدوار PDMA کے آن لائن پورٹل www.jobs.pdma.gob.pk پر آن لائن اپلائی کریں گے۔ (2)۔ امیدوار اپنے درخواستیں PDMA کے دفتر گرین بیلٹ ایئر پورٹ روڈ کوئٹہ میں جمع کروا سکتے ہیں۔ (3)۔ امیدوار اپنے درخواستیں بذریعہ ڈاک پی ڈی ایم اے آفس گرین بیلٹ ایئر پورٹ روڈ کوئٹہ میں جمع کروا سکتے ہیں۔

ریلیف کمشنر / ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے بلوچستان

AB No1330/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Municipal Committee Awaran invites Bids from Eligible Bidders for supply of following items.

S. No	Description	Estimated Cost	TSE No
1	Construction of Community Hall faiz M Muhla Haar Bazaar	3,000,000	TSE-2526051063933
2	Construction of Community Hall Khair Bux Ali Muhammad Bazaar Nadgo	2,800,000	TSE-2526051061223
3	Construction of Box Culvert Niabat Awaran	2,500,000	TSE-2526051062943
4	WSS Dad Mohamad Hasan Goth	4,000,000	TSE-2526051057173
5	WSS Azeem Jan Bazaar Labach	2,500,000	TSE-2526051057193
6	WSS Sameer Manzoor Moosa Bazaar Labach	2,500,000	TSE-2526051057603
7	WSS Shafi Mohammad Bazaar Kuch Pirander	3,000,000	TSE-2526051057633
8	WSS Nako Juma Sawal Bazaar Azum Goth Nokabad	2,500,000	TSE-2526051057723
9	WSS Abdul Karim Bedi	3,000,000	TSE-2526051057763
10	WSS Murad Bux Dur Muahammad Qasmi Jo	2,500,000	TSE-2526051057963
11	WSS Phulan Muhtaj Bazaar Kahne Zeelag	2,500,000	TSE-2526051058393
12	WSS Imam Bux Rafeeq Hashim Bazaar Mashi	3,000,000	TSE-2526051059183
13	WSS Huzoor Bux Bazaar Chedagi	2,500,000	TSE-2526051059273
14	Construction of Protection Band Sher M Essa Pirander	2,000,000	TSE-2526051059533
15	Construction of Protection Band Shoaib Sayed Mohammad Bedi	2,500,000	TSE-2526051059583
16	Construction of Protection Band Rasheed Mulla Ishaq & Khalid Balach Muhla Mashi	2,800,000	TSE-2526051059623
17	Supply & Installation of Pipe, Haji Qadari Sajidi Nadgo	2,000,000	TSE-2526051059383
18	Construction of 4 No's WST, Teertaj and Ahuri	3,200,000	TSE-2526051059423

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement: All Tenders** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Tender Fees:** 1000 PKR **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of **2 %** specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **5 June, 2026** till **at 11:00AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM. Address:** Muncipal Committee Awaran **Phone no:** 0856511110**Fax no:Email:** mc.awaran@gmail.com

AB No.1337/20-05-2026

CHIEF OFFICER MUNICIPAL COMMITTEE AWARAN

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Drilling Directorate invites bids from eligible Bidders,Supply & Installation of Solar System along with submersible pump, column pipes and allied Accessories Tender Fee 1000 and Bid Security 2%

S.#	Name of Scheme	Name of Items	QTY	E/ cost.
1.	DRILLING AND DEVELOPMENT OF WELL ALONG WITH SOLAR SYSTEM (MUHAMMAD NASEEM S/O MEHRULLAH JAN IN MOUZA ZARGHOON, TEHSIL KAREZAT, DISTRICT PISHIN PSDP No. 5035 TSE-2526051062183	SUPPLY AND INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM ALONG WITH SUBMERSIBLE PUMP, COLUMN PIPES AND ALLIED ACCESSORIES FOR THE 1000FT BORE .	01 Job.	6,385,000/-

Government of Balochistan (Drilling Directorate Irrigation Department Ab-e-Showaz Building near Degree College Saryab Road Quetta.

1. Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules 2014.
2. **Eligibility of Bidders:**
   a) The bidders must have completed **three** assignments of similar nature of work in last **Three** year.
   b) Turnover of at least PKR **4.470 Million** in last **Three year** showing financial capacity of the firm.
   c) Registration with relevant taxation departments. (i.e. income tax , sales Tax, BRA & Pakistan Engineering Council. Bidder have relevant C-6 **Code CE09 (ii) (Water Supply)** will be Eligible.
   d) **Note:** Bidder must bring all original documents on the date of opening.
3. **Method of Procurement:**-Single stage, Single envelope
4. **Bid Security:** The Bids must accompany Bid Security in the form of **Call Deposit** of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank.
5. **Tender Documents:** The Tender Doc. /Bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment **PKR.1,000/-** (nonrefundable) BPPRA Challan, bidding document fee & also through **Green Challan fee 1,000/-** under head of Account C-03434 (THE NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk.
6. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **08-6-2026, till 11:00 AM** during office working days.
7. **Tender opening:** The Tender will be opened on same day at the office of the undersigned at **12:00PM. Address:** Deputy Director Drilling, Drilling Directorate Ab-e-Showaz Building Near Degree College Saryab Road Quetta **Phone no.081-2442895.emai address sultanlehri123@gmail.com**

PRQ No.5203/20-05-2026

Deputy Director Drilling Ground Water Development, WRPD&M Directorate Irri: Deptt: Balochistan Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نوٹس نیلامی ٹھیکہ وصولی رائلٹی ادنیٰ معدنیات یعنی ریت، بجری، گریول عام پتھر ضلع حب و لسبیلہ بشمول حب ندی

بلوچستان مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کے تحت صوبہ بلوچستان کے معدنی علاقوں پر مشتمل مندرجہ ذیل علاقوں سے نکلنے والی معدنیات پر عائد رائلٹی کی وصولی ٹھیکہ کی نیلامی دیے گئے پروگرام کے مطابق مندرجہ ذیل شرائط کی بنیاد پر ہوگی۔

نمبر شمار	ضلع	تاریخ و دن نیلامی	مقام نیلامی	زر ضمانت / سیکورٹی بنام ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز حب
1	حب و لسبیلہ بشمول حب ندی	09-06-2026	ریجنل آفس مائنز اینڈ منرلز حب	(10000000) ایک کروڑ روپے

نیلامی شرائط:۔ (1) نیلامی میں صرف محکمہ ہذا کے دور جسٹرڈ شدہ ٹھیکیدار ان حصہ لے سکتے ہیں۔ جو کہ اشتہار نمبر PRQ No. 5084/14-05-2026 کے مطابق رجسٹرڈ ہوں۔ (2) نیلامی میں حصہ لینے کیلئے فارم "A" دفتر ہذا سے دفتری اوقات میں مبلغ پانچ ہزار روپے بابت نیلامی فیس (ناقابل واپسی) ادائیگی کے بعد تاریخ نیلامی سے ایک روز قبل تک حاصل کر سکتے ہیں۔ (3) درخواست فارم "A" کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات منسلک کرنا ضروری ہے۔ (ا) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل (ب) مقرر کردہ زر ضمانت / کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز حب بلوچستان (قابل واپسی) (ت) اوپن چیک قابل قبول نہیں (ث) مجاز بینک منیجر سے جاری شدہ زر ضمانت کی تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ۔ بغیر تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ کے جمع شدہ زر ضمانت / کال ڈیپازٹ قابل قبول نہیں۔ (4) کامیاب پیشگی بولی دہندہ کو منظور شدہ بولی / پیشگی کی کل رقم کا 20% حصہ بطور پیشگی ماہانہ قسط بولی کی منظوری کے بعد فوراً جمع کرنا ہوگا۔ (5) کامیاب پیشگی بولی دہندہ کو منظور شدہ پیشگی بولی کی رقم 25% حصہ بطور زر ضمانت / سیکورٹی پیشگی کی منظوری سے دس دن کے اندر اندر جمع کرنا ہوگا۔ (6) ٹھیکیدار کو 10% انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ (7) کامیاب بولی دہندہ کو منظور شدہ بولی کی رقم کا 0.25% کے حساب سے نان جوڈیشل سٹامپ پیپر پر ایگریمنٹ داخل کرنا ہوگا۔ ان شرائط کی تکمیل کے بعد ورک آرڈر / کنٹریکٹ ایوارڈ جاری کیا جائے گا۔ (8) اگر پہلی نمبر پر بولی دہندہ مندرجہ ذیل بالا شرائط کی تکمیل 10 دن کے اندر نہیں کریگا تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مذکورہ بولی دہندہ کی زر ضمانت / سیکورٹی بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکہ حاصل کرنے کے لئے دوم نمبر پر بولی دہندہ کو مندرجہ ذیل بالا شرائط کی بنیاد پر ٹھیکہ مدوا Offer کرے۔ اگر دوم نمبر بولی دہندہ مندرجہ بالا شرائط کی تکمیل نہیں کریگا تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ ٹھیکہ کی دوبارہ نیلامی کروے۔ (9) ٹھیکہ کی دورانیہ صرف ایک سال ہوگی جو کہ اجراء ورک آرڈر سے شروع ہوگی۔ (10) پہلی پیشگی کی قسط کی ادائیگی کے بعد ٹھیکہ کا بقایا رقم نو ماہ برابر اقساط میں وصول کیا جائے گا جو کہ ٹھیکیدار کو ہر ماہ کی سات تاریخ تک جمع کرنا ضروری ہے۔ (11) دو مسلسل اقساط جمع نہ ہونے کی صورت میں آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ بغیر کسی اطلاع و نوٹس کے ٹھیکہ کو منسوخ کر کے ٹھیکیدار کے پہلے سے تمام جمع شدہ رقم بمعہ سیکورٹی بحق سرکار ضبط کر کے ٹھیکہ کی دوبارہ نیلامی کروے۔ (12) ٹھیکہ حاصل کرنے کے بعد ٹھیکیدار ہر قسم کے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ (13) رائلٹی وصولی کی شرح حکومت بلوچستان کے نافذ العمل شرح کے مطابق ہوگی نرخنامہ ٹھیکیدار کو ورک آرڈر جاری ہونے پر مہیا کیا جائیگا۔ (14) حکومت بلوچستان کی طرف سے رائلٹی کی شرح بڑھنے / گھٹنے کی صورت میں اسی تناسب سے اضافہ / کمی کردی جائیگی۔ (15) نیلامی میں اصل ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں۔ نمائندے کو نیلامی میں بولی دینے کی اجازت نہیں۔ (16) سرکاری واجبات کے نادہندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکتے (17) آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایک یا تمام بولی وجہ بتائے مسترد کردے۔ (18) نیلامی مورخہ 09-06-2026 پر کامیاب نہ ہونے کی صورت میں مورخہ 11-06-2026 کو دوبارہ سرانجام پائے گا۔ (10) **نوٹ:۔** سیمنٹ فیکٹری طرز پر محکمہ رائلٹی خود وصول کرے گا۔

ڈائریکٹر / چیئرمین آکشن کمیٹی مائنز اینڈ منرلز ریجنل آفس حب بلوچستان

PRQ No5223/20-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 آئی ایم ایف

سفارش کی ہے، جس کے تحت لیوی 100 روپے فی لیٹر تک جا سکتی ہے۔ مجموعی طور پر پٹرولیم لیوی کا ہدف 1730 ارب روپے مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اسی طرح صوبوں کو اضافی 430 ارب روپے ریونیو جمع کرنے کا ہدف دیا گیا ہے اور وفاق کو تقریباً 2 ٹریلین روپے سرپلس فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے لیے آئندہ مالی سال کا ٹیکس وصولی ہدف 15 ہزار 264 ارب روپے رکھا گیا ہے جبکہ دسمبر 2026 تک ششماہی ہدف 7022 ارب روپے ہوگا۔ ٹیکس آڈٹ کے ذریعے 95 ارب روپے اضافی آمدن حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے جبکہ چینی، سیمنٹ، تمباکو اور کھاد کے شعبوں سے مزید 50 ارب روپے ریکوری کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ دفاعی بجٹ میں بھی اضافہ متوقع ہے جو 2564 ارب روپے سے بڑھ کر 2665 ارب روپے تک جا سکتا ہے۔ وفاقی ترقیاتی پروگرام کے لیے 986 ارب روپے اور صوبائی ترقیاتی بجٹ کے لیے 2.5 ٹریلین روپے تک مختص کیے جانے کا امکان ہے۔ سود کی ادائیگیاں آئندہ مالی سال میں 7.8 ٹریلین روپے تک پہنچنے کا تخمینہ ہے جبکہ بیرونی مالی ضروریات 21.2 ارب ڈالر رہنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے پاکستان کو 430 ارب روپے کے نئے ٹیکس اقدامات کی تجویز دی ہے۔ آئندہ مالی سال میں معاشی شرح نمو 3.5 فیصد اور اوسط مہنگائی 8.4 فیصد رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ بی آئی ایس پی کی رقم 14 ہزار 500 روپے سے بڑھا کر 18,000 روپے کرنے پر عارضی اتفاق ہوا ہے جبکہ صوبائی آمدن 1950 ارب روپے تک پہنچنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف نے بجٹ تجاویز میں یہ شرط بھی برقرار رکھی ہے کہ گیس اور بجلی کے نرخوں میں سال میں دو مرتبہ اضافہ کیا جائے۔ اسپیشل اکنامک زونز کے لیے نئی ٹیکس چھوٹ نہ دینے کی سفارش کی گئی ہے اور خصوصی اقتصادی و ٹیکنالوجی زونز کی مراعات کو 2035 تک مرحلہ وار ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ 2 محسن نقوی

کوششیں اب اپنے منطقی انجام اور فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو گئی ہیں۔ عرب میڈیا کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان مجوزہ تاریخی معاہدے کے حتمی نکات کا اعلان بہت جلد متوقع ہے، جس کے لیے پس پردہ سفارتی سرگرمیاں عروج پر پہنچ چکی ہیں اور دونوں فریقین اس وقت معاہدے کے باقاعدہ متن کو حتمی شکل دینے کے لیے مسلسل رابطے میں ہیں۔ اس انتہائی حساس اور اہم ترین سفارتی مشن کو آگے بڑھانے کے لیے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ایک مرتبہ پھر سرکاری دورے پر ایران کے دارالحکومت تہران پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ امریکہ اور ایران مذاکرات سے متعلق ایرانی قیادت سے اہم ترین ملاقاتیں کریں گے۔ واضح رہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے گزشتہ دنوں بھی ایران کا دورہ کیا تھا جہاں ایران کے صدر مسعود پزشکیان اور ان کے درمیان صدارتی محل میں ایک انتہائی اہم ملاقات ہوئی تھی جو 90 منٹ تک جاری رہی۔ اس طویل بیٹھک میں امریکہ کی طرف سے موصول ہونے والی تجاویز اور سفارتی ضمانتوں پر تفصیلی مشاورت کی گئی تھی۔ اپنے پچھلے دورے میں محسن نقوی نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف سے بھی علاحدہ علاحدہ ملاقاتیں کی تھیں، جس کے بعد اب وہ دوبارہ تہران پہنچے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق اس پورے معاملے میں پاکستان ایک کلیدی ثالث کے طور پر ابھرا ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اس جاری عمل کو حتمی شکل دینے کے لیے وفاقی وزیر داخلہ کے علاوہ پاکستان کی کچھ اور اہم کلیدی شخصیات کی بھی آج یا کل تک ایران روانگی کا قوی امکان ہے، جہاں مختلف اعلیٰ سطح کی سفارتی ملاقاتیں اور مشاورت متوقع ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان معاہدے کے متن پر جاری کام کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے مذاکرات کے ایک نئے اور فیصلہ کن دور کا انعقاد امسال حج کے فوراً بعد اسلام آباد میں متوقع ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والی اس اہم ترین بیٹھک میں مختلف فریقین کے مابین بات چیت کو آگے بڑھا کر معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے۔ سفارتی ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان کی مخلصانہ کوششوں سے اگر یہ معاہدہ کامیابی سے طے پا جاتا ہے تو جہاں ایران پر سے معاشی پابندیاں ختم ہوں گی اور مشرق وسطیٰ جنگ کے بادلوں سے نکلے گا، وہیں عالمی سطح پر پاکستان کا سفارتی قد کاٹھ اور وقار انتہائی بلند ہو جائے گا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کو ایک اچھے معاہدے کی پیشکش کی ہے، ایران کے ساتھ ڈیل نہیں ہوتی تو امریکا دوبارہ حملہ کر سکتا ہے۔ واشنگٹن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران کے معاملے پر میرے اور نیتن یاہو کے درمیان اتفاق ہے، نیتن یاہو کو جو کہیں گے وہ کرے گا، ہمیں آبنائے ہرمز کھولنا پڑے گا لیکن اس میں کوئی جلدی نہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ چینی صدر سے بہت اچھی ملاقات ہوئی، اور اس دوران اہم امور پر تبادلہ خیال ہوا شی جن پنگ اچھے آدمی ہیں۔ ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ارادوں کی جنگ تاحال جاری ہے اور تہران کسی بھی دباؤ کے سامنے جھکنے والا نہیں۔ ایک بیان میں محمد باقر قالیباف نے کہا کہ بڑھتا ہوا اقتصادی دباؤ اور مختلف نوعیت کی ناکہ بندی ایران کو اپنے موقف سے پیچھے ہٹنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے مشکلات کے باوجود اپنے دفاعی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے حکمت عملی کو برقرار رکھا ہوا ہے۔ سپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ ایرانی افواج نے جنگ بندی کے موقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی دفاعی صلاحیت اور طاقت کو مزید مضبوط بنایا۔ ان کے مطابق مسلح افواج ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ دشمن کی ظاہر اور خفیہ سرگرمیاں اس بات کی نشاندہی کر رہی ہیں کہ نئی جنگ کی تیاریاں جاری ہیں، تاہم ایران ہر قسم کے خطرات اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ ایرانی قیادت کو اتحاد، معاشی مشکلات کے حل اور قومی استحکام پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی سپریم لیڈر نے سابق صدر ابراہیم رئیسی کی ہیلی کاپٹر حادثے میں شہادت کی دوسری برسی کے موقع پر ایک تحریری پیغام جاری کیا ہے۔ اپنے پیغام میں مجتبیٰ خامنہ ای نے ابراہیم رئیسی کو عوامی خدمت اور مزاحمتی سیاست کی علامت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایرانی قیادت کو اتحاد، معاشی مشکلات کے حل اور قومی استحکام پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای نے مزید کہا کہ ایران اس وقت دو عالمی دہشت گرد افواج یعنی امریکا اور اسرائیل کے خلاف تن تنہا تاریخی مزاحمت کر رہا ہے۔ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ موجودہ حالات میں اسلامی جمہوریہ ایران کے حکام، ریاستی اداروں اور عوام پر پہلے سے کہیں زیادہ بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے آخری سانس تک لڑیں گے اور دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والے شرانگیز ممالک کی دھمکیوں میں نہیں آئیں گے۔

بقیہ 3 ماسٹر مائنڈ ہلاک

فورسز کی جانب سے آپریشن دہشت گرد کمانڈر بصیر کے نیٹ ورک کا سراغ لگایا گیا جس پر سراتان کے علاقے ارم گلی میں آپریشن کیا گیا اس دوران ایف سی ہیڈ کوارٹر حملے کے ماسٹر مائنڈ کو فورسز نے ہلاک کر دیا جو فورسز کی بڑی کامیابی ہے یاد رہے کہ اسی سلسلے میں 22 فروری کو پشین میں 5 خودکش حملہ آوروں پر مشتمل گروہ کو ہلاک کیا گیا تھا ذرائع کے مطابق اس حملے سے وابستہ 15 دہشت گرد گرفتار کیے جا چکے ہیں اور ہلاک ہونے والا دہشت گرد متعدد حملوں میں بھی ملوث تھا تاہم مزید کارروائی متعلقہ حکام اور ادارے کر رہے ہیں۔ دریں اثنا پشین کے علاقے میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ٹی ٹی پی کا ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق بدھ کی شام ایس ایچ او سٹی پولیس انسپکٹر پشین گلی کربلا میں چھاپہ مار کر واپس جا رہے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم دہشت گردوں نے سائنگر گلی کے قریب پولیس موبائل پر فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں ایک دہشت گرد زخمی ہو گیا جس کے بعد دہشت گرد گلی سنگر پہاڑی کی طرف فرار ہو گئے ڈسٹرکٹ پولیس پشین اور سی ٹی ڈی نے ملزمان کو گھیرے میں لے لیا جس کے بعد ملزمان پہاڑی میں بنے ایک بنکر میں چھپ گئے۔ اس دوران پولیس، سیکورٹی فورسز کے درمیان شدید فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد ہلاک ہو گیا پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ پولیس نے ہلاک ہونے والے دہشت گرد کے قبضے سے ایک کلاشنکوف بمعہ میگزین، ہونڈا موٹر سائیکل، شناختی کارڈ کی رنگین کاپی قبضے میں لے لی۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ 4 اسحاق ڈار

بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کا فلیگ شپ منصوبہ ہے اور پاکستان میں سی پیک فیز ٹو کا آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ون چائنا پالیسی پر پوری طرح کاربند ہے جبکہ چین پاکستان کی خودمختاری کی ہمیشہ حمایت کرتا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 23 سے 26 مئی تک وزیر اعظم چین کا دورہ کریں گے، اس دوران تعلقات کے دونوں ممالک کے سفارتی تعلقات کی 75 سالہ تقریبات ہوں گی جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف چین کے صدر شی جن پنگ سے ملاقات بھی کریں گے۔

بقیہ 5 جھڑپ

کرم کے علاقے مناتو کامران کلے میں پیش آیا، جہاں شدت پسند کمانڈر رکا نظم اور ممتاز احتی گروہوں کے درمیان مسلح تصادم ہوا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ جھڑپ کے دوران دونوں جانب سے بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا۔ حکام کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں شرپسند کمانڈر ممتاز احتی بھی شامل ہے۔ پولیس نے علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کرتے ہوئے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 6 یحییٰ آفریدی

سلمان اکرم راجہ کی سپریم کورٹ اسلام آباد میں چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے بتایا کہ چیف جسٹس پاکستان نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ سے متعلق مقدمات عید کے بعد مقرر کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات کیلئے سپریم کورٹ آئے تھے، چیف جسٹس سے ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کے کیسز سماعت کیلئے مقرر کرنے کا کہا، چیف جسٹس نے بانی پی ٹی آئی کے کیسز عید کے بعد مقرر کرنے کی یقین دہانی کروائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس نے اپنے متعلقہ افسران کو بلا کر ہدایات دے دی ہیں، مجھے یقین دلایا ہے کہ مقدمات عید کے بعد لگ جائیں گے۔

بقیہ 7 پرنس رحیم آغا خان

وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ثقافتی لباس پہنے بچوں نے معزز مہمان کو پھول پیش کیے۔ نور خان ایئر بیس سے پرنس رحیم آغا خان ایوان صدر پہنچے جہاں تینوں مسلح افواج کے دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ایوان صدر پہنچنے پر بلاول بھٹو زرداری نے ان کا استقبال کیا جبکہ پرنس رحیم آغا خان نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے الگ ملاقات بھی کی جس میں بلاول بھٹو زرداری اور خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 8 تیل و گیس

اور ایکسپلوریشن لائسنسز کی دستخطی تقریب میں شرکت کی۔ ابتدائی تین سالہ لائسنس مدت کے فیزوں میں 82 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ اعلامیہ کے مطابق فیز ٹو میں ڈرلنگ تک پیش رفت کی صورت میں مجموعی سرمایہ کاری تقریباً ایک ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ اعلامیے کے مطابق سندھ اور بلوچستان کی ساحلی حدود سے متصل انڈس اور مکران آف شور بیسنز میں بلاکس الاٹ کیے گئے۔ آف شور بڈ راؤنڈ 2025 میں 54 ہزار 600 مربع کلومیٹر رقبے پر محیط 23 بلاکس کی منظوری دی گئی۔ اعلامیے کے مطابق دو بلاکس آف شور ڈیپ-C اور آف شور ڈیپ-F کے معاہدے 2 دسمبر 2025 کو وزیراعظم ہاؤس میں طے پا چکے ہیں۔ اعلامیے کے مطابق مزید 21 پروڈکشن شیئرنگ معاہدوں پر دستخط کے بعد آف شور بڈ راؤنڈ 2025 کا معاہداتی فریم ورک مکمل ہو گیا ہے۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ سمندر میں تیل و گیس کی تلاش کے معاہدوں پر دستخط حکومت کی توانائی پالیسی میں ایک تاریخی سنگ میل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آف شور ایکسپلوریشن کی بحالی، سرمایہ کاری کے فروغ اور درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے کے لیے حکومت پرعزم ہے، یہ معاہدے پاکستان کے سمندری تیل و گیس کے امکانات پر سرمایہ کاروں کے اعتماد کا مظہر ہیں۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ آف شور بڈ راؤنڈ کی کامیاب تکمیل شفاف اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں کی عکاسی ہے۔

بقیہ 9 قرارداد منظور

رپورٹ کے مطابق یہ ووٹنگ اس بات کی علامت ہے کہ صدر ٹرمپ کی انتظامیہ ایران کے خلاف غیر مقبول جنگ سے نمٹنے میں ناکام ہو گئی ہے۔ جنگ سے نہ صرف امریکا بلکہ دنیا بھر کی معیشتوں کو نصف ٹریلین ڈالر کا جھٹکا لگا ہے۔ سینیٹ کے بعد اب اس معاملے پر امریکی ایوان نمائندگان میں ووٹنگ ہوگی جو اسی ہفتے متوقع ہے۔ امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ایوان میں بھی یہ قرارداد منظور کر لی جائے گی کیونکہ اس سے پہلے ایران کے معاملے پر ووٹنگ ٹائی ہو گئی تھی جس کی وجہ یہی تھی کہ قرارداد کے حامی بعض اراکین طبی وجوہات کی بنا پر حاضر نہیں ہو سکے تھے۔ امریکی اراکین کانگریس کی بڑی تعداد چاہتی ہے کہ ایران جنگ کے لیے کانگریس سے منظوری لی جائے۔

بقیہ 10 وزیراعظم

ایم کیو ایم کی بجٹ تجاویز پر غور کرتے اور ایک قابل عمل و جامع لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر برائے وفاقی تعلیم و کنوینر ایم کیو ایم خالد مقبول صدیقی کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کی ملاقات ہوئی۔ وفد میں ایم کیو ایم کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار، ارکان قومی اسمبلی سید امین الحق اور جاوید حنیف شامل تھے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ بھی شریک تھے۔ ملاقات میں وفد نے وزیراعظم کو آئندہ وفاقی بجٹ کے حوالے سے ایم کیو ایم کی طرف سے تجاویز پیش کیں۔ ملاقات میں وفاقی حکومت کے تحت سندھ و کراچی میں عوامی فلاحی منصوبوں کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایم کیو ایم وفاقی حکومت کی اہم اتحادی جماعت ہے

بقیہ 11 محمود اچکزئی

اسمبلی اجلاس میں اسپیکر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جناب اسپیکر! آپ کو بھی پتا ہے، سارا پاکستان جانتا ہے کہ ہمارے اور حکومت کے درمیان انتہائی سیریس ڈفرنسز ہیں۔ آپ جانتے ہیں، ہمارے سارے لوگ جانتے ہیں کہ ہم بائیکاٹ پر تھے۔ ان سب اختلافات کو اس مومنٹ کے لیے سسپنڈ رکھتے ہوئے، ہمارے ایسے خطرناک اور بیکار مطالبات بھی نہیں تھے۔ ہم حکومت وقت سے یہ مطالبات کر رہے تھے کہ کم سے کم عمران خان، اس ملک کا سب سے پاپولر لیڈر ہے، وہ بیمار ہے، اس کی مرضی کے ہسپتال اسے لے جایا جائے۔ دوسرا ہمارا مطالبہ تھا کہ ملاقات پر پابندی ہٹائی جائے۔ ہم بائیکاٹ پر تھے لیکن چونکہ پاکستان کے عوام اور چائنیز دوستوں کے درمیان ایک بہت بڑی گہری دوستی ہے، ہمارے لوگ اکثر کہتے ہیں "ہمالیہ سے اونچی اور بحرالکاہل سے گہری"۔ اس خوشی کے دن یا ان دوستوں کو ویلکم کیا۔ چائنیز ہمارے ہمسائے ہیں، چائنیز اور ہمارے درمیان بہت بڑی بہترین دوستیاں ہیں۔ میں اپنی طرف سے، اپوزیشن کی طرف سے اور ان تمام پارٹی کی طرف سے جو ہمیں سپورٹ کرتے ہیں، ہم انہیں یہاں خوش آمدید کہتے ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ان شاءاللہ پاکستان کے عوام بھی چائنیز دوستوں کے وہ احسانات نہیں بھولے گا جو انہوں نے ہمارے ساتھ کئے ہیں اور جو خطے کے متعلق ان کا جو قائدانہ رول ہے یا بین الاقوامی طور پہ جو چھوٹی قوموں کے لیے وہ کر رہے ہیں ہم انہیں سلام پیش کرتے ہیں۔ مزید برآں قومی اسمبلی کے گزشتہ روز کے سیشن کے موقع پر تحریک تحفظ آئین پاکستان سربراہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی کے دوران تقریر کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کو انصاف دو، اس کے خاندان کو انصاف دو اور یہ جو ہزاروں لوگ خیبر پختونخوا، پنجاب میں ہزاروں بچیاں جو پی ٹی آئی آرز ہیں، جیلوں میں بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے کیا گناہ کیا ہے کہ وہ جمہوریت چاہتے ہیں؟ وہ بنیادی حقوق کی بات کرتے ہیں، وہ پارلیمنٹ کی طاقت کی بات کرتے ہیں۔

بقیہ 12 بیرسٹر گوہر

کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں شروع ہوں گی تو راستے بند نہیں ہوں گے۔ بیرسٹر گوہر نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ احتجاج کرنا ہمارا حق ہے، ہم ہمیشہ پر امن رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر ایاز صادق سے درخواست کرتا ہوں کہ ملاقاتیں ہونے دیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ حکومت سے تاحال رابطے شروع نہیں ہوئے، بات چیت شروع نہیں ہوئی ہے، سیاسی مسائل کا حل سیاسی ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پارلیمنٹیرینز کو گرفتار کیا گیا، شکر ہے اب انہیں رہا کر دیا گیا۔

بقیہ 13 الیکشن کمیشن

چیف سیکرٹری اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، سیکرٹری الیکشن کمیشن و دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ الیکشن کمیشن کو بریف کیا گیا کہ حلقہ این اے 256 خضدار کی سیٹ اختر مینگل کے استعفیٰ کی وجہ سے خالی ہوئی تھی۔ جس پر الیکشن کمیشن نے 13 فروری 2026 کو الیکشن پروگرام جاری کیا۔ ضمنی الیکشن کی پولنگ سے پہلے حکومت بلوچستان کی درخواست پر امن و امان کی خراب صورتحال کی وجہ سے الیکشن کمیشن نے مورخہ 27 مارچ 2026 کو ضمنی انتخاب کا شیڈول معطل کر دیا تھا۔ اب الیکشن کمیشن حلقہ میں ضمنی انتخابات کروانے کیلئے تیار ہے۔ کمیشن نے چیف سیکرٹری اور آئی جی بلوچستان کو کہا کہ حلقہ 256 خضدار میں لا اینڈ آرڈر کی موجودہ صورتحال سے متعلق بریف کریں تاکہ الیکشن کمیشن حلقہ میں انتخاب کا مکمل عمل کر سکے۔ چیف سیکرٹری اور آئی جی بلوچستان نے بریف کیا کہ حلقہ میں دہشتگردوں کی موجودگی، قبائلی اختلافات، الیکشن کے انعقاد کیلئے دوسرے اضلاع سے پولیس و دیگر لاء انفورسمنٹ ایجنسیز کی نقل و عمل درکار ہے۔ مزید یہ کہ حلقہ پہاڑی ٹریل پر مشتمل ہے۔ حلقہ میں امن و امان کی صورت حال درست نہیں لہٰذا مذکورہ بالا حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقہ میں ضمنی انتخابات کا انعقاد فی الحال ممکن نہیں ہے اور نہ ہی انتخابی عملہ اور ووٹرز کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جا سکتی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن آئین و قانون کے تحت حلقہ این اے 256 خضدار میں ضمنی انتخاب کروانے کا پابند ہے۔ لہٰذا الیکشن کمیشن بریفنگ کی روشنی میں خضدار کے ضمنی انتخابات کے لیے مناسب فیصلہ کرے گا۔ مزید برآں لوکل گورنمنٹ الیکشن سے متعلق الیکشن کمیشن کو بریف کیا گیا کہ کوئٹہ میں لوکل گورنمنٹس کی میعاد 27 جنوری 2019 کو ختم ہوئی تھی۔

بقیہ 14 سعودی عرب

ایجنسی کے مطابق سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ ایران کو معاہدے تک پہنچنے کے لیے مزید وقت دینے کے فیصلے پر صدر ٹرمپ کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پائیدار امن کیلئے عالمی اور علاقائی کوششوں کی حمایت کرتا ہے، مذاکرات میں توسیع ہرمز میں شپنگ سیکیورٹی کی بحالی میں مدد کر سکتی ہے۔ سعودی وزیر خارجہ نے کہا کہ سعودی عرب نے آبنائے ہرمز میں سلامتی کی بحالی کے لیے امریکی کوششوں کا خیرمقدم کیا ہے، امید ہے ایران کشیدگی سے بچنے کیلئے ان کوششوں پر فوری جواب دے گا۔

بقیہ 15 ہرمز عبور کیا

جہازوں نے ایران کے ساتھ "ہم آہنگی" اور اجازت کے تحت گزر کیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق بحریہ نے کہا ہے کہ ان جہازوں میں آئل ٹینکرز، کنٹینر شپ اور دیگر تجارتی جہاز شامل تھے، جن کی آمد و رفت پہلے سے حاصل شدہ اجازت ناموں اور ایران کے ساتھ رابطہ کاری کے تحت ہوئی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ آبنائے ہرمز سے جہازوں کی آمد و رفت کا عمل جاری ہے اور اسے پاسداران انقلاب کی نگرانی اور اجازت کے نظام کے تحت منظم کیا جا رہا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب خطے میں اس اہم سمندری گزرگاہ کے حوالے سے کشیدگی برقرار ہے۔ آبنائے ہرمز عالمی تیل تجارت کا ایک نہایت اہم راستہ ہے، جہاں سے دنیا کے بڑے حصے کی توانائی کی ترسیل ہوتی ہے۔ حالیہ مہینوں میں اس راستے پر سیکیورٹی خدشات، کشیدگی اور محدود بحری آمد و رفت کی رپورٹس بھی سامنے آتی رہی ہیں، تاہم حالیہ اعداد و شمار کے مطابق بعض جہاز مخصوص اجازت کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ پاسداران انقلاب کا یہ بیان اس بات کی جانب اشارہ کرتا ہے کہ ایران اس اسٹریٹجک آبی گزرگاہ میں بحری ٹریفک کو ایک ریگولیٹڈ اور کنٹرولڈ نظام کے تحت چلانے کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 16 تعطیلات

تعطیلات کا اعلان کر دیا جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق عیدالاضحیٰ کی تعطیلات 26، 27 اور 28 مئی تک ہوں گی۔ وزیراعظم کی منظوری سے کابینہ ڈویژن نے عید الاضحیٰ کی چھٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔

بقیہ 17 قرارداد منظور

کے درمیان 75 سالہ تعلقات کے حوالے سے قرارداد منظور کر لی۔ قرارداد وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے ایوان میں پیش کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں چین سے آئے پارلیمانی وفد کا ایوان میں شاندار استقبال کیا گیا۔ وفد کی آمد پر ارکان اسمبلی نے ڈیسک بجا کر خیر مقدم کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ہمارے چائنہ سے مہمان آئے ہیں، ان کا ہم استقبال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ چین کا وفد ایوان میں موجود ہے اور وہ اسپیکر باکس میں تشریف فرما ہیں۔ انہوں نے وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اپنے برادر ملک چین کے وفد کا خیر مقدم کرتا ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سارا پاکستان جانتا ہے کہ ہمارے اور حکومت کے درمیان اختلافات ہیں، ہم بائیکاٹ پر تھے، تاہم چینی دوستوں کو خوش آمدید کہنے کے لیے بائیکاٹ موخر کیا ہے۔

بقیہ 18 ریل گاڑیاں

میں اضافے سے مشکلات کا شکار ہو گیا، متعدد ریل گاڑیاں بند عارضی طور پر بند کر دی گئیں۔ ریلوے ذرائع نے بتایا کہ ذرائع نے بتایا کہ فیول کی قیمتوں میں اضافے کے علاوہ ریل گاڑیوں میں مسافروں کی تعداد بھی کم تھی، اس لئے فیول اخراجات میں بچت کیلئے ریل گاڑیوں کو عارضی طور پر بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مزید بتایا گیا کہ جن میں بولان میل، خوش حال خان خٹک، مہران ایکسپریس، چمن پسنجر، ماروی ایکسپریس، سمن سرکار ایکسپریس، موئنجوداڑو ایکسپریس اور راوی ایکسپریس شامل ہیں۔ ترجمان ریلوے نے بتایا کہ آپریشنل اخراجات بڑھنے کی وجہ سے ٹرینوں کو عارضی طور پر بند کیا گیا ہے اور حالات بہتر ہوتے ہی ٹرینوں کو بحال کر دیا جائے گا۔

بقیہ 19 سہیل آفریدی

کا بھی مطالبہ کیا۔ بدھ کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے وفاقی حکومت، پولیس اور ریاستی اداروں پر شدید تنقید کی۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی فوری رہائی اور علاج کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج مزید سخت کیا جائے گا۔ انہوں نے 26 نمبر چونگی پر پولیس کے رویے کی ویڈیو بھی چلائی اور بتایا کہ جب وہ بانی پی ٹی آئی سے اظہار یکجہتی کے لیے جا رہے تھے تو پولیس نے خود سڑک بند کر دی تھی۔ وزیر اعلیٰ نے الزام لگایا کہ ایک صوبے کے وزیر اعلیٰ اور ایم پی اے کو روکنے کے لیے پولیس نے بندوقوں میں کارتوس ڈالے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات قومی یکجہتی کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا گیس، معدنیات اور بجلی پاکستان کو دے رہا ہے، مگر پنجاب ہماری گندم بند کر رہا ہے اور وفاق ہمارا حصہ نہیں دے رہا ہے۔ انہوں نے ایم این اے شفقت ایوب اور شفقت محمود کی گرفتاری کی مذمت کی۔ سہیل آفریدی نے زور دے کر کہا کہ ہمارا ایک ہی مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا علاج فیملی کی موجودگی میں الشفاء ہسپتال میں کر دیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کی 85 فیصد آنکھ ضائع ہو چکی ہے اور فوری علاج ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سائفر کیس جھوٹا ثابت ہوا ہے، بانی پی ٹی آئی نے بیرونی غلامی قبول نہیں کی۔" انہوں نے روس کے دورے کو پاکستان کے عوام کے لیے قرار دیتے ہوئے کہا کہ بانی چیئرمین سستا تیل اور سستی گندم لینے گئے تھے۔

بقیہ 20 چینی صدر

دانشمندانہ ہوگی۔ خطے میں لڑائی کو فوری طور پر روکنا ناگزیر ہو چکا، موجودہ بحران کے حل کیلئے مذاکرات انتہائی اہم ہیں۔ بیجنگ میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات کے دوران چینی صدر نے کہا کہ چین اور روس کے درمیان مضبوط سیاسی اعتماد اور سٹریٹجک تعاون دونوں ممالک کے تعلقات کی کامیابی کی بنیادی وجہ ہے۔ چینی صدر نے خبردار کیا ہے کہ دنیا ایک بار پھر جنگل کے قانون کی طرف واپس جانے کے خطرے سے دوچار ہے، جہاں طاقتور ممالک اپنی طاقت کے زور پر فیصلے مسلط کرتے ہیں۔ ملاقات کے دوران روسی صدر نے شی جن پنگ کو اگلے سال روس کے سرکاری دورے کی دعوت بھی دی۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب عالمی سطح پر امریکا، چین اور روس کے درمیان سیاسی و معاشی کشیدگی میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے، جبکہ مشرق وسطیٰ اور یوکرین کی صورتحال بھی عالمی سیاست پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے اس موقع پر کہا کہ روس اور چین کے تعلقات اس وقت غیر معمولی سطح پر پہنچ چکے ہیں اور دونوں ممالک کو ایک دوسرے کی ترقی اور استحکام کے لیے مزید تعاون بڑھانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ روس اور چین کے درمیان اقتصادی تعلقات مسلسل بہتر ہو رہے ہیں، جبکہ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے دوران روس چین کیلئے ایک قابل اعتماد توانائی فراہم کنندہ ثابت ہو رہا ہے۔

بقیہ 21 ملاقات کا دن

ایم این اے شاہ احد، ایم این اے سہیل سلطان، سلمان بابا کا نام شامل ہے۔ اس کے علاوہ شاہد نوئی، طیبہ راجہ اور ساجدہ بیگم بھی شامل ہوں گی، 6 افراد کی فہرست جیل حکام کے حوالے کی گئی ہے۔ دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی فیملی بھی ملاقات کیلئے اڈیالہ جیل آئے گی۔

بقیہ 22 ٹریکٹر کھائی

اور 3 بچے جاں بحق تفصیلات کے مطابق کوچی حاجی باچا اکاخیل کا ٹریکٹر آل دین کے مقام پر پہاڑی سے نیچے جا گرا۔ جس میں سوار 3 بچے اور 2 خواتین جاں بحق ہو گئیں جبکہ خاندان کے دیگر افراد میں دو خواتین ایک مرد اور ایک آٹھ سالہ بچی شدید زخمی ہوئی۔ ایس ایچ او صلاح الدین نے عملہ اور مقامی افراد کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ریسکیو کیا اور زخمی افراد و لاشوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال ژوب منتقل کر دیا۔

بقیہ 23 انتباہ

گردی مرکز کے مطابق تاجکستان سے چوری یورینیم ڈائی آکسائیڈ کی حامل 133 گولیاں افغانستان میں موجود القاعدہ کے ہاتھ لگ سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں دہشت گرد جدید ٹیکنالوجی اور غیر ملکی جنگجوؤں کے ساتھ جوہری دہشت گردی کا حقیقی خطرہ پیدا کر رہے ہیں، افغان طالبان رجیم نے اپنا جابرانہ تسلط برقرار رکھنے کیلئے دنیا بھر کی دہشتگرد تنظیموں کو پناہ دے رکھی ہے۔ افغانستان میں طالبان رجیم کی چھتری تلے موجود یہ عالمی دہشت گرد تنظیمیں دنیا بھر کیلئے بڑا خطرہ بن چکی ہیں۔

بقیہ 24 ٹرین سروس

سروس بحال کر دی گئی۔ محکمہ ریلویز نے بلوچستان سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس 2 روز معطل رہنے کے بعد بحال کر دی۔ ریلوے حکام کے مطابق محکمہ ریلویز نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر 18 اور 19 مئی کو بلوچستان سے ٹرین سروس کو معطل کر دیا تھا۔ حکام نے بتایا کہ کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس 2 روز منسوخ اور پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس 2 دن جیکب آباد تک محدود رہی۔ ریلوے حکام کے مطابق بدھ کو اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس بحال ہونے کے بعد جعفر ایکسپریس کوئٹہ سے پشاور کیلئے روانہ ہوگی۔ پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس بھی بدھ کی سہ پہر کوئٹہ پہنچے گی۔

بقیہ 25 گورنر بلوچستان

چائنا کی دوستی باہمی اعتماد، غیر متزلزل حمایت، مشترکہ خواہشات اور سٹریٹجک تعاون پر استوار ہیں۔ اس دیرینہ دوستی کو "آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ" کہا جاتا ہے۔ ہم چین کے صدر شی جن پنگ اور چینی عوام کو ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلاشبہ گوادر سی پیک کا میگا پراجیکٹ سی پیک کا تاج کا نگینہ ہے۔ اس شاندار منصوبے کی تکمیل سے پاکستان بالخصوص بلوچستان معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بن جائیگا۔ چونکہ بلوچستان ایک اہم سنگم پر واقع ہے، اسلیے یہ وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطی کو ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اسطرح بلوچستان کا محل وقوع اب معاشی انقلاب کی امید کی کرن بن چکا ہے۔ جیسے ہی چائنا پاکستان اقتصادی راہداری پایہ تکمیل کو پہنچے گا، بلوچستان معیشت، تجارت، اختراعات اور روزگار کے مواقعوں کے ایک متحرک مرکز کے طور پر ابھرے گا۔ سی پیک معاشی خوشحالی لائے گا وہ محض ایک خواب نہیں بلکہ ایک وعدہ ہے جو ہم پاکستان اور چین ملکر کر رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ چین اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا مزید استحکام عوام سے عوام کے درمیان روابط بنانے کیلئے عوام کے درمیان روابط بڑھانے سے شروع ہوتا ہے۔

بقیہ 26 عسکری اعزازات

تمغہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا۔ اس کے علاوہ تقریب میں نیوی کے سی پی اوز اور سیلرز کو ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مجموعی طور پر 184 تمغہ خدمت (ملٹری) III، II اور III سمیت 51 ستائشی اسناد بھی تفویض کی گئیں، جس میں مسلح افواج کے سینئر حاضر سروس و ریٹائرڈ افسران اور شہداء و غازیوں کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو عسکری اعزازات تفویض کرنے کی تقریب، بحریہ آڈیٹوریم، کراچی میں منعقد ہوئی۔ ایڈمرل نوید اشرف، چیف آف دی نیول اسٹاف نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور افسران اور جوانوں کو پاک بحریہ کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں مختلف عسکری اعزازات سے نوازا۔ ستارہ امتیاز (ملٹری) حاصل کرنے والے افسران میں کموڈور سید ساجد رضا رضوی، کموڈور ناصر محمود، کموڈور جواد ریاض، کموڈور محمد اکرم، کموڈور شفیق الرحمن، کموڈور عمران خالد شفیع، کموڈور بلال احمد شاہ، کموڈور ڈاکٹر سید سجاد حیدر زیدی، کموڈور محمد مہتاب خان، کموڈور تیمور نیاز خان، کموڈور حیدر سلمان، کموڈور سید الیاس حسن، کموڈور محمد عمران توشیر، کموڈور فرید امین، کموڈور کامران کرسٹی منیر، کموڈور یاسر اکرام، کموڈور مدثر خورشید اور کموڈور عمر فاروق شامل ہیں۔

بقیہ 27 سید آل ناصر

ہائیر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر، وفاقی سیکرٹری وزارت اطلاعات و نشریات و منیجنگ ڈائریکٹر پاکستان ٹیلی ویژن اشفاق احمد خلیل، سابق وفاقی وزیر غالب خان اور سابق ڈپٹی اٹارنی جنرل فاروق خان ناصر اور مختلف اہم شخصیات، سرکاری حکام اور تعلیمی اداروں کے نمائندگان سے ملاقاتوں کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات میں قومی اداروں کی بہتری، اعلیٰ تعلیم کے فروغ، ثقافتی ہم آہنگی، کفایت شعاری، اور ملکی سیاسی و سماجی صورتحال سمیت اہم قومی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی سیکرٹری وزارت اطلاعات و نشریات و منیجنگ ڈائریکٹر پاکستان ٹیلی ویژن اشفاق احمد خلیل نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں قومی نشریاتی اداروں کی کارکردگی، جاری اصلاحات اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ 28 فرح عظیم شاہ

بھی بڑی تعداد حصہ لے رہی ہے ایڈیشن کل سے شروع ہوتے ہی جیتنے والے نوجوانوں میں نقد انعامات بھی دیے جائیں گے ایڈیشن 22 مئی تک جاری رہیں گے بلوچستان ہنٹس میں حصہ لینے والے نوجوانوں کی آن لائن رجسٹریشن کی گئی اور خوشی اس بات پر ہو رہی ہے کہ 70 کے قریب تربت، گوادر اور مند سے نوجوان حصہ لے رہے ہیں 23 مئی کو خواتین میلے کا انعقاد کیا جائے گا

بقیہ 29 سیاسی رہنما

قیمتوں میں دو سو فیصد کمی کیا جائے ورنہ عوام حکمرانوں کے خلاف سڑکوں پر نکلنے کے لیے تیار ہے یہ بات جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن اور تحریک انصاف کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ یہ خوش آئند بات ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کے خلاف سب سے پہلے بڑے بھائی نے کروا دیا کرتے ہوئے لاہور کے عوام بھی سڑکوں پر نکلنے کے لیے تیار ہو چکے ہیں یہ مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ عوامی ہے اس سے روز مرہ اشیاء کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے اور کل سو روپے والا چیز آج چار سو میں بھی نہیں ملتا حکمرانوں نے ایران اور امریکہ جنگ کی بہانہ بنا کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کر کے ڈبل قیمت تک پہنچا دیا

بقیہ 30 محمود الرحمن

GIZ اور برٹش کونسل کے تعاون سے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کوئٹہ کے ایڈمن اسٹاف کی چھ روزہ تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ دور میں فنی تعلیم کی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے، اور خاص طور پر سی پیک اور ریکوڈک جیسے بڑے منصوبوں کے تناظر میں بلوچستان میں ہنر مند افرادی قوت کی طلب مزید بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی ٹی وٹا مختلف ڈونر اداروں کے اشتراک سے ٹیکنیکل اسٹاف کی پیشہ ورانہ تربیت کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، اور مستقبل میں بھی ایسے پروگرامز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے ورکشاپ کے شرکاء پر زور دیا کہ وہ دلچسپی، لگن اور محنت کے ساتھ فنی مہارتیں حاصل کریں اور اپنے متعلقہ اداروں میں جا کر سیکھے گئے علم کو مؤثر انداز میں بروئے کار لائیں۔

بقیہ 31 مولانا ہدایت الرحمن

بات چیت کے بجائے طاقت، آپریشن سے مسئلہ حل کرنے کی ناکام کوشش ہو رہی ہے۔ ان حالات سے بہت سے خاندان خوف اور دباؤ کے باعث نقل مکانی پر مجبور ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات اور اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سیاسی و عوامی حلقوں میں یہ سوال شدت سے اٹھ رہا ہے کہ آخر کب تک نوجوان لاپتہ ہوتے رہیں گے اور خاندان در بدر انصاف ڈھونڈتے رہیں گے

بقیہ 32 پشتونخوا نیپ

کے زیر اہتمام ایک پروقار ضلعی کانفرنس اور جلسہ عام کا انعقاد کیا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ان دونوں اہم عوامی و سیاسی اجتماعات سے پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ سمیت پارٹی کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی رہنما خطاب کریں گے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ موجودہ سیاسی حالات، پشتونخوا وطن میں بڑھتی ہوئی بدامنی، دہشت گردی، لاقانونیت، قومی وسائل پر قبضے، غیر قانونی لائسنس، جنگلات کی بے دریغ کٹائی، معدنی وسائل کی لوٹ مار اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے

بقیہ 33 بلال مندوخیل

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسٹم ویئر ہاؤس میں آگ لگنے سے اربوں روپے کے نقصان کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، تاہم یہ صرف مالی نقصان کا معاملہ نہیں بلکہ ہزاروں خاندانوں کے روزگار، انسانی حقوق اور عوامی اعتماد کا مسئلہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حادثے میں تقریباً دو ہزار گاڑیاں، جن میں بڑی ٹرانسپورٹ اور چھوٹی ذاتی گاڑیاں شامل تھیں، جل کر تباہ ہو گئیں، جبکہ ان گاڑیوں سے وابستہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بھی متاثر ہوا۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ وہ اس حوالے سے بھی بانسگ اور کامرس کمیٹی میں یہ معاملہ پیش کر چکے ہیں کہ کسٹم سیز کیسز میں ٹرانسپورٹرز اور گاڑی مالکان کو الگ حیثیت دی جائے کیونکہ ہر شخص کو ایک نظر سے دیکھنا ناانصافی ہے۔ ان کے بقول بہت سے افراد صرف ٹرانسپورٹ کا کاروبار کرتے ہیں اور ان کا کسی غیر قانونی سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

بقیہ 34 قاری مہراللہ

ڈپٹی کمشنر پیٹرول مافیا کے خلاف فوری طور پر کارروائی کیا جائے ایرانی پیٹرول 295 سے 300 روپے لیٹر سے شہریوں کی چیخیں نکل گئیں پیٹرول مافیا پیٹرولیم مصنوعات میں آئے روز قیمتیں بڑھ رہی ہے ایک طرف سے حکومت مہنگائی کی ستائی عوام پر پیٹرولیم مصنوعات پیٹرول اور ڈیزل پر 117 لیوی ڈال رہی ہے عوام شہباز حکومت کے ڈرامائی طرز دعووں سے عاجز آ چکی ہے ایک طرف معاشی ترقی کی طفل تسلیاں دے رہے ہیں اور دوسری طرف قوم پر ٹیکسوں کا بوجھ لادا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ اپنے مراعات اور تعیش زندگی گزارنے کا فکر ہے لیکن غریب عوام کی دو وقت کی روٹی کا فکر نہیں۔ مسلسل استحصالی پالیسیوں کی تسلسل سے قوم کی خون نچوڑ گیا قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں

بقیہ 35 عبدالرحمن رفیق

مولانا محمد عارف شمشیر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ہر دور میں مظلوم، محکوم اور پسے ہوئے طبقات کی موثر آواز بن کر حق و انصاف کی جدوجہد کی ہے۔ ظلم، جبر، استحصالی نظام اور ناانصافی کے خلاف جمعیت علماء اسلام کی عوامی جدوجہد اور اصولی موقف کی ایک روشن اور تاریخ ساز روایت موجود ہے جسے تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بدامنی، بے روزگاری، عوام دشمن معاشی پالیسیوں اور حکومتی نااہلی کے خلاف جمعیت علماء اسلام 22 مئی کو ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی کا انعقاد کر رہی ہے جو عوامی احساسات اور مظلوم طبقات کی ترجمانی کا بھرپور مظاہرہ ثابت ہوگی۔ اس سلسلے میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام شہر کے مختلف علاقوں میں تشہیری مہم جاری ہے

بقیہ 36 تقریبات جاری

قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہزارہ قوم ہر سال پہلے کی بہ نسبت زیادہ جوش و جذبے کے ساتھ اپنا کلچرڈے مناکر اپنے قومی شناخت، ثقافت، زبان و رسم و رواج کے مخالفین کو دوٹوک الفاظ میں پیغام دیتے ہیں کہ اب کوئی سازشیں کسی طرح ہزارہ قوم کو گمراہ نہیں کر سکتی۔ بیان میں کہا گیا کہ ہزارہ قوم کے وہ مذہبی طبقات جنہیں اب تک کلچرڈے ہضم نہیں ہو رہا وہ اگلے سال سے ہزارہ یوم ثقافت کا حصہ بن کر ہزارہ قوم کی خوشیوں میں شامل ہو جائیں اور دوسروں کے مفادات کے لئے قوم کو گمراہ کرنے کی بجائے اس قوم کے دکھ سکھ کا ساتھی بنے کیونکہ انکا بھی تمام عمر کا ساتھ اسی قوم کے درمیان رہ کر گزرنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ دنیا بھر نے دیکھ لیا کہ مرکزی تقریب پہلے سے کہیں زیادہ شاندار اور پرہجوم ثابت ہوا عوام نے تاریخ ساز شرکت کرتے ہوئے قوم کو ایچ ڈی پی پر اعتماد کا ثابت کر دیا جس پر پارٹی پوری قوم اور پارٹنر اداروں کی شکر گزار ہیں۔ بیان میں اس ارادے کا اظہار کیا گیا کہ پارٹی یوم کلچر کو ہر سال پہلے سے کہیں زیادہ بہتر اور عوام کے خواہشات کے مطابق منانے کا عزم رکھتی ہے۔

بقیہ 37 انسانی اعضا

دوران ایف آئی اے ٹیم نے اسلام آباد کے ایک معروف نجی اسپتال پر چھاپہ مار کارروائی کی، جہاں غیر قانونی طور پر گردے نکالنے کے آپریشن کیے جا رہے تھے۔ کارروائی کے دوران متعلقہ ڈاکٹر اور اسپتال ملازم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایف آئی اے حکام نے موقع پر موجود افراد کو بھی حراست میں لیا، جن میں مبینہ گردہ عطیہ کرنے والے، وصول کنندگان اور اسپتال کا عملہ شامل تھا۔ مشتبہ افراد کو مزید تفتیش کے لیے ایف آئی اے دفتر منتقل کر دیا گیا۔ اس سے قبل بھی حکام نے ایک وسیع گروہ کے ارکان کو گرفتار کیا تھا، جو جنوبی پنجاب کے پسماندہ اضلاع خصوصاً رحیم یار خان اور ڈیرہ غازی خان سے تعلق رکھنے والے غریب افراد کو نشانہ بناتا تھا۔ ملزمان مبینہ طور پر مالی مشکلات کا شکار افراد کو معمولی رقم کے عوض گردے فروخت کرنے پر آمادہ کرتے تھے، جبکہ انہی اعضا کو بعد ازاں بھاری قیمتوں پر فروخت کیا جاتا تھا۔ حکام کے مطابق تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کر دیا گیا ہے اور نیٹ ورک کے دیگر ارکان کی گرفتاری کے لیے مزید چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ اس کامیاب کارروائی کو عوامی حلقوں میں سراہا جا رہا ہے۔

بقیہ 38 ڈاکٹر نیاز اختر

بھی۔ انہوں نے میڈیا کو اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ترقی کا ایک اہم حصہ قرار دیا اور گزشتہ چند ماہ کے دوران ہونے والی پیش رفت کا جائزہ پیش کیا۔ ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے کہا،"ایچ ای سی کی اولین ترجیح گورننس کی مضبوطی رہی ہے۔" انہوں نے کہا کہ ایچ ای سی نے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز، کمیشن، وائس چانسلرز کمیٹی، ایکریڈیٹیشن کونسلز، اور دیگر فیصلہ ساز فورمز کے اجلاس منعقد کیے تاکہ متعلقین میں باہمی روابط اور اشتراک کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں پالیسیوں کے یکساں اور موثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے صوبائی ایچ ای سیز اور اعلیٰ تعلیم کے محکموں کے ساتھ ہم آہنگی کو بھی بڑھایا گیا ہے۔ ڈاکٹر اختر نے کہا کہ ایچ ای سی نے حال ہی میں آئی ٹی گریجویٹس کے لیے ملک گیر نیشنل سکل کمپیٹنسی ٹیسٹ (این ایس سی ٹی) کا انعقاد کیا ہے

بقیہ 39 آسمانی بجلی

رکنی منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے ابتدائی فرسٹ ایڈ اور طبی امداد فراہم کی۔ تاہم، زخمی لڑکے کی حالت انتہائی تشویشناک ہونے کے باعث اسے مزید بہتر علاج معالجے اور زندگی بچانے کے لیے فوری طور پر ڈیرہ غازی خان کے بڑے ہسپتال ریفر کر دیا گیا ہے، جہاں اسے منتقل کر کے علاج کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 40 میر سلیم کھوسہ

منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز متعلقہ افسران سپرنٹنڈنگ انجینئرز ٹیکنیکل ایڈوائزر سمیت تمام ضلعی انجینئرز اور افسران نے بذریعہ زوم شرکت کی اجلاس کے دوران صوبے کے ہر ضلع کے ایگزیکٹو انجینئرز روڈز اور بلڈنگز نے اپنے اپنے اضلاع میں جاری پی ایس ڈی پی منصوبوں کی پیش رفت تعمیراتی کاموں کی رفتار معیار اور تکمیل کی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ پی ایس ڈی پی کے تمام منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کے بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں ان منصوبوں کی تکمیل سے ہر ضلع میں روڈ اور بلڈنگ انفراسٹرکچر بہتر ہوگا جس سے نہ صرف ترقیاتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ عوام کو جدید اور بہتر سہولیات بھی میسر آئیں گی انہوں نے تمام ضلعی انجینئرز اور متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی مؤثر انداز میں یقینی بنائی جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

بقیہ 41 سینیٹر عبدالقادر

مزید مشکلات پیدا کرے گا۔ گزشتہ چند برسوں میں آئی ایم ایف کی سخت شرائط، بڑھتے ہوئے گردشی قرضے اور کمزور معاشی ڈھانچے نے حکومتوں کو ٹیکسوں میں اضافے پر مجبور کیا۔ ٹیکسوں کا اصل بوجھ تنخواہ دار اور متوسط طبقے پر پڑا جبکہ بڑے شعبے اور بااثر طبقات اکثر مراعات سے فائدہ اٹھاتے رہے۔ عوام اب ایسے بجٹ کی توقع رکھتے ہیں جس میں صرف اعداد و شمار نہیں بلکہ حقیقی ریلیف شامل ہو۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بجلی اور گیس کے نرخ عوام کیلئے بڑا مسئلہ بن چکے ہیں۔ صنعت، تجارت اور گھریلو صارفین سب ہی توانائی کی قیمتوں سے پریشان ہیں۔ حکومت بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی، اضافی ٹیکسوں کے خاتمے اور گیس نرخوں میں استحکام لانے میں کامیاب ہو جائے تو یہ عام آدمی کے لیے بڑا سہارا ثابت ہو سکتا ہے۔ اسی طرح پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں پر بھی مثبت اثر ڈال سکتی ہے۔ حکومت کو صرف نئے ٹیکس لگانے کے بجائے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا ہوگا، سرکاری اخراجات کم کرنا ہوں گے اور غیر ضروری مراعات کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ زراعت، صنعت، آئی ٹی اور برآمدات کو مراعات دے کر معیشت کو مستحکم کیا جا سکتا ہے تاکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں اور عوام کی قوت خرید بہتر ہو۔ ملک کا عام شہری اب صرف وعدے نہیں بلکہ عملی ریلیف چاہتا ہے۔ بجٹ 2026-27 میں عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات میں ریلیف، کم آمدنی والے طبقات کیلئے سہولیات اور روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے تو یہ بجٹ حکومت کیلئے سیاسی و معاشی اعتماد بحال کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ بصورت دیگر مہنگائی اور ٹیکسوں کا بڑھتا ہوا بوجھ عوامی بے چینی میں مزید اضافہ کرے گا۔

بقیہ 42 288 مفرور گرفتار

انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایات کی روشنی میں خصوصی مہم کے تسلسل میں گزشتہ تین ہفتوں کے دوران بلوچستان پولیس نے صوبہ بھر میں مطلوب اور مفرور کے خلاف جاری آپریشن کے دوران 43 اشتہاری، 288 مفرور جبکہ مختلف جرائم میں مطلوب 556 ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ اغواء کاروں کے خلاف بروقت اور فوری کارروائی رکھنے کے نتیجے میں 13 مغوی کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف کارروائیوں میں 5 مسروقہ گاڑیاں، 15 موٹر سائیکلیں، 6 موبائل فونز برآمد کیے گئے۔ دفعہ 144 کے خلاف ورزی پر 9 گاڑیوں اور دفعہ 550 کی کارروائی میں 28 موٹر سائیکلوں کو قبضے میں لیا گیا۔ انسداد منشیات مہم کے تحت 94 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا، جن کے قبضے سے 430.200 کلوگرام چرس، 203.253 کلوگرام آئس شیشہ، 739 کلوگرام خشک بھنگ، 23.34 کلوگرام افیون، 1-210 کلوگرام ہیروئن، 45 بیرکین اور 71 شراب کی بوتلیں اور 193 لیٹر کچی شراب برآمد کی گئی۔ اس کے علاوہ 7000 لیٹر ڈیزل اور 1755 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے گئے۔ کارروائی کے دوران 9 پیکس گٹکا، 150 پیکٹ ایرانی سگریٹ اور 7 ارب 88 کروڑ روپے کی ایرانی کرنسی قبضے میں لی گئی۔ پریس ریلیز کے مطابق مہم کے دوران اس امر کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے کہ جرائم پیشہ مطلوب اور اشتہاریوں کی ایک علاقے سے دوسرے علاقوں میں روپوشی کے تدارک کے لئے اقدامات کئے جا سکیں گے۔ علاوہ ازیں گرفتار ہونے والے ملزمان کی صوبے کے تمام تھانوں میں مطلوب مقدمات کی چھان بین کے علاوہ ملک کے دیگر صوبوں میں بھی ان کے خلاف متوقع مقدمات کے حوالے سے بھی تینوں صوبوں کے پولیس حکام سے بھی رابطہ کر کے ریکارڈ کی مکمل چھان بین کی جاتی ہے۔ جبکہ گرفتار ملزمان کے جرائم کے ریکارڈ کی جانچ کے لیے دیگر صوبوں کے ساتھ ڈیٹا کا تبادلہ بھی ہوتا ہے۔ تاکہ جرائم پیشہ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے میں ہر ممکن اقدامات کئے جا سکیں۔

بقیہ 43 غیر معیاری کولڈ ڈرنک

ملاقات کی گئی۔ ڈاکٹروں کے مطابق متاثرہ بچہ عبدالقدیر کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں اسے سانس لینے میں دشواری کا سامنا تھا۔ تاہم ڈاکٹروں نے کولڈ ڈرنک کو موت کی حتمی وجہ قرار نہیں دیا جبکہ اس حوالے سے کوئی پوسٹ مارٹم رپورٹ بھی موجود نہیں۔ بی ایف اے ٹیم نے متاثرہ خاندان سے بھی ملاقات کی جنہوں نے بتایا کہ بچے نے 30 روپے مالیت کی ایک کولڈ ڈرنک استعمال کی تھی، جس کے فوراً بعد اس کی طبیعت بگڑ گئی۔ خاندان کی نشاندہی پر فوڈ سیفٹی ٹیم نے چمن شہر کے مختلف ہول سیل پوائنٹس کا معائنہ کرتے ہوئے مختلف برانڈز کی کولڈ ڈرنکس کے نمونے حاصل کیے، جن میں "ریڈ بوسٹر"، "پی فریش اسٹرنگ" اور "چپی اسٹرنگ" شامل ہیں۔ تمام نمونے لیبارٹری تجزیے کیلئے روانہ کر دیے گئے ہیں۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق لیبارٹری نتائج آنے تک کسی بھی کولڈ ڈرنک کو واقعہ کی حتمی وجہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ حکام کا کہنا ہے کہ تمام کارروائیاں سائنسی شواہد، ٹاکسیکولوجیکل نتائج اور اعلیٰ حکام کی ہدایات کی روشنی میں انجام دی جا رہی ہیں تاکہ حقائق سامنے لائے جا سکیں اور عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 44 کمشنر کوئٹہ

کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر خصوصاً "کوئٹہ گرین انیشیٹو" کے تحت مجوزہ واٹر چینل منصوبے کی پی سی ون، فزیبلٹی اسٹڈی اور دیگر تکنیکی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کوئٹہ میں ہر سال ہزاروں ایکڑ فٹ برساتی پانی مختلف نالوں کے ذریعے ضائع ہو جاتا ہے، جس کے باعث زیر زمین پانی کی سطح مسلسل نیچے جا رہی ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر بارش کے پانی کو محفوظ بنانے اور زیر زمین پانی کی سطح میں اضافے کے لیے واٹر چینل کی تعمیر ناگزیر قرار دی گئی۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ اگر برساتی پانی کو مؤثر انداز میں محفوظ کیا جائے تو نہ صرف پانی کی قلت پر قابو پایا جا سکتا ہے بلکہ مستقبل میں شہر کو ماحولیاتی اور آبی بحران سے بھی بچایا جا سکتا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریونیو اسٹاف، سیٹلمنٹ اور کنسلٹنسی فرم مشترکہ طور پر واٹر چینل کے لے آؤٹ، فزیبلٹی اسٹڈی اور دیگر تکنیکی امور کو حتمی شکل دے کر جامع رپورٹ پیش کریں گے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ مجوزہ منصوبے کے تحت کوئٹہ کے دونوں اطراف پہاڑوں کے دامن میں تقریباً 30 فٹ چوڑا واٹر چینل تعمیر کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔

بقیہ 45 مائنز اینڈ منرلز ایکٹ

سمجھتی ہے۔ پارٹی نے گزشتہ بل کے خلاف عدالت میں پٹیشن دائر کی تھی حکومت کو رجوع کرتے ہوئے بل کو دوبارہ اسمبلی میں لانے کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کی تجاویز پیش کرنے کی درخواست کی۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی نے اپنی عدالتی پٹیشن مشروط طور پر واپس لی ہے۔ اگر حکومت اپوزیشن کی سفارشات پر عمل نہ کرے اور بلوچستان کے عوام کے مفادات کا تحفظ یقینی نہ بنایا گیا تو نیشنل پارٹی دوبارہ عدالت سے رجوع کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ بل میں ترمیم و تبدیلی کی صورت میں سابقہ بل کی عدالتی حیثیت خود بخود ختم ہو جائے گی، اس لیے حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپوزیشن کی سفارشات کو بل کا حصہ بنائے۔ ترجمان نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز بل کے حوالے سے غلط پروپیگنڈہ سے اجتناب کیا جائے، یہی سیاسی سنجیدگی اور ذمہ داری کی علامت ہے۔

بقیہ 46 ثمینہ ممتاز زہری

مطابق ہے، جس کا خیر مقدم کرتی ہیں۔ ان کے مطابق قانون کی بالادستی اور عدلیہ کا احترام جمہوری نظام کی بنیاد ہے، اور اسی اصول کے تحت وہ ہمیشہ قانونی راستے پر یقین رکھتی ہیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ انہوں نے اور ان کے شوہر میر علی حسن زہری نے پولنگ کے دن پیش آنے والے واقعات کے دوران بھی قانون کو ہاتھ میں نہیں لیا اور ہر مرحلے پر صبر، تحمل اور قانونی طریقہ کار کو ترجیح دی۔ ان کے مطابق کسی بھی صورتحال میں قانون سے بالاتر کوئی راستہ قابل قبول نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک خاتون، سینیٹر اور انسانی حقوق کی چیئرپرسن کے طور پر ان پر پیش آنے والے واقعے کو وہ انتہائی سنجیدگی سے دیکھتی ہیں، تاہم وہ اس پورے عمل میں عدلیہ کے کردار کو قابل احترام سمجھتی ہیں اور انصاف کے نظام پر مکمل اعتماد رکھتی ہیں عدالتی کارروائی کے بعد سیشن جج حب نے فیصلہ سناتے ہوئے اقدام قتل کے جرم میں 7 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ جبکہ بلوہ و ہنگامہ آرائی کے جرم میں 1 سال قید کی سزا سنائی۔ فیصلے کے مطابق مجموعی طور پر ملزم کو قید اور جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ ذرائع کے مطابق سزا سنائے جانے کے بعد ملزم عدالتی کارروائی کے دوران فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا جس کے بعد سیکیورٹی اداروں نے اس کی گرفتاری کے لیے تلاش کا عمل مزید تیز کر دیا۔

بقیہ 47 راحیلہ حمید درانی

ایم ایچ ایچ کو اہم عوامی پالیسی قرار دیتے ہوئے کہا کہ سکولوں میں ڈراپ آؤٹ کو روکنے اور بچیوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے ایم ایچ ایچ کو تعلیمی ڈھانچے کا حصہ بنانا ناگزیر ہے۔ خواتین کے بنیادی حقوق کے لیے تمام سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں ایم ایچ ایچ ورکنگ گروپ (MHMWG) سیکرٹریٹ بلوچستان کے زیر اہتمام یونیسف، ڈبلیو ایف پی، یو این ویمن، پی پی اے ایف، اور یورپی یونین کے تعاون سے چلنے والے ای ایس پی (ESP) پروگرام کے اشتراک سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یو این ویمن عائشہ وودو، ایم ایچ ڈبلیو جی سیکرٹریٹ کی شریک چیئرپرسن زلیخا کریم بلیدی نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 48 شیری رحمان

کی چیئرپرسن سینیٹر شیری رحمن نے کہا کہ آبادی میں بے ہنگم اضافہ ملک کے وسائل کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ انہوں نے مانع حمل ادویات اور اشیاء پر عائد ٹیکس فوری طور پر ختم کرنے اور وفاقی و صوبائی سطح پر مضبوط سیاسی عزم کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آبادی کے مسئلے کو قومی اور خاندانی دونوں سطحوں پر سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے تاکہ بجٹ سازی کے عمل میں اسے ترجیح دی جا سکے۔ وزارت خزانہ کے مشیر برائے خصوصی اقدامات عدنان پاشا صدیقی نے اپنے کلیدی خطاب میں آبادی میں اضافے کو پاکستان کی معیشت کے لیے بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر ماضی میں آبادی کی شرح نمو کو مؤثر انداز میں کنٹرول کیا جاتا تو آج پاکستان کی فی کس آمدن اور مجموعی قومی پیداوار کہیں بہتر ہوتی۔ انہوں نے این ایف سی ایوارڈ کے فارمولے پر نظرثانی، مالیاتی ترجیحات کے از سر نو تعین اور طویل المدتی قومی پروگرام برائے استحکام آبادی کی ضرورت پر زور دیا معروف ماہر معاشیات ڈاکٹر حمید مختار نے کہا کہ وفاقی ترقیاتی بجٹ کے حجم کے باوجود آبادی سے متعلق ترجیحات کے لیے مختص فنڈز انتہائی محدود ہیں، جو وسائل کی کمی نہیں بلکہ ترجیحات کے فقدان کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان میں یو این ایف پی اے کی بین الاقوامی فیملی پلاننگ ایڈوائزر ڈاکٹر میلا نیا بداوت نے خاندانی منصوبہ بندی کے شعبے میں مالیاتی خلا کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ فیملی پلاننگ نہ صرف صحت کے شعبے میں اہم سرمایہ کاری ہے بلکہ اس کے معاشی اور سماجی فوائد بھی نمایاں ہیں۔ انہوں نے پاکستان پاپولیشن فنڈ کو فعال بنانے، مختص فنڈز کو محفوظ بنانے اور مانع حمل اشیاء پر ٹیکس کے خاتمے کو فنانس بل کا حصہ بنانے پر زور دیا قومی اسمبلی کے رکن ڈاکٹر فاروق ستار کی زیر نگرانی ہونے والے مباحثے میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والے قانون سازوں نے شرکت کی اور آبادی کے مسئلے پر مشترکہ سیاسی اتفاق رائے کا اظہار کیا۔ شرکاء نے این ایف سی فارمولے پر نظرثانی، وسائل کی تقسیم کو انسانی ترقی کے اشاریوں سے منسلک کرنے، علاقائی تفاوت کم کرنے اور بنیادی سطح پر خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ڈاکٹر فاروق ستار نے مقامی حکومتوں کو آبادی کے استحکام کی حکمت عملی میں شامل کرنے اور پروگرام کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی اہمیت بھی اجاگر کی۔

بقیہ 49 مولانا قادر لونی

"قافلے پر حملہ اور گرفتاریاں اسرائیل کی کھلی دہشت گردی" "اور عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے اسرائیل نے بربریت اور دہشت سے انسانیت کی تمام حدیں پار کر دیا۔ اسرائیل کی جنگی جرائم، نسل کشی اور انسانیت کے خلاف جرائم پر انسانی حقوق کے نام نہاد اداروں کی آنکھوں پر پٹی لگی ہوئی ہے اسرائیل نے صمود فلوٹیلا قافلے پر حملے سے دہشتگردی اور انتہا پسندی کا جو راستہ اختیار کیا ہے اس پر اقوام متحدہ اور عالمی قوتوں کا شرمناک کردار کھل کر اسرائیل کی حمایت کی مترادف ہے انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے غاصبانہ قبضے کے بعد امدادی قافلے پر حملہ کر کے بین الاقوامی قوانین کی دھجیاں اڑا دی ہیں اسرائیل نے ظلم وستم کی انتہا کر دی انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ اور نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیموں کو اسرائیل کی ظلم و بربریت اور انسانیت کی نسل کشی دکھائی نہیں دے رہی ہے اسرائیل نے صمود فلوٹیلا قافلے پر حملے سے دہشتگردی اور انتہا پسندی کی جو راستہ اختیار کیا ہے اس پر اقوام متحدہ اور عالمی قوتوں کی شرمناک کردار کھل کر اسرائیل کی حمایت کی مترادف ہے۔

پاک چائنا دوستی باہمی اعتماد و تعاون پر استوار ہے، گورنر بلوچستان

دونوں ممالک خطے کے پائیدار امن اور اقتصادی ترقی کے فروغ میں قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں

بلوچستان اپنی جغرافیائی اہمیت کے باعث سی پیک کی تکمیل سے معاشی و تجارتی سرگرمیوں کا اہم مرکز بن جائیگا، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پاک چین سیاسی، سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان محکمے کے بجٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان بھر میں نوجوانوں کو بااختیار بنانا حکومتی ترجیح ہے

وزیراعظم پاکستان کے وژن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے باصلاحیت اور باہمت نوجوانوں کو تکنیکی مہارتوں، ڈیجیٹل خواندگی، کاروباری مواقع، زرعی پروگرامز اور نوجوانوں کے قرضہ اسکیموں کے ذریعے بااختیار بنانا حکومت کی ترجیح ہے۔

بحریہ کے افسران اور جوانوں کو عسکری اعزازات سے نوازا گیا

18 افسران کو ستارہ امتیاز، 11 کو تمغہ امتیاز اور درجنوں جوانوں کو تمغہ خدمت تفویض

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

کراچی (بیورو رپورٹ) پاک بحریہ کے افسران، جوانوں اور سویلینز کی بے لوث اور گراں قدر خدمات کے اعتراف میں بحریہ آڈیٹوریم کراچی میں ایک پروقار تقریب تقسیم اعزازات کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ نیول چیف نے مادر وطن کے دفاع اور پاک بحریہ کے لیے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 18 افسران کو 'ستارہ امتیاز (ملٹری)' اور 11 افسران کو...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

جدید تعلیمی مواقع قومی ترقی و استحکام کیلئے ناگزیر ہے، سیدال ناصر

تعلیمی اداروں کو جدید تحقیق، انفراسٹرکچر و سہولیات سے مزید مضبوط بنایا جائے

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معیاری اور جدید تعلیمی مواقع فراہم کرنا قومی ترقی اور پائیدار استحکام کے لیے ناگزیر ہے، صوبے میں نئی جامعات کے قیام کے ساتھ ساتھ موجودہ تعلیمی اداروں کو جدید تحقیق، انفراسٹرکچر، ڈیجیٹل سہولیات اور تدریسی وسائل سے مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ طلبہ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تعلیم فراہم کی جا سکے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو چیئرمین...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان معرکہ حق بلوچستان ہنٹس کے حوالے سے تقاریب جاری

23 مئی کو خواتین اور 24 مئی کو فیملی میلے کا انعقاد ہوگا، فرح عظیم شاہ

کوئٹہ (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ ایمان معرکہ حق بلوچستان ہنٹس کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس میں صوبہ بھر سے سینکڑوں خواتین اور مرد حصہ لے رہے ہیں، 23 مئی کو خواتین اور 24 مئی کو فیملی میلے کا انعقاد ہوگا جس کا مقصد نوجوانوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان ہنٹس میں تین سو نوجوان گاڑیوں کے ایڈیشن میں حصہ لے رہے ہیں خوشی کی بات یہ ہے اس ایڈیشن میں لڑکیوں کی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مسجد روڈ پر شہری سے لوٹ مار، ایک ملزم گرفتار، دو فرار

کوئٹہ (اے این این) مسجد روڈ پر تین نامعلوم افراد نے بینک سے رقم نکلوا کر آنے والے شہری کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا۔ ذرائع کے مطابق ملزمان شہری سے تقریباً ساڑھے تین لاکھ روپے چھین کر فرار ہو رہے تھے کہ شہری اور اہل علاقہ کی جانب سے تعاقب کیا گیا۔ تعاقب کے دوران ملزمان کی گاڑی بے قابو ہو کر بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔۔۔

عیدالاضحیٰ سے قبل مہاجرین کی وطن واپسی کے اقدامات میں تیزی

کوئٹہ (یو این اے) عیدالاضحیٰ سے قبل حساس اداروں، ایف سی، پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے افغان مہاجرین کی وطن واپسی کے عمل میں غیر معمولی تیزی آ گئی ہے، جبکہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں بھی مزید تیز کر دی گئی ہیں۔ حکام کے مطابق، حکومت پاکستان کی وضع کردہ پالیسی کے تحت افغان مہاجرین کی واپسی کا عمل مرحلہ وار جاری ہے۔۔

انسانی اعضا کی خرید و فروخت و پیوندکاری، 9 افراد گرفتار

ایف آئی اے کا اسلام آباد کے معروف نجی ہسپتال میں چھاپہ

گردے نکالنے کیلئے آپریشن جاری تھا، ہسپتال ملازم بھی ملوث

اسلام آباد (ایجنسیاں) ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ایچ ای سی جامع اصلاحات لا رہی ہے، چیئرمین ڈاکٹر نیاز اختر

صوبائی ایچ ای سی اور اعلیٰ تعلیم کے محکموں کیساتھ ہم آہنگی کو بڑھایا گیا ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بارکھان میں آسمانی بجلی گرنے سے نوجوان جاں بحق

دوسرا ساتھی جھلس کر شدید زخمی، علاج کیلئے ڈیرہ غازی خان منتقل

بارکھان (یو این اے) بارکھان کے قریبی علاقے تھمزا کنڈیلی میں اچانک آسمانی بجلی گرنے کا ایک انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ پیش آیا ہے۔ آسمانی بجلی گرنے کے اس ناگہانی واقعے کے نتیجے میں موقع پر موجود ایک لڑکا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، جبکہ دوسرا لڑکا شدید طور پر جھلس کر زخمی ہو گیا۔ واقعے کے فوراً بعد مقامی لوگوں اور امدادی رضا کاروں نے کارروائی کرتے ہوئے شدید زخمی لڑکے کو فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

منصوبوں کی تکمیل سے انقلابی تبدیلیاں آئی گی، میر سلیم کھوسہ

بی ایس ڈی آئی کے تمام منصوبے عوامی فلاح کیلئے اہمیت کے حامل ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے تحت بلوچستان بھر میں جاری ترقیاتی منصوبے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں جن کی تکمیل سے صوبے کے انفراسٹرکچر میں نمایاں اور انقلابی تبدیلیاں رونما ہوں گی جبکہ ان کے مثبت اثرات صوبے کی مجموعی ترقی اور عوامی سہولیات کی بہتری پر مرتب ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں بی ایس ڈی آئی فیز ون اور فیز ٹو کے تحت جاری ترقیاتی...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کالج آف نرسنگ ٹیچنگ ہسپتال پشین کے زیر اہتمام نرسنگ ڈے کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے شرکاء

زیر زمین پانی کی گرتی سطح بلند کرنے کیلئے واٹر چینلز کی تعمیر ناگزیر ہے، کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ میں ہر سال بارشوں کے موسم میں برساتی پانی مختلف نالوں کے ذریعے ضائع ہو جاتا ہے، شاہ زیب کاکڑ

برساتی پانی کو موثر انداز میں محفوظ کیا جائے تو مستقبل میں شہر کو ماحولیاتی اور آبی بحران سے بچایا جا سکتا ہے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ماسٹر پلان اور واٹر ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی فورم آن پاپولیشن کے پری بجٹ اجلاس میں اراکین اسمبلی اور بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں کا گروپ فوٹو

خضدار میں منشیات فروش گرفتار، بھاری مقدار میں چرس برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) ...... نے ملزم کے خلاف سٹی تھانہ میں فوری مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم سے مزید اہم انکشافات متوقع ہیں

حکومت وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، اعظم تارڑ

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے اسلام آباد میں انکے دفتر میں اینڈ پینڈنٹ وکلاء پینل کے رہنما سابق وائس چیئرمین بلوچستان بار ایڈووکیٹ خلیل احمد پانیزئی ہائیکورٹ بار کے نائب صدر ایڈووکیٹ عصمت اللہ اچکزئی، ملک یونس و معززین دیگر نے ملاقات کی۔ ایڈووکیٹ خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ عصمت اللہ اچکزئی نے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کو کوئٹہ بار، ہائیکورٹ بار اور بلوچستان بھر کے وکلا کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ وکلا کے فلاح و بہبود اور ان کے مسائل حل کرنے کے لئے دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے۔

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ دوبارہ صوبائی اسمبلی میں ٹیبل کیا جائے گا

نیشنل پارٹی اور دیگر جماعتوں نے متفقہ سفارشات حکومت کو فراہم کر دیں

حکومت کے رجوع کرنے پر پارٹی نے عدالتی پٹیشن مشروط طور پر واپس لی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ دوبارہ صوبائی اسمبلی میں ٹیبل کیا جائے گا۔ حکومت نے اپوزیشن جماعتوں سے حل کے حوالے سے باضابطہ تجاویز طلب کی ہیں، جس پر نیشنل پارٹی نے دیگر اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ مل کر متفقہ سفارشات مرتب کر کے حکومت کو فراہم کر دی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک مکمل سیاسی و جمہوری جماعت ہے اور مکالمے کو جمہوری عمل کا بنیادی حصہ ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

عدالتی نظام اور انصاف کی فراہمی پر مکمل اعتماد رہے، ثمینہ ممتاز زہری

قانون کی بالادستی اور عدلیہ کا احترام جمہوری نظام کی بنیاد ہے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اپنے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عدالتی نظام اور انصاف کی فراہمی پر مکمل اعتماد رکھتی ہیں۔ ان کے مطابق عدالت کا احترام ہر شہری پر لازم ہے اور انصاف کے فیصلوں کو کھلے دل سے قبول کرنا ایک مہذب معاشرے کی پہچان ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیشن جج حب کی جانب سے سنایا گیا فیصلہ انصاف کے تقاضوں کے...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور، جرم ثابت ہونے پر ملزم کو پھانسی کی سزا کا حکم

پنجگور (یو این اے) ایڈیشنل سیشن جج پنجگور راسد اللہ ریئسانی کی معزز عدالت نے قتل کے ایک اہم مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عزیز ولد نور بخش سکنہ زعمران کو، مقتول شیر خان ولد دھرگ سکنہ دالبدین کو بے دردی سے قتل کرنے کا جرم ثابت ہونے پر پھانسی کی سزا کا حکم سنا دیا ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں مجرم کو مقتول کے لواحقین کو دس لاکھ روپے بطور معاوضہ ادا کرنے کا بھی سخت حکم جاری کیا ہے۔

خواتین کے بنیادی حقوق کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، راحیلہ حمید درانی

یونیسیف خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے کئی اقدامات کر رہا ہے، رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے چیئرپرسن عبداللہ خان، ایم ایچ ایم ڈبلیو جی سیکرٹریٹ کی چیئرپرسن ڈاکٹر طاہرہ کمال، ڈبلیو ایف پی کی صوبائی سربراہ ڈاکٹر فاریہ احسن، پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کے صوبائی سربراہ عبدالرحمن سمیت دیگر نے بلوچستان کی سیاسی و سماجی قیادت نے خواتین اور لڑکیوں کی بہبود کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا اور...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں نے آئی ایم ایف کے کہنے پر غریب عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، سیاسی رہنما

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے، عوام حکمرانوں کیخلاف سڑکوں پر نکلنے کیلئے تیار ہے، مولانا ہدایت الرحمن

یہ مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ عوامی ہے پیٹرول ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے سے اشیاء کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، داؤد شاہ کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف اور حکمرانوں کی گٹھ جوڑ نے غریب عوام کی زندگی اجیرن بنانے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں جو بے تحاشا اضافہ کر دیا گیا جس سے روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں بھی دوگنا وفیصد اضافہ ہوا جس سے تمام اشیاء غریب عوام کی دسترس سے باہر ہو چکی ہے حکومت اس پر نظر ثانی کرتے ہوئے پیٹرولیم مصنوعات کی...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کوئٹہ ماسٹر پلان میں واٹر چینلز منصوبے بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غریب ٹیکسوں کے بوجھ تلے زندگی گزار رہے ہیں، سینیٹر عبدالقادر

عوام کی نظریں بجٹ پر ہیں کہ آیا ریلیف ملے گا یا مزید مشکلات پیدا ہوگی

عوام اب ایسے بجٹ کی توقع رکھتے ہیں جس میں حقیقی ریلیف شامل ہو، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ 27-2026 کا بجٹ ایسے وقت میں پیش کیا جا رہا ہے جب ملک کا عام شہری شدید معاشی دباؤ، مہنگائی، بے روزگاری اور مسلسل بڑھتے ہوئے ٹیکسوں کے بوجھ تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہے روپے کی قدر میں مسلسل کمی، بجلی و گیس کے بھاری بل، پٹرولیم مصنوعات کی بلند قیمتیں اور روزمرہ اشیائے ضروریہ کی مہنگائی نے متوسط اور غریب طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ ایسے میں قوم کی نظریں حکومت پر مرکوز ہیں کہ آیا نیا بجٹ عوام کو ریلیف دے گا یا...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

آبادی میں بے ہنگم اضافہ ملکی وسائل کیلئے بڑا چیلنج بن چکا ہے، سینیٹر شیری رحمن

مانع حمل ادویات اور اشیاء پر عائد ٹیکس فوری طور پر ختم کر کے ملک سطح پر مضبوط حکمت عملی کی ضرورت ہے

آبادی سے متعلق ترجیحات کیلئے مختص فنڈز انتہائی محدود ہیں، شرکاء کی پارلیمانی فورم برائے پاپولیشن میں گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پارلیمانی فورم برائے پاپولیشن (پی ایف پی) کے پری بجٹ اجلاس میں وفاقی بجٹ 27-2026 سے قبل آبادی میں اضافے سے متعلق مالیاتی اور پالیسی ترجیحات پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں سینیٹرز، قومی و صوبائی اسمبلیوں کے اراکین، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کے نمائندوں سمیت چالیس سے زائد پارلیمنٹیرینز نے شرکت کی۔ اجلاس کا انعقاد پاپولیشن کونسل نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے آبادی (یو این ایف پی اے) کے تعاون سے کیا اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے پارلیمانی فورم برائے پاپولیشن...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج سے اختر بلوچ، شاہجہان گجر و دیگر پارٹی ورکرز ملاقات کر رہے ہیں

پولیس کا آپریشن جاری، 43 اشتہاری، 288 مفرور گرفتار

مختلف جرائم میں مطلوب 556 ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے، رپورٹ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی فرائض کی ادائیگی کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کو پرامن اور جرائم سے پاک ماحول فراہم کرنے کے حوالے سے متحرک ہے اس حوالے سے صوبہ بھر میں کوئٹہ سمیت 7 رینجز کے تمام اضلاع میں اشتہاری، مفرور اور مطلوب کے خلاف مہم جاری ہے۔ اشتہاری، مفرور و مطلوب اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرنے والے سرفہرست اضلاع کے پولیس اہلکاروں کو اعلیٰ کارکردگی پر نقد انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا جاتا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز کے مطابق...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

چمن میں غیر معیاری کولڈ رنک پینے سے بچے کی ہلاکت کا نوٹس

فوڈ اتھارٹی کی فوری کارروائی، کولڈ رنک کے نمونے لیبارٹری بھجوا دیئے

چمن کے ڈاکٹروں نے کولڈ ڈرنک کو بچے کی موت کی حتمی وجہ قرار نہیں دیا

چمن (خ ن) چمن میں مبینہ طور پر کولڈ ڈرنک پینے سے ایک بچے کی ہلاکت کے واقعہ پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے فوری ردعمل دیتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے کی خصوصی ہدایت پر فوڈ سیفٹی ٹیم اور موبائل لیب نے ضلع چمن کا خصوصی دورہ کیا اور واقعہ کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تحقیقاتی کارروائی کے دوران بی ایف اے ٹیم نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چمن فدا محمد سے ملاقات کر کے واقعہ سے متعلق ابتدائی معلومات حاصل کیں۔ بعدازاں سول ہسپتال چمن کے ایم ایس ڈاکٹر اولیس اور میڈیکل آفیسر ڈاکٹر ظہور سے بھی ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گلوبل صمود فلوٹیلا قافلے پر حملہ اسرائیل کی کھلی دہشت گردی ہے، مولانا قادر لونی

اسرائیل کے جنگی جرائم، نسل کشی اور انسانیت کیخلاف جرائم پر انسانی حقوق کے اداروں کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی ہے

قافلے پر حملے سے انتہا پسندی کا جو راستہ اختیار کیا اس پر اقوام متحدہ کا شرمناک کردار کھل کر سب کے سامنے آ گیا، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الصمدی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی ناظم دوئم قاری مہراللہ مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے گلوبل صمود فلوٹیلا "قافلے پر حملہ اور گرفتاریاں کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گلوبل صمود فلوٹیلا...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹریفک بلوچستان، ڈائریکٹر گرلز تعمیر نو پبلک کالج بدھ کو طلباء سے ٹریفک کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

خاران میں ڈکیتیوں کیخلاف شہریوں کا تیسرے روز دھرنا

متاثرین کی جانب سے چیف چوک احتجاج ٹریفک کا نظام متاثر رہا

خاران (نمائندہ خصوصی محمد عیسیٰ محمد حسنی) خاران میں چوری ڈکیتی بدامنی کے خلاف تیسرے روز بھی میں دھرنا جاری رہی اس دوران ٹریفک کا نظام متاثر رہا دھرنا شرکاء سے میر عادل نوشیروانی عزیز اکرم ...

بلوچستان کے ٹیکنیکل اداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنائینگے، حمود الرحمن

سی پیک اور ریکوڈک جیسے بڑے منصوبوں کے تناظر میں بلوچستان میں ہنرمند افرادی قوت کی طلب بڑھ گئی ہے

موجودہ دور میں فنی تعلیم کی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ ہو چکا ہے، ایم ڈی پی ٹوٹیا کا تربیتی ورکشاپ میں خطاب

کوئٹہ (خ ن) پی ٹیوٹا کے مینجنگ ڈائریکٹر حمود الرحمن نے کہا ہے کہ صوبے بھر کے ٹیکنیکل اداروں کی ری اسٹرکچرنگ کی جائے گی تاکہ انہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا سکے۔ اس مقصد کیلئے نہ صرف ادارہ جاتی اصلاحات کی جائیں گی بلکہ تدریسی و انتظامی عملے کو بھی جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے باقاعدہ تربیتی پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار انہوں نے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی کے قریب گاڑی الٹنے سے ڈی آئی جی پولیس لورالائی زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے قریب گاڑی الٹنے سے ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق لورالائی کے علاقے بی آر سی کالج کے قریب ...

کوئٹہ کے علاقے سرانان میں اینٹوں کے بھٹے سے اٹھنے والا دھواں ماحولیاتی آلودگی کا سبب بن رہا ہے

جبری گمشدگی کسی پارٹی کا مسئلہ نہیں، مولانا ہدایت الرحمن

سیاسی قیادت اور متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے کہ شفاف تحقیقات یقینی بنائیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا انسانی مسئلہ زندہ انسانوں کا ماورائے آئین و قانون غائب ہونا ہے۔ ایک فرد کے غائب ہونے سے خاندان تباہ و برباد ہو جاتا ہے دوسری جانب لاپتہ فرد کے ملنے کے بجائے مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں۔ عدالت و قانون اور...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوا وطن کے عوام مسائل سے دوچار ہیں، پشتونخوا نیپ

30 مئی کو برشور اور 31 مئی شیرانی میں جلسے منعقد کیے جائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عیدالاضحیٰ کے چوتھے روز، 30 مئی بروز ہفتہ کو برشور بازار میں ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا، جبکہ عید کے پانچویں روز، 31 مئی بروز اتوار کو ضلع شیرانی میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع شیرانی ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی باعث تشویش ہے، سینیٹر بلال مندوخیل

آگ جان بوجھ کر لگائی گئی تو اس کے ذمہ داروں کا تعین ہونا ضروری ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سینیٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اور سینیٹ پاکستانی و کامرس کمیٹی کے رکن شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے سینیٹ آف پاکستان کے اجلاس میں کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے معاملے کی شفاف تحقیقات اور پارلیمانی نگرانی کا مطالبہ کر دیا۔ سینیٹ ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں پیٹرول مافیا بے قابو ہو چکا ہے، قاری مہر اللہ

ایرانی پیٹرول 300 روپے لیٹر ہو گیا جس سے شہریوں کی چیخیں نکل گئیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ صوبائی ڈپٹی کنوینر مولانا محمود الحسن قاسمی سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مولانا نیاز محمد مولانا خدائے نظر میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ مولانا شاہ محمد مولانا رحمت اللہ حقانی صوبائی مالیات سیکرٹری مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی نے کہا کہ پیٹرول مافیا بے قابو ہو چکا ہے کنٹرول اور...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

استحصالی نظام کیخلاف جدوجہد جاری رکھیں گے، عبدالرحمن رفیق

جمعیت نے ہر دور میں مظلوم و پسے ہوئے طبقات کیلئے موثر آواز بلند کی، ضلعی امیر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب ایوبی، شیخ مولانا عبدالاحد، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ہزارہ قوم کی یوم ثقافت کے سلسلے میں کامیاب تقریبات جاری

خواتین، بچوں بوڑھوں کی کلچرل ڈے کے پروگراموں میں بھرپور شرکت

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں دنیا بھر میں ہزارہ قوم کے نمائندہ اداروں کی جانب سے ہزارہ قوم کی یوم ثقافت کے سلسلے میں کامیاب تقریبات کے انعقاد اور ان تقاریب میں قوم کے مرد و زن کی بھرپور شرکت اور اپنے کلچرل ڈے کو انتہائی جوش و خروش سے منانے کے اقدام کو ہزارہ قوم کی بیداری اور مذہبی انتہاپسندی سے انکار کا عمل...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

TAMEER-I-NAU TRUST SECRETARIAT
Tameer-i-Nau Public College Compound
Opp: Police Line, Gulistan Road Quetta
Phone: 081-2825432
www.tameerinau.edu.pk